# 2

# قرض نامے (ڈبنچرز) کا اجرا اور ان کی بازادائیگی (واپسی)
# (Issue and Redemption of Debentures)

## مقاصد آموزش

اس باب کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ:

- ڈبنچر سرمایہ کے بارے میں بتاسکیں گے اور شیئر (حصہ) ڈبنچر (قرض نامہ) کے درمیان فرق واضح کرسکیں گے۔
- مختلف قسم کے قرض ناموں کے بارے میں بیان کرسکیں گے۔
- ڈبنچرز کا برابری (مساوی) پر، بٹہ پر اور پریمیم پر اجرا کا روزنامچہ میں اندراج کرسکیں گے۔
- ڈبنچر کے نقد بدل پر اجرا کے تصور اور اس کے حسابی عمل کی وضاحت کرسکیں گے۔
- ضمانتی سیکورٹی کی حیثیت سے ڈبنچر اجرا کے تصور اور اس سے متعلق حسابی عمل کی وضاحت کرپائیں گے۔
- ڈبنچر اجرا اور ان کی بازادائیگی کے سلسلے میں روزنامچہ اندراجات مندرج کرپائیں گے۔
- کمپنی کے تختہ توازن میں ڈبنچر اجرا سے متعلق مختلف مدوں کو ظاہر کرسکیں گے۔
- بٹہ (کٹوتی) کو قلم زد کرنے اور ڈبنچر کے اجرا پر نقصان کے طریقوں کے بارے میں بتاسکیں گے۔
- ڈبنچرز کی بازادائیگی کے مختلف طریقوں اور اس سے متعلق حسابی عمل کے متعلق بیان کرسکیں گے۔
- بازادائیگی ذخیرہ (سنکنگ فنڈ) کے تصور، ڈبنچرز کی بازادائیگی، اس کا استعمال اور اس سے متعلق حسابی عمل کے تصور کی وضاحت کرسکیں گے۔

کمپنی اپنا سرمایہ اجرا حصص کے ذرائع سے اکٹھا کرتی ہے، لیکن اجرا حصص کے ذریعے اکٹھا کیا گیا سرمایہ کمپنی کی طویل مدتی مالیاتی ضروریات پورا کرنے میں شاذونادر ہی کافی ہوتا ہے لہٰذا زیادہ تر کمپنیاں قرض ناموں کے توسل سے طویل مدتی سرمائے کی جانب رخ کرتی ہیں۔ وہ یا تو نجی تعیناتی اداروں یا پھر عوام کو چندہ کی اعانت کے لیے ڈبنچرز جاری کرکے سرمایہ اکٹھا کرتی ہیں۔ قرض ناموں کے ذریعے اکٹھا کیا گیا سرمایہ بھی طویل مدتی قرض کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس باب کا تعلق قرض ناموں کے اجرا اور ان کی واپسی کے حسابی عمل سے ہے۔

## فصل I

### 2.1 قرض ناموں (ڈبنچرز) کا مطلب

ڈبنچر (قرض نامہ): لفظ ڈبنچر لاطینی لفظ 'ڈبیئر' سے ماخوذ ہے جس کا مطلب ہے 'ادھار'۔ قرض نامہ ایک تحریری دستاویز ہے جو کمپنی مہر کے تحت قرض کو تسلیم کرتا ہے۔ یہ ایک مقررہ مدت، وقفے یا کمپنی کی مقررہ میعاد اور مقررہ شرح ششماہی یا سالانہ اور مقررہ مورخہ پر اصل زر کی ادائیگی کے معاہدے پر مشتمل ہوتا ہے کمپنیز ایکٹ 1956 کی دفعہ 2(12) کے مطابق ڈبنچر، ڈبنچر اسٹاک (ذخیرہ) بانڈ یا پھر کمپنی کی کسی دیگر ضمانت پر مشتمل ہوتا ہے خواہ کمپنی کے اثاثوں پر بار ہو یا نہ ہو۔

**ای ٹامس:** ڈبنچر کمپنی مہر کے تحت ایک دستاویز ہوتی ہے جو اصل زر اور اس پر سود کی وقتاً فوقتاً ادائیگی فراہم کرتی ہے جو عموماً کمپنی کی جائیداد پر مقررہ یا رواں محفوظ بار (خرچ) ہوتا ہے اور جو کمپنی کے قرض کو تسلیم کرتی ہے۔''

**ٹاپ ہیم:** ڈبنچر اس کے حامل کو کمپنی کے ذریعے بطور شہادت دی گئی ایک دستاویز ہوتی ہے جو عام طور پر قرض لیتے وقت دینا ہوتی ہے اور عام طور سے اس کی حصولیابی چارج کے ذریعے ہوتی ہے۔

**چٹی جے:** ''ڈبنچر'' سے مراد ایک ایسی دستاویز ہوتی ہے جو یا تو قرض عائد ہوتا ہے یا اسے تسلیم کرتی ہو اور کوئی بھی ایسی دستاویز جو دونوں میں سے کسی ایک شرط کو پورا کرتی ہو ڈبنچر کہلائے گی۔''

بانڈ: بانڈ بھی قرض کو تسلیم کرنے والی ایک دستاویز ہوتی ہے۔ روایتی طور پر سرکار بانڈ جاری کرتی تھی لیکن آج کل بانڈ نیم سرکاری اور غیر سرکاری تنظیمیں بھی جاری کرتی ہیں۔ قرض نامے ڈبنچر اور بانڈ کی اصطلاحات اب مبادلہ کے طور پر استعمال کی جاتی ہیں۔

## 2.2 حصص اور ڈبنچرز کے درمیان امتیاز

**ملکیت:** حصہ دار کمپنی کا مالک ہوتا ہے جب کہ حامل ڈبنچر صرف قرض کا لینے والا ہوتا ہے۔ شیئر ذاتی سرمایہ کا جزو ہے جب کہ ڈبنچر قرض لیے گئے سرمایہ کا حصہ ہے۔

**واپسی:** حاصل شیئر نفع اور حاصل ڈبنچر سود کہلاتا ہے۔ شیئر پر شرح حاصل سالہا سال تبدیل ہوتی رہتی ہے جو کہ کمپنی کے منافع پر منحصر ہے جب کہ ڈبنچرز پر شرح سود پہلے سے متعین ہوتی ہے۔ منافع کی ادائیگی اور اس کی ادائیگی نفع نہ ہونے کی صورت میں بھی کرنی ہوتی ہے۔

**رقم کی ادائیگی:** عام طور پر شیئرز کی رقم کمپنی کے وجود کے دوران واپس نہیں کی جاتی ہے جب کہ ڈبنچرز کو ایک مخصوص مدت کے لیے جاری کیا جاتا ہے اور ڈبنچرز کی رقم ایک مدت کے بعد واپس کر دی جاتی ہے تاہم 1998 میں کمپنیز ایکٹ 1956 میں ترمیم سے کمپنیوں کو ان کے خود کے شیئرز کو بازار سے واپس خریدنے کی اجازت حاصل ہوگی بطور خاص اس وقت جب اس کے شیئرز کی قیمت بازار میں اندراجی مالیت سے کم ہوتی ہے۔

**ووٹنگ کا حق:** حصہ دار کو کمپنی کے انتخابات میں حصہ لینے کا حق ہوتا ہے جب کہ ڈبنچر رکھنے والے افراد عام طور پر ووٹنگ کے حق سے محروم ہوتے ہیں۔

**بٹہ پر اجرا:** شیئرز و ڈبنچرز دونوں ہی بٹہ پر جاری کیے جاسکتے ہیں تاہم شیئرز کمپنیز ایکٹ 1956 کی دفعہ 79 کے مطابق بٹہ پر جاری کیے جاسکتے ہیں جس میں بٹہ کی شرح شیئرز کی ظاہری قیمت کے 10 فی صد سے تجاوز نہ کرنے کی شرط لگادی گئی ہے۔

**تحفظ:** شیئرز کسی بھی بار (معاوضہ) کے اعتبار سے محفوظ نہیں ہوتے جب کہ ڈبنچر ز عام طور پر محفوظ ہوتے ہیں اور کمپنی کے اثاثوں پر مقررہ یا رواں بار (معاوضہ) رکھتے ہیں۔

**تغیر پذیری (تبدیلی):** شیئرز ڈبنچر ز میں تبدیل نہیں ہوسکتے جب کہ ڈبنچر ز شیئرز میں تبدیل ہوسکتے ہیں بشرطیکہ شرائط اجرا اس طرح کی سہولت فراہم کرے۔ اس معاملے میں انھیں قابل تبدل ڈبنچر کے نام سے جانا جاتا ہے۔

## 2.3 قرض نامے (ڈبنچر) کی قسمیں

کمپنی مختلف قسم کے ڈبنچر ز جاری کرسکتی ہے جن کی ہم مندرجہ ذیل طور پر درجہ بندی کر سکتے ہیں:

### 2.3.1 تحفظ کے نقطہ نظر سے

(a) محفوظ قرض نامے (ڈبنچر ز): محفوظ ڈبنچر ز سے مراد وہ قرض نامے ہوتے ہیں کہ جہاں عہد شکنی کی صورت میں ادائیگی کے مقصد کے لیے کمپنی کے اثاثوں پر ایک بار عائد کیا جاتا ہے۔ یہ بار مقررہ یا رواں ہوسکتا ہے۔ مقررہ بار مخصوص اثاثوں اور رواں بار کمپنی کے عام اثاثوں پر عائد کیا جاتا ہے۔ مقررہ باران اثاثوں کے برخلاف عائد کیا جاتا ہے جو کمپنی کے پاس کاروبار کو چلانے کے لیے ہوتے ہیں نہ کہ فروخت کے لیے جب کہ رواں بار دے گئے محفوظ شدہ قرض داروں کو نکال کر باقی تمام اثاثوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

(b) غیر محفوظ قرض نامے (ڈبنچر ز): غیر محفوظ ڈبنچر ز کمپنی کے اثاثوں پر مخصوص بار نہیں رکھتے تاہم عہد شکنی کی صورت میں ان قرض ناموں پر رواں بار عائد کیا جاسکتا ہے۔ عام طور پر اس قسم کے ڈبنچر ز جاری نہیں کیے جاتے ہیں۔

### 2.3.2 میعاد کے نقطۂ نظر سے

(a) تلافی پذیر (قابل ادائیگی) قرض نامے (ڈبنچر ز): تلافی پذیر ڈبنچر ز وہ ہوتے ہیں جو کمپنی کے دوران عمل ایک مخصوص مدت کے ختم ہونے پر مجموعی طور پر یا قسطوں میں کمپنی کے چلتے ہوئے ہی قابل ادائیگی ہوتے ہیں۔ ڈبنچر ز کی مساوات یا پریمیم پر باز ادائیگی کی جاسکتی ہے۔

(b) غیر معیاری، قرض نامے (ڈبنچر ز): غیر معیاری ڈبنچر ز دوامی ڈبنچر ز کے نام سے بھی جانے جاتے ہیں کیونکہ کمپنی ایسے ڈبنچر ز جاری کر کے قرض لی گئی رقم کی مکرر ادائیگی کی کوئی ذمہ داری نہیں دیتی ہے۔ یہ ڈبنچر ز کمپنی کے ختم ہونے یا طویل مدت کے اختتام پر قابل ادائیگی ہوتے ہیں۔

### 2.3.3 تبدل کے نقطۂ نظر سے

(a) قابل بدل قرض نامے (ڈبنچر ز): وہ ڈبنچر ز جو ایکویٹی حصص یا کسی دوسرے قسم کی سیکورٹی میں کمپنی کے یا پھر حامل ڈبنچر ز کے اختیار سے قابل بدل ہوتے ہیں انھیں قابل تبدل ڈبنچر ز کہا جاتا ہے۔ یہ ڈبنچر ز جزوی یا پورے طور پر قابل بدل ہوتے ہیں۔

(b) نا قابل بدل (ڈبنچر ز): وہ ڈبنچر ز جو حصص یا کسی دوسرے قسم کی سیکورٹی میں تبدیل نہ ہوسکیں وہ نا قابل بدل ڈبنچر ز کہلاتے ہیں۔ زیادہ تر کمپنیوں کے ذریعے جاری کردہ ڈبنچر ز اسی زمرہ میں آتے ہیں۔

### 2.3.4 کوپن شرح کے نقطۂ نظر سے

**مخصوص کوپن شرح قرض نامے (ڈبنچرز) مخصوص کوپن شرح ڈبنچرز:** یہ ڈبنچر ز مقررہ شرح سود پر جاری کیے جاتے ہیں جو کوپن شرح کہلاتا ہے۔ مخصوص شرح مقررہ یا رواں دونوں ہی طرح کی ہوسکتی ہیں۔ رواں شرح سود عموماً بینک کی شرح سے منسلک ہوتی ہے۔


**صفر کوپن شرح قرض نامے (ڈبنچرز):** ان ڈبنچر ز پر شرح سود نہیں ہوتی ہے۔ سرمایہ کاروں کی تلافی کی غرض سے اس قسم کے ڈبنچر ز اچھے خاصے بٹہ پر جاری کیے جاتے ہیں اور ان کی ظاہری اور اجرئی قیمت کا فرق سود گردانا جاتا ہے جو ڈبنچر ز کی مدت سے متعلق ہوتا ہے۔

### 2.3.5 رجسٹریشن کے نقطۂ نگاہ سے

(a) **رجسٹرڈ ڈبنچرز:** رجسٹرڈ ڈبنچر ز وہ ڈبنچر ز ہوتے ہیں جن کے سلسلے میں تمام تفصیلات بشمول نام، پتہ، ڈبنچر رکھنے سے متعلق تفصیلات وغیرہ کمپنی کے رجسٹر میں درج کی جاتی ہیں۔ ایسے ڈبنچر ز کو ایک باقاعدہ بدل نامہ نافذ کرکے منتقل کیا جاسکتا ہے۔

(b) **دستی (بیئرر) قرض نامے (ڈبنچرز):** دستی قرض نامے وہ ڈبنچر ز ہوتے ہیں جو سپردگی کے طور پر منتقل کیے جاسکتے ہیں اور ان کا کمپنی کے پاس کوئی ریکارڈ نہیں ہوتا ہے۔ ان ڈبنچر ز پر سود کے حامل ڈبنچر ز کو منسلک کوپن پیش کرنے پر ادا کر دیا جاتا ہے۔

**ڈبنچر یا بونڈ کی قسمیں**



## 2.4 قرض ناموں (ڈبنچرز) کا اجرا

ڈبنچر اجرا کا طریقہ وہی ہے جو اجرا حصص کا ہوتا ہے۔ سرمایہ کاری کا ارادہ رکھنے والے سرمایہ کار کمپنی کے جاری کردہ پراسپکٹس کی بنیاد پر درخواست دیتے ہیں۔ کمپنی تمام رقم یا تو درخواست پر، الاٹمنٹ پر یا مختلف اقساط طالبی (کالس) پر طلب کرسکتی ہے۔ قرض نامے مساوی قدر پر پریمیم پر یابٹہ (کٹوتی) پر جاری کیے جاسکتے ہیں۔ انھیں نقد کے بدل پر یا ضمانتی سیکورٹی (ضامن در ضامن) پر بھی جاری کیا جاسکتا ہے۔

### 2.4.1 نقد پر قرض ناموں (ڈبنچرز) کا اجرا

جب قرض ناموں کی اجرئی قیمت ظاہری قدر کے برابر ہوتی ہے تو قرض نامے مساوی قدر پر جاری کردہ کہلاتے ہیں۔ ان کے لیے روزنامچہ اندراج درج ذیل ہوگا۔

(a) جب تمام رقم ایک ہی قسط میں موصول ہو جائے

(i) درخواست پر رقم حاصل ہونے پر

بینک کھاتہ ڈبیٹ

ڈبنچر (قرض نامہ) درخواست اور الاٹمنٹ کھاتہ سے

(ii) الاٹمنٹ طلب کرنے پر

ڈبنچر درخواست و الاٹمنٹ کھاتہ

بینک کھاتہ ڈبیٹ

ڈبنچر درخواست کھاتہ سے

(b) اگر قرض ناموں کی رقم دو اقساط میں موصول ہو

(i) زر درخواست موصول ہونے پر

بینک کھاتہ ڈبیٹ

ڈبنچر درخواست کھاتہ سے

(ii) الاٹمنٹ پر زر درخواست کے ایڈجسٹمنٹ کے لیے

ڈبنچر درخواست کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر کھاتہ سے

(iii) زر الاٹمنٹ واجب الادا ہونے کے لیے

ڈبنچر الاٹمنٹ (تفویض) کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر کھاتہ سے

(iv) زر الاٹمنٹ (تفویض) حاصل ہونے پر

بینک کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر الاٹمنٹ (تفویض) کھاتہ سے

(c) اگر ڈبنچرز کی رقم دو سے زائد اقساط میں حاصل ہوتی ہے تو فاضل اندراج:

(i) فرسٹ کال (قسط طالبی اول) طلب کرنے پر

ڈبنچر فرسٹ کال (قرض نامہ قسط طالبی اول) کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر (قرض نامہ) کھاتہ سے

(ii) فرسٹ کال (قسط طالبی اول) کے حاصل ہونے پر

بینک کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر فرسٹ کال (قسط طالبی اول) کھاتہ سے

نوٹ: فرسٹ کال وسیکنڈ کال (اقساط طالبی اول ودوم) کے لیے بھی ایسے ہی اندراجات کیے جاسکتے ہیں۔تاہم عام طور پر درخواست یا دو اقساط کے ساتھ ہی تمام رقم وصول کر لی جاتی ہے یعنی درخواست اور الاٹمنٹ (تفویض) پر دو اقساط سے زائد شاذ و نادر ہی طلب کی جاتی ہیں۔

## مثال 1

ABC لمیٹڈ نے 10,000 روپے کے 100 روپے فی، 12 فی صد ڈبنچرز جاری کیے جو درخواست پر 30 روپے اور باقی رقم الاٹمنٹ پر قابل ادائیگی تھے۔عوام نے 9,000 ڈبنچرز کے لیے درخواستیں دیں جو تمام الاٹ کردی گئیں اور تمام متعلقہ رقم ٹھیک طور پر موصول ہوگئی۔ABC لمیٹڈ کی کتابوں میں روزنامچہ اندراجات کیجیے اور تختہ توازن بھی ظاہر کیجیے۔

حل:

## اے بی سی لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے پیں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 2,70,000 | |
| | 12 فی صد ڈبنچر درخواست کھاتہ سے | | | 2,70,000 |
| | (9,000 قرض ناموں پر زر درخواست موصول ہوا) | | | |
| | 12 فی صد ڈبنچر درخواست کھاتہ ڈیبٹ | | 2,70,000 | |
| | 12 فی صد ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | 2,70,000 |
| | (الاٹمنٹ پر زر درخواست ڈبنچر ز کھاتہ سے منتقل) | | | |
| | 12 فی صد ڈبنچر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 6,30,000 | |
| | 12 فی صد ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | 6,30,000 |
| | 9,000 ڈبنچر ز پر 70 روپے فی ڈبنچر کے حساب سے رقم واجب الادا | | | |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 6,30,000 | |
| | 12 فی صد ڈبنچر الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 6,30,000 |
| | (الاٹمنٹ پر رقم موصول) | | | |

### ABC لمیٹڈ کا تختہ توازن

| واجبات | رقم (روپے میں) | اثاثے | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|
| 12% ڈبنچر ز | 10,00,000 | بینک میں رقم | 10,00,000 |

* برمحل مقروض

### 2.4.2 بٹہ پر قرض ناموں کا اجرا

جب قرض نامہ عمومی قدر سے کم قیمت پر جاری کیا جاتا ہے تو یہ بٹہ پر اجرا کہلاتا ہے۔ مثال کے طور پر 100 روپے کے قرض نامہ کا 95 روپے پر اجرا جس کا مطلب ہے 5 روپے بٹہ کا۔ بٹہ پر قرض ناموں کا اجرا سرمایہ نقصان ہے اور یہ 'متفرق اخراجات' کے عنوان کے تحت منسوخ ہونے تک تختہ توازن کے اثاثوں کی جانب ظاہر کیا جاتا ہے۔ قرض ناموں کے اجرا پر بٹہ یا تو نفع نقصان کھاتہ میں ڈیبٹ کر کے یا سرمایہ منافع میں سے، اگر کوئی ہے تو ڈیبٹ کر کے ڈبنچر ز کے دوران منسوخ کیا جا سکتا ہے۔

کمپنیز ایکٹ 1956 بٹہ پر قرض ناموں کے جاری کرنے پر کسی قسم کی کوئی پابندی عائد نہیں کرتا تاہم اگر انھیں فوری طور پر تبدیل کیا جانا ہو تو قابل بدل قرض نامے بٹہ پر جاری نہیں کیے جا سکتے۔

### مثال 2

ٹی وی کمپونینٹ لمیٹڈ نے 10,000، 12 فی صد ڈبنچر ز 100 روپے فی ڈبنچر 5 فی صد کے بٹے پر جاری کیے جو مندرجہ ذیل طور پر قابل ادائیگی تھے

| | |
|---|---|
| درخواست پر | 40 روپے |
| الاٹمنٹ پر | 55 روپے |

روزنامچہ اندراجات بشمول برائے نقد ظاہر کیجیے یہ جانتے ہوئے کہ تمام اقساط مناسب طور پر حاصل ہوئیں اور تختہ توازن کا مناسب حصہ بھی ظاہر کیجیے۔

### حل

## ٹی وی کمپونینٹ لمیٹڈ کے کھاتے

## روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 4,00,000 | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | 12 فی صد ڈبنچر درخواست کھاتہ سے | | | 4,00,000 |
| | (30 روپے فی قرض نامہ زر درخواست موصول ہوا) | | | |
| | 12 فی صد ڈبنچر درخواست کھاتہ ڈیبٹ | | 4,00,000 | |
| | 12 فی صد ڈبنچر کھاتہ سے | | | 4,00,000 |
| | (زر درخواست ڈبنچر کھاتہ میں منتقل) | | | |
| | 12% ڈبنچر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 5,50,000 | |
| | بٹہ اجرا ڈبنچر ز کھاتہ پر | | 50,000 | |
| | 12% ڈبنچر کھاتہ سے | | | 6,00,000 |
| | (زر الاٹمنٹ واجب الادا) | | | |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 5,50,000 | |
| | 12% ڈبنچر الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 5,50,000 |
| | (ڈبنچر ز پر زر الاٹمنٹ موصول ہوا) | | | |

## ٹی وی کمپونٹ لمیٹڈ کی بیلنس شیٹ سے

| واجبات | رقم (روپے میں) | اثاثے | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|
| ضمانتی قرض: | | بینک میں نقد | 9,50,000 |
| 12 فی صد ڈبنچر ز | 10,00,000 | متفرق اخراجات | |
| | | ڈبنچر اجرا پر بٹہ | 50,000 |

### 2.4.3 پریمیم پر قرض ناموں کا اجرا

ڈبنچر ز کی عمومی قدر سے زیادہ قیمت وصول کرنے کو ڈبنچر ز کا پریمیم پر اجرا کہلاتا ہے۔ مثال کے طور پر 100 روپے کی قیمت والے ڈبنچر کو 110 روپے (10 روپے پریمیم کے) میں جاری کرنا۔ پریمیم کی رقم کو سیکورٹیز پریمیم کھاتہ میں کریڈٹ کیا جاتا ہے۔ 'ریزرو اور سیکورٹیز' (ذخیرے و بیشی) کی مد میں تختہ توازن کے واجبات کی جانب ظاہر کیا جاتا ہے۔

## مثال 3

ایکس وائی زیڈ انڈسٹریز لمیٹڈ نے 100 روپے فی 10 فی صد کے حساب سے 2,000 قرض نامے (ڈبنچرز) 10 روپے فی ڈبنچر پریمیم پر جاری کیے جو مندرجہ ذیل طور پر قابل ادائیگی تھے۔

درخواست پر 50 روپے

الاٹمنٹ پر 60 روپے

تمام قرض نامے خرید لیے گئے اور ان کی مناسب رقم موصول ہوئی۔ کمپنی کے کھاتوں میں روزنامچہ اندراج کیجیے اور یہ بتائیے کہ تختہ توازن میں رقومات کس طرح ظاہر کیا جائیں گی۔

## حل

### ایکس وائی زیڈ لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈیٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 1,00,000 | |
| | 10 فی صد ڈبنچر درخواست کھاتہ سے | | | 1,00,000 |
| | (10 فی صد قرض ناموں پر زر درخواست موصول) | | | |
| | 10 فی صد ڈبنچر درخواست کھاتہ ڈیبٹ | | 1,00,000 | |
| | 10 فی صد ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | 1,00,000 |
| | (زر درخواست الاٹمنٹ میں منتقل) | | | |
| | 10 فی صد ڈبنچر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 1,20,000 | |
| | 10 فی صد ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | 1,00,000 |
| | سیکورٹیز پریمیم کھاتہ سے | | | 20,000 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | (قرض ناموں پر زر الاٹمنٹ بمع پریمیم واجب) | | | |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 1,20,000 | |
| | 10 فی صد ڈبنچر الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 1,20,000 |
| | (الاٹمنٹ زر موصول) | | | |

## ایکس وائی زیڈ انڈسٹریز لمیٹڈ کا تختہ توازن

| واجبات | رقم (روپے میں) | اثاثے | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|
| ریزروسرپلس | | بینک نقد | 2,20,000 |
| سیکورٹیز پریمیم | 20,000 | | |
| ضمانتی قرض: | 2,00,000 | | |
| 10 فی صد ڈبنچرز | **2,00,000** | | **2,20,000** |

* محض برمحل مقروض

### مثال 4

اے لمیٹڈ نے 100 روپے فی 10،5,000 فی صد ڈبنچرز 10 روپے کی پریمیم پر جاری کیے جو درج ذیل طور پر قابل ادائیگی تھے

| | |
|---|---|
| درخواست پر | 25 روپے |
| الاٹمنٹ پر | 45 روپے (پریمیم شامل) |
| فرسٹ وفائنل کال | 40 روپے |

تمام قرض نامے پوری طرح خرید لیے گئے اور ان کی ساری رقم حاصل ہوگئی۔ کمپنی کی کتابوں میں ضروری اندراجات ریکارڈ کیجیے اور تختہ توازن میں رقومات کس طرح سے ظاہر کی جائیں گی؟

## حل

## اے لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ | ڈیبٹ | | 1,25,000 | |
| | 10 فی صد ڈبنچر درخواست کھاتہ سے | | | | 1,25,000 |
| | (10 فی صد ڈبنچرز پر زر درخواست موصول) | | | | |
| | 10 فی صد ڈبنچر درخواست کا کھاتہ | ڈیبٹ | | 1,25,000 | |
| | 10 فی صد ڈبنچرز کھاتہ سے | | | | 1,25,000 |
| | (زر درخواست الاٹمنٹ پر منتقل) | | | | |
| | 10 فی صد ڈبنچر الاٹمنٹ کھاتہ | ڈیبٹ | | 2,25,000 | |
| | 10 فی صد ڈبنچرز کھاتہ سے | | | | 1,75,000 |
| | سیکورٹیز پریمیم کھاتہ سے | | | | 50,000 |
| | (ڈبنچرز پر زر الاٹمنٹ واجب بشمول پریمیم) | | | | |
| | بینک کھاتہ | ڈیبٹ | | 2,25,000 | |
| | 10 فی صد ڈبنچر الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | | 2,25,000 |
| | (زر الاٹمنٹ موصول ہوا) | | | | |
| | 10 فی صد ڈبنچر فرسٹ اور فائنل کال کھاتہ | ڈیبٹ | | 2,00,000 | |
| | 10 فی صد ڈبنچرز کھاتہ سے | | | | 2,00,000 |
| | (زر اقساط طالبی اول و آخر ڈبنچرز پر واجب) | | | | |
| | بینک کھاتہ | ڈیبٹ | | 2,00,000 | |
| | 10% ڈبنچر کھاتہ سے | | | | 2,00,000 |
| | (زر اقساط طالبی اول و آخر موصول ہوا) | | | | |

### اے لمیٹڈ کا تختہ توازن

| واجبات | رقم (روپیے میں) | اثاثے | رقم (روپیے میں) |
|---|---|---|---|
| ریزروا ور سر پلس: (ذخیرے وفاضلات) | | بینک میں نقد | 5,50,000 |
| سیکورٹیز پریمیم | 50,000 | | |
| ضمانتی قرض: | | | |
| 10% ڈبنچرز | 5,00,000 | | |
| | **5,50,000** | | **5,50,000** |

## 2.5 زائد حصولی

جب قرض ناموں کے لیے دی گئی درخواستوں کی تعداد عوام کو پیش کیے گئے قرض ناموں کی تعداد سے زیادہ ہوتی ہے تو یہ اجرا زائد حصولی کہلاتا ہے۔ تاہم کوئی بھی کمپنی اعانت کے لیے مدعو کیے گئے قرض ناموں سے زیادہ قرض نامے الاٹ (تفویض) نہیں کر سکتی ہے۔ زائد حصولی میں حاصل شدہ رقم الاٹمنٹ اور متعلقہ اقساط طالبی پر ایڈجسٹ کرنے کے لیے روک لی جاتی ہے لیکن ان امیدواروں سے موصول رقم واپس کر دی جائے گی جن کو قرض نامے الاٹ نہیں کیے گئے ہیں۔

### مثال 5

ایکس لمیٹڈ نے 100 روپیے والے 10,000، 12 فی صد ڈبنچرز جاری کیے جو 40 روپیے درخواست پر اور 60 روپیے الاٹمنٹ پر قابل ادائیگی تھے۔ عوام نے 14,000 ڈبنچرز کے لیے درخواستیں دیں 9,000 ڈبنچرز کی درخواستیں پورے طور پر منظور کر لی گئیں، 2,000 مسترد کر دی گئیں۔ تمام رقم موصول ہوئی۔ لین دین کا روزنامچہ اندراج کیجیے۔

### حل

### ایکس لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 5,60,000 | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | 12فی صد ڈبنچر درخواست کھاتہ سے | | | 5,60,000 |
| | (14,000 ڈبنچر پرزردرخواست موصول ہوا) | | | |
| | 12فی صد ڈبنچر درخواست کھاتہ ڈیبٹ | | 4,00,000 | |
| | 12فی صد ڈبنچرز کھاتہ سے | | | 4,00,000 |
| | (10,000 ڈبنچرز کا زردرخواست الاٹمنٹ میں منتقل) | | | |
| | 12فی صد ڈبنچر درخواست کھاتہ سے ڈیبٹ | | 1,20,000 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | 1,20,000 |
| | (مسترد کردہ درخواستوں کا زردرخواست واپس کیا) | | | |
| | 12فی صد ڈبنچر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 6,00,000 | |
| | 12فی صد ڈبنچرز کھاتہ سے | | | 6,00,000 |
| | (10,000 ڈبنچرز کی رقم الاٹمنٹ پرواجب) | | | |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 5,60,000 | |
| | ڈبنچر درخواست کھاتہ ڈیبٹ | | 40,000 | |
| | ڈبنچر الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 6,00,000 |
| | (1,000 قرض ناموں کا زائد زرِدرخواست ڈبنچر الاٹمنٹ کھاتہ میں منتقل اورواجب الادا باقی رقم موصول ہوگئی) | | | |

## 2.6 قرض ناموں کا نقد کے بدل پراجرا

کبھی کبھی کمپنی فروخت کاروں سے اثاثے خریدتی ہے اور بجائے نقدادائیگی کے ان کے عوض قرض نامے جاری کردیتی ہے،اس طرح کے قرض ناموں کا اجرانقد کے علاوہ بدل کہلاتا ہے۔اس معاملے میں بھی قرض نامے مساوی قدر، پریمیم اوربٹہ پر جاری کیے جاسکتے ہیں۔ اس صورت میں اندراجات ویسے ہی ہوں گے جیسے کہ حصص کا نقد کے علاوہ بدل پراجرا کے لیے کیے جاتے ہیں جومندرجہ ذیل ہیں۔

1 اثاثے خریدنے پر

متفرق(sundry) اثاثے کھاتہ ڈیبٹ

فروخت کار کے کھاتہ سے

2 قرض ناموں کے اجرا پر

(a) مساوی قدر پر

فروخت کاروں ڈیبٹ

ڈبنچر ز کھاتہ سے

(b) پریمیم پر

فروخت کاروں کے کھاتے ڈیبٹ

سیکورٹیز پریمیم کھاتہ سے

(c) بٹہ پر

فروخت کاروں کے کھاتے ڈیبٹ

ڈبنچر اجرا پر بٹہ کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر کھاتہ سے

## مثال6

آشیرواد کمپنی لمیٹڈ نے ایک دوسری کمپنی سے2,00,000روپیے کے اندراجی مالیت پر اثاثے خریدے اور ادائیگی کے لیے 100روپیے فی کس کے حساب سے2,000، 10% قرض نامے جاری کرنے پر رضامند ہو گئے۔

لازمی روزنامچہ اندراج کیجیے۔

## حل

## آشیرواد کمپنی لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپیے میں) | کریڈٹ رقم (روپیے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | متفرق اثاثے کھاتہ ڈیبٹ | | 2,00,000 | |

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم | کریڈٹ رقم |
|---|---|---|---|---|
| | فروخت کاروں کے کھاتہ سے | | | 2,00,000 |
| | فروخت کار سے اثاثے خریدے گئے) | | | |
| | فروخت کار کھاتہ ڈیبٹ | | 2,00,000 | |
| | 10% ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | |
| | (خرید بدل کے طور پر فروخت کار کو ڈبنچر ز جاری کیے گئے) | | | 2,00,000 |

## مثال 7

رائے کمپنی نے اندراجی مالیت پر ایک دوسری کمپنی سے 2,20,000 روپے کی مالیت کے اثاثہ جات خریدے اور 100 روپے فی ڈبنچر کے حساب سے 2,000، 10 فی صد فی ڈبنچر 10 فی صد کے پریمیم پر جاری کر کے ادائیگی کے لیے رضامند ہوئے۔ ضروری اندراجات کیجیے۔
لازمی روزنامچہ اندراج کیجیے۔

## حل

### رائے کمپنی لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | متفرق اثاثے کھاتہ ڈیبٹ | | 2,20,000 | |
| | فروخت کار سے | | | 2,20,000 |
| | (فروخت کاروں سے اثاثے جات خریدے گئے) | | | |
| | فروخت کار ڈیبٹ | | 2,20,000 | |
| | 10% ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | 2,00,000 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | سیکورٹیز پریمیم کھاتہ سے<br>(100 روپے فی ڈبنچر کے حساب سے 10 فی صد کے پریمیم پر 2,000 ڈبنچرز خرید بدل کے طور پر الاٹ کیے گئے) | | 20,000 | |

**مثال 8**

نیشنل پیکنگ کمپنی نے ایک دوسری کمپنی سے 1,90,000 روپے کی مالیت کے اثاثے خریدے جس کی ادائیگی 5 فی صد کے بٹہ پر 100 روپے فی ڈبنچر کے حساب سے 2,000، 10 فی صد ڈبنچرز جاری کرنے پر رضامندی ہوئی۔ ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔
لازمی روزنامچہ اندراج کیجیے۔

**حل**

## نیشنل پیکنگ لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | متفرق اثاثے کھاتہ ڈیبٹ<br>فروخت کاروں سے<br>فروخت کاروں سے اثاثے خریدے گئے | | 1,90,000 | 1,90,000 |
| | فروخت کار ڈیبٹ<br>ڈبنچر اجرا پر بٹہ کھاتہ ڈیبٹ<br>10% ڈبنچرز کھاتہ سے<br>(5% بٹہ پر 100 روپے فی ڈبنچر کے حساب سے نقد کے بدل پر 2,000 ڈبنچرز کا الاٹمنٹ (تفویض) کیا گیا) | | 1,90,000<br>10,000 | 2,00,000 |

## مثال 9

جی۔ایس۔کمپنی نے ایک دوسری کمپنی سے 99,000 روپیے کے اثاثے اندراجی مالیت (قیمت) پر خریدے۔ طے یہ ہوا کہ ادائیگی خرید بدل پر 100 روپیے والے 11 فی صد ڈبنچرز کے اجرا پر کی جائے گی۔ تصور کیجیے کہ ڈبنچرز جاری کر دیے گئے۔

1۔ مساوات پر
2۔ 10% فی صد کے بٹہ پر
3۔ 10% فی صد کی پریمیم پر

لازمی روزنامچہ اندراج کیجیے۔

## حل

### جی۔ایس۔رائے کمپنی کے کھاتے

### روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپیے میں) | کریڈٹ رقم (روپیے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | متفرق اثاثہ جات کھاتہ ڈیبٹ | | 99,000 | |
| | فروخت کاروں سے | | | 99,000 |
| | (فروخت کاروں سے اثاثے خریدے گئے) | | | |
| کیفیت اول | فروخت کار ڈیبٹ | | 99,000 | |
| | 10% ڈبنچرز کھاتہ سے | | | 90,000 |
| | (خرید بدل کے طور پر فروخت کاروں کو قرض ناموں کا الاٹمنٹ) | | | |
| دوسری کیفیت | فروخت کار ڈیبٹ | | 99,000 | |
| | ڈبنچر اجرا پر بٹہ ڈیبٹ | | 11,000 | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | 10% ڈبنچرز کھاتہ سے | | | 1,10,000 |
| | (100 روپے کی قیمت والے 11,000 ڈبنچرز فروخت کاروں کو 10 فی صد کے بٹہ پر جاری کیے گئے) | | | |
| تیسری کیفیت | فروخت کار ڈیبٹ | | 99,000 | |
| | 11 فی صد ڈبنچرز کھاتہ | | | 90,000 |
| | سیکورٹیز پریمیم کھاتہ سے | | | 9,000 |
| | (فروخت کاروں کو 10 فی صد بٹہ پر 100 روپے والے 900 ڈبنچرز جاری کیے گئے) | | | |

کبھی کبھی ایک کمپنی اثاثے بھی خرید سکتی ہے اور کسی دوسرے ادارے یا کاروبار کی واجبات بھی سنبھال لیتی ہے۔ ایسا کسی دوسرے کاروبار کے خرید لیے جانے کی صورت میں ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں خرید بدل خالص اثاثے جات (اور اثاثے۔واجبات) کی قدر کے برابر ہوں گے اور اگر بدل کی تمام رقم اجراڈبنچر کے ذریعے ادا کی گئی ہے تو روزنامچہ اندراج ہوگا۔

متفرق اثاثہ جات کھاتہ ڈیبٹ

متفرق واجبات کھاتہ سے

فروخت کاروں سے

(فروخت کار کے کاروبار کی خریداری)

**مثال 10**

رومی لمیٹڈ نے کپل انٹرپرائزز کے 20 لاکھ روپے کے اثاثے جات حاصل کیے اور 2 لاکھ روپے کے قرض خواہوں کی ادائیگی کی ذمہ داری لے لی۔ رومی لمیٹڈ نے 100 روپے والے 8 فی صد ڈبنچرز مساوات پر خرید بدل کے طور پر جاری کیے۔ رومی لمیٹڈ کے کھاتوں میں متعلقہ ضروری روزنامچہ کا اندراج کیجیے۔

## حل

### رومی لمیٹڈ کے کھاتے

#### روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپیے میں) | کریڈٹ رقم (روپیے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | متفرق اثاثہ جات کھاتہ ڈیبٹ | | 20,00,000 | |
| | کپل انٹر پرائزز سے | | | 18,00,000 |
| | متفرق قرض خواہ کھاتہ سے | | | 2,00,000 |
| | (کاروبار کی خریداری) | | | |
| | فروخت کار ڈیبٹ | | 18,00,000 | |
| | 8% ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | 18,00,000 |
| | (100 روپیے فی 18,000، 8% ڈبنچر ز کا اجرا) | | | |

پورے کاروبار کو خرید لیے جانے کی صورت میں اگر جاری کردہ ڈبنچر ز کی رقم خریدے گئے خالص اثاثوں کے مقابلہ میں زائد ہے تو اس کا فرق (زائد) ساکھ (Good will) گردانا جائے گا اور اس کو بھی فروخت کار کے کاروبار کی خرید کے لیے روزنامچہ میں اندراج کرتے وقت ڈیبٹ کیا جائے گا۔ (مثال 10 ملاحظہ کریں) اگر یہ اس کے برعکس ہے یعنی ڈبنچر ز کی قیمت خریدے گئے خالص اثاثوں کے مقابلہ میں کم ہے تو اس کا فرق کیپٹل ریزرو (سرمایہ ذخیرہ) رقومات میں کریڈٹ کیا جائے گا (مثال 12 ملاحظہ کریں)

## مثال 11

بلیو پرنٹ لمیٹڈ نے ایکس وائی زیڈ کمپنی سے عمارت مبلغ 1,50,000 روپیے میں، مشینری مبلغ 1,40,000 روپیے میں اور فرنیچر 10,000 میں خریدا اور اس کے 20,000 روپیے کے واجبات 3,15,000 روپیے خرید بدل کے بطور پر قبول کیے۔ بلیو پرنٹ لمیٹڈ خرید بدل کی ادائیگی 12%، 100 روپیے فی ڈبنچر 5% پریمیم پر جاری کرے گی۔ ضروری روزنامچہ اندراج کیجیے۔

## حل

# بلیو پرنٹ لمیٹڈ کے کھاتے

## روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بلڈنگ کھاتہ ڈیبٹ | | 1,50,000 | |
| | پلانٹ اور مشینری کھاتہ ڈیبٹ | | 1,40,000 | |
| | فرنیچر کھاتہ ڈیبٹ | | 10,000 | |
| | ساکھ کھاتہ ڈیبٹ | | 35,000 | |
| | واجبات (متفرق) کھاتہ سے | | | 20,000 |
| | ایکس وائی زیڈ کمپنی سے | | | 3,15,000 |
| | (اثاثوں کی خریداری اور ایکس وائی زیڈ کمپنی کے واجبات قبول کیے) | | | |
| | ایکس وائی زیڈ کمپنی ڈیبٹ | | 3,15,000 | |
| | 12% ڈبنچر کھاتہ سے | | | 3,00,000 |
| | سیکورٹیز پریمیم کھاتہ سے | | | 15,000 |
| | (3,000 ڈبنچرز کا 5% پریمیم پر اجرا) | | | |

نوٹ: 1۔ چونکہ خرید بدل قبول کیے گئے خالص اثاثہ جات کے مقابلہ میں زیادہ ہیں لہٰذا اس کا فرق ساکھ کھاتہ میں ڈیبٹ کر دیا گیا۔

2۔ جاری کردہ ڈبنچرز کی تعداد = $\frac{\text{خرید بدل}}{\text{ڈبنچر کی اجرائی قیمت}}$

تعداد ڈبنچرز $3,000 = \frac{3,15,000}{105}$

## مثال 12

اے لمیٹڈ نے بی اینڈ کمپنی لمیٹڈ کے 3,00,000 روپے کے اثاثے اور 10,000 روپے کے واجبات 2,70,000 روپے کی متفقہ خرید بدل پر قبول کیے۔ دونوں کمپنیاں 100 روپے فی 15% ڈبنچر ز 20% کی پریمیم پر ادائیگی کے لیے مطمئن ہوئیں۔ اے لمیٹڈ کے روزنامچہ میں جنرل اندراج ظاہر کیجیے۔

## حل

### اے لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | متفرق اثاثے کھاتہ ڈیبٹ | | 3,00,000 | |
| | متفرق واجبات کھاتہ سے | | | 10,000 |
| | بی اینڈ کمپنی لمیٹڈ سے | | | 2,70,000 |
| | کیپٹل ریزرو (سرمایہ ذخیرہ) سے | | | 20,000 |
| | (بی کمپنی سے اثاثے اور واجبات کی خرید) | | | |
| | بی اینڈ کمپنی لمیٹڈ ڈیبٹ | | 2,70,000 | |
| | 15% ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | 2,25,000 |
| | سیکورٹیز پریمیم کھاتہ سے | | | 45,000 |
| | (100 روپے کے 2,250 ڈبنچر ز کا 20% پریمیم پر اجرا) | | | |

### آپ اسے خود کیجیے

1۔ امرت اینڈ کمپنی لمیٹڈ نے ایک دوسری کمپنی سے 2,20,000 روپے کی اندراجی مالیت کے اثاثے خریدے اور خرید بدل کی رقم 100 روپے کے 2,000، 10% ڈبنچر ز 10% پریمیم پر ادا کرنے کے لیے رضامند ہوئے۔ لازمی روزنامچہ اندراج کیجیے۔

2۔ ایک کمپنی نے کسی دوسری کمپنی سے 1,90,000 روپے مالیت کے اثاثے خریدے اور خرید بدل کی رقم 100 روپے والے 2,000، 10% ڈبنچر ز 5% پریمیم پر ادا کرنے کے لیے راضی ہوئے۔ضروری جنرل اندراج کیجیے۔

3۔ روز بانڈ لمیٹڈ نے ایک کاروبار 22,00,000 روپے میں خریدا۔ قیمت خرید 6% ڈبنچر ز کے ذریعے ادا کی گئی۔اس مقصد کے لیے 20,00,000 روپے کے 10% پریمیم پر ڈبنچر ز جاری کیے گئے۔ضروری جنرل اندراج کیجیے۔

4۔ نکھل اینڈ اشونی لمیٹڈ نے اگروال لمیٹڈ کا کاروبار جو 3,60,000 کے متفرق اثاثوں، 1,00,000 روپے متفرق قرض خواہوں پر مشتمل تھا، 3,07,200 روپے کے خرید بدل پر قبول کیا۔اس نے 100 روپے والے 140% ڈبنچر ز مکمل ادا شدہ 4% بٹہ پر خرید بدل کے لیے ڈبنچر ز جاری کیے۔ضروری روزنامچہ اندراج کیجیے۔

## مثال 13

سویدھا لمیٹڈ نے سپلائرز لمیٹڈ سے مبلغ 1,98,000 روپے کی مشینری خریدی جس کی ادائیگی 100 روپے والے 12% ڈبنچر ز کے اجرا کے ذریعے کی گئی۔

مشینری کی خریداری اور ڈبنچر ز کے اجرا کے لیے ضروری روزنامچہ اندراج کیجیے جب کہ:

(i) ڈبنچر ز مساوات پر جاری کیے گئے ہوں؛

(ii) ڈبنچر 10% بٹہ پر جاری کیے گئے ہوں؛ اور

(iii) ڈبنچر ز 10% پریمیم پر جاری کیے گئے ہوں؛

## حل

### سویدھا لمیٹڈ کے کھاتے
### روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | مشینری کھاتہ ڈیبٹ | | 1,98,000 | |
| | سپلائرز لمیٹڈ کھاتہ سے | | | 1,98,000 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | (مشینری خریدی گئی ) | | | |
| کیفیت (i) | جب ڈبنچر ز مساوات پر جاری کیے جائیں | | | |
| | سپلائرز لمیٹڈ ڈیبٹ | | 1,98,000 | |
| | 12% ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | 1,98,000 |
| | (12% ڈبنچر ز سپلائرز لمیٹڈ کو جاری کیے گئے ) | | | |
| کیفیت (ii) | جب ڈبنچر ز 10% بٹہ پر جاری کیے جائیں | | | |
| | سپلائرز لمیٹڈ ڈیبٹ | | 1,98,000 | |
| | ڈبنچر ز کے اجرا پر بٹہ کھاتہ ڈیبٹ | | 22,000 | |
| | 12% ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | 2,20,000 |
| | (10% بٹہ پر 12% ڈبنچر ز سپلائرز لمیٹڈ کو جاری کیے گئے ) | | | |
| کیفیت (iii) | جب ڈبنچر ز 10% پریمیم پر جاری کیے جائیں | | | |
| | سپلائرز لمیٹڈ ڈیبٹ | | 1,98,000 | |
| | 12% ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | 1,80,000 |
| | ڈبنچر ز کے اجرا پر پریمیم | | | 18,000 |
| | (10% پریمیم پر سپلائرز لمیٹڈ کو ڈبنچر ز جاری کیے گئے ) | | | |

بنیادی اشارے:

(a) 10% بٹہ پر جاری کیے گئے ڈبنچر ز کی تعداد کے معاملے میں:

| | (روپے) |
|---|---|
| اندراجی مالیت | 100 |
| منہائی: بٹہ 10% | 10 |
| جس مالیت پر جاری ہوا | 90 |

$= \frac{1,98,000 \text{ روپے}}{90}$ 2,200 ڈبنچر ز

(b) 10% پریمیم پر جاری کیے گئے ڈبنچر ز کی تعداد کے معاملے میں:

| | (روپے) |
|---|---|
| اندراجی مالیت | 100 |
| اضافہ: پریمیم 10% | 10 |
| جس مالیت پر جاری ہوا | 110 |

$$\frac{1,98,000\text{ روپے}}{110} = 1,800\text{ ڈبنچرز}$$

## 2.7 ضمانتی سیکورٹی کے طور پر قرض ناموں (ڈبنچرز) کا اجرا

ضمانتی سیکورٹی کی تعریف ابتدائی سیکورٹی کے علاوہ ضمنی یا ثانوی یا اضافی سیکورٹی کے طور پر کی جا سکتی ہے۔ جب کوئی کمپنی بینک یا کسی مالیاتی ادارے سے قرض یا اُوَرڈرافٹ کی سہولت حاصل کرتی ہے تو یہ ضمانتی قرض کے طور پر متذکرہ قرض کے برخلاف کچھ اثاثے رہن یا گروی رکھ سکتے ہیں لیکن قرض دینے والے ادارے ضمانتی سیکورٹی کے طور پر کچھ مزید اثاثوں کے لیے مجبور کر سکتے ہیں تا کہ ضمانتی سیکورٹی کی مدد سے اصل سیکورٹی کی فروخت سے قرض کی رقم کم ہونے کی صورت میں بینک کے قرض کی رقم وصول کی جا سکے۔ اس طرح کے حالات میں کمپنی قرض دہندگان اپنے خود کے پہلے سے رہن رکھے ہوئے اثاثوں کے علاوہ کچھ قرض نامے (ڈبنچرز) جاری کر سکتی ہے۔ اس طرح کا اجرا ضمانتی سیکورٹی پر جاری کردہ کہلاتا ہے۔

اگر کمپنی قرض کی رقم بمع سود کے ادا کرنے میں ناکام رہتی ہے تو ارسال کنندہ اپنی رقم ابتدائی سیکورٹی کی فروخت سے وصول کرنے کے لیے آزاد ہوتا ہے۔ اگر ابتدائی سیکورٹی کی قابل وصولیابی قدر پورے قرض کی رقم سے کم پڑتی ہے تو ارسال کنندہ ضمانتی سیکورٹی سے مستفید ہونے کا حق رکھتا ہے جس کے ذریعے سے قرض ناموں کو باز ادائیگی کے لیے پیش کیا جا سکتا ہے یا کھلی مارکیٹ میں فروخت کیا جا سکتا ہے۔

ضمانتی سیکورٹی کے طور پر جاری کیے گئے قرض ناموں کا اندراج کمپنی کھاتوں میں دو طرح سے کیا جا سکتا ہے:

### پہلا طریقہ

کھاتوں کی کتابوں میں کوئی بھی اندراج نہیں کیا جاتا کیونکہ اس طرح کے اجرا کے ذریعے کوئی ذمہ داری پیدا نہیں ہوتی ہے۔ تاہم تختہ توازن کے واجبات کی جانب قرض کی مد کے نیچے ایک نوٹ شامل کر دیا جاتا ہے کہ یہ ضمانتی سیکورٹی کے طور پر اجرا ڈبنچر کے ذریعے محفوظ ہے۔ مثال کے طور پر × کمپنی نے 9%، 100 روپے والے 10,000 ڈبنچرز بینک سے لیے گئے 10,00,000 روپے قرض کے لیے جاری کیے۔ یہ حقائق تختہ توازن میں مندرجہ ذیل طریقے پر ظاہر کیے جائیں گے۔

## x کمپنی کا تختہ توازن

واجبات

محفوظ قرض:

بینک قرض 10,00,000

(بطور ضمانتی سیکورٹی 9%، 100 روپے والے

10,000 ڈبنچرز کے ذریعے محفوظ)

(ضمانتی سیکورٹی کے طور پر ڈبنچر اجرا کا اندراج نہیں کیا جائے گا)

### دوسرا طریقہ

ضمانتی سیکورٹی کے طور پر ڈبنچرز اجرا کا روزنامچہ میں اندراج درج ذیل طریقہ پر کیا جا سکتا ہے:

روزنامچہ اندراج

(i) 10,000، 9% ڈبنچرز 100 روپے فی ڈبنچر ضمانتی سیکورٹی کے طور پر 10,00,000 روپے بینک قرض کے لیے اجرا

| | | | |
|---|---|---|---|
| ڈبنچر سسپنس کھاتہ | ڈیبٹ | 10,00,000 | |
| 9% ڈبنچرز کھاتہ سے | | | 10,00,000 |

(ii) بینک قرض کی ادائیگی پر 9% ضمانتی سیکورٹی ڈبنچرز کی منسوخی کے لیے۔

تختہ توازن کے واجبات کی جانب سسپنس کھاتہ ظاہر کر کے ڈبنچرز سے کٹوتی ظاہر کی جائے گی جب قرض کی ادائیگی کر دی جاتی ہے تو برعکس اندراج کے ذریعے سے مندرجہ بالا اندراج منسوخ کر دیا جائے گا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 9% ڈبنچر کھاتہ | ڈیبٹ | 10,00,000 | |
| ڈبنچر سسپنس کھاتہ سے | | | 10,00,000 |

## x کمپنی کا تختہ توازن

| واجبات | رقم (روپے میں) | اثاثے | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|
| محفوظ قرضے: | | | |
| بینک قرض | 10,00,000 | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 10,000، 9% ڈبنچر ز 10,00,000<br>100 روپیے کے ڈبنچر<br>منہائی: ڈبنچر ز 10,00,000<br>سسپنس کھاتہ | | | |

## مثال 14

ایک کمپنی نے پنجاب نیشنل بینک سے 10,00,000 روپیہ کا قرض لیا اور 12,00,000 کے 10% ڈبنچر ز 100 روپیے فی کس بطور ضمانتی سیکورٹی کے جاری کیے۔ بتایئے کمپنی کے کھاتوں میں ڈبنچر ز اجرا سے متعلق آپ کس طرح اندراجات کریں گے۔

## حل

پہلا طریقہ

### تختہ توازن (خلاصہ)

| واجبات | رقم (روپیے میں) | اثاثے | رقم (روپیے میں) |
|---|---|---|---|
| ضمانتی قرض:<br>پنجاب نیشنل بینک سے قرض<br>(12,000، 10% 100 روپیے والے<br>ڈبنچر ز کے ذریعے محفوظ بطور ضمانتی سیکورٹی) | 10,00,000 | | |

نوٹ: کھاتوں کی کتابوں میں کوئی اندراج نہیں کیا جائے گا۔

دوسرا طریقہ:

### روزنامچہ اندراجات

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپیے میں) | کریڈٹ رقم (روپیے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | ڈبنچر سسپنس کھاتہ ڈیبٹ | | 12,00,000 | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | 10% ڈبنچرز کھاتہ سے<br>(100 روپیے والے 12,000 ڈبنچرز پنجاب نیشنل بینک کو ضمانتی سیکورٹی پر جاری کیے گئے) | | | 12,00,000 |

**تختہ توازن (خلاصہ)**

| واجبات | رقم (روپیے میں) | اثاثے | رقم (روپیے میں) |
|---|---|---|---|
| پنجاب نیشنل بینک سے قرض<br>10% ڈبنچرز 12,00,000<br>منہائی: ڈبنچرز سسپنس کھاتہ 12,00,000 | 10,00,000 | | |

**آپ اسے خود کیجیے**

1۔ رگھوویر لمیٹڈ نے 10,00,000، 8% ڈبنچر اسٹاک پیدا کیے جو مندرجہ ذیل طریقے پر جاری کیے گئے:

(i) متفرق خریدار برائے نقد 90% پر — 5,50,000

(ii) قرض خواہ برائے 2,00,000 روپیے سرمایہ خرچ اپنے دعوے کی تسکین میں — 2,00,000

(iii) بینکرز بطور ضمانتی سیکورٹی مبلغ — 2,50,000

20,00,000 کے بینک قرض جس کے لیے ابتدائی سیکورٹی مبلغ 22,50,000 اجرا (1) اور (2) 10 سال بعد مساوات پر قابل ادائیگی ہیں۔ بتائیے کمپنی کا تختہ توازن تیار کرتے وقت ڈبنچر اسٹاک کے اندراجات کس طرح کیے جائیں گے۔

2۔ حسن لمیٹڈ نے مبلغ 40,00,000 روپیے کی ابتدائی سیکورٹی کے برخلاف ایک بینک سے 30,00,000 روپیے کا قرض لیا اور ضمانتی سیکورٹی کے طور پر 100 روپیے فی ڈبنچر 4,000، 6% ڈبنچرز جاری کیے۔ کمپنی نے ایک سال بعد دوبارہ ابتدائی سیکورٹی کے طور پر اپنے پلانٹ کے برخلاف 50,00,000 روپیے کا قرض لیا اور 100 روپیے فی ڈبنچر کی قیمت والے 6,000، 6% ڈبنچرز ضمانتی سیکورٹی کے طور پر جمع کرائے۔ ضروری اندراجات درج کیجیے اور کمپنی کا تختہ توازن بھی تیار کیجیے۔

3۔ میگھ ناتھ لمیٹڈ نے ایک بینک سے 1,20,000 روپیے کا قرض لیا اور ضمانتی سیکورٹی کے طور پر 100 روپیے فی ڈبنچر کے حساب سے 1,400، 8% ڈبنچرز 2 لاکھ روپیے کی ابتدائی ضمانت کے ساتھ جمع کرائے۔ دو ماہ کے بعد کمپنی نے پھر بینک سے 80,000 روپیے کا قرض لیا ار ضمانتی سیکورٹی کے طور پر 100 روپیے فی ڈبنچر کی مالیت والے 1,000 8% ڈبنچرز جمع کیے۔ متعلقہ روزنامچہ اندراج کریں اور کمپنی کا تختہ توازن بھی تیار کریں۔

## 2.8 قرض ناموں کے اجرا کی میعاد

کمپنی جب قرض نامے جاری کرتی ہے تو عموماً اس وقت ان کی پختگی پر بازادائیگی کی میعاد درج کر دیتی ہے۔ قرض ناموں کی بازادائیگی یا واپسی سے مراد حاصل قرض نامہ کی ادائیگی کے ذریعے واجبات کی بے باقی ہے۔ قرض ناموں کی بازادائیگی مساوات یا پریمیم پر کی جاسکتی ہے۔

اجرا کی شرائط اور قرض ناموں کی بازادائیگی سے متعلق عام طور پر مندرجہ ذیل چھ صورتیں پائی جاتی ہیں۔

(i) مساوات پر جاری کردہ اور مساوات پر قابل ادائیگی

(ii) بٹہ پر جاری کردہ اور مساوات پر قابل ادائیگی

(iii) پریمیم پر جاری کردہ اور مساوات پر قابل ادائیگی

(iv) مساوات پر جاری کردہ اور پریمیم پر قابل ادائیگی

(v) بٹہ پر جاری کردہ اور پریمیم پر قابل ادائیگی

(vi) پریمیم پر جاری کردہ اور پریمیم پر قابل ادائیگی

مندرجہ بالا چھ معاملات میں روزنامچہ میں اندراجات درج ذیل ہوں گے۔

1۔ مساوات پر جاری اور مساوات پر قابل ادائیگی

(a) بینک کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر درخواست اور الاٹمنٹ کھاتہ سے

(زر درخواست کی وصولیابی)

(b) ڈبنچر درخواست اور الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر کھاتہ سے

ڈبنچرز کا الاٹمنٹ(تفویض)

2۔ بٹہ پر جاری اور مساوات پر قابل ادائیگی

(a) بینک کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر درخواست اور الاٹمنٹ کھاتہ سے

(زردرخواست کی وصولیابی)

(b) ڈبنچر درخواست اور الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر اجرا پر بٹہ کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر کھاتہ سے

(بٹہ پر قرض ناموں کا اجرا)

3۔ پریمیم پر جاری اور مساوات پر قابل ادائیگی

(a) بینک کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر درخواست اور الاٹمنٹ کھاتہ سے

(زردرخواست کی وصولیابی)

(b) ڈبنچر درخواست اور الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر کھاتہ سے

سیکورٹیز پریمیم کھاتہ سے

(پریمیم پر ڈبنچرز کا الاٹمنٹ(تفویض))

4۔ مساوات پر جاری اور پریمیم پر قابل ادائیگی

(a) بینک کھاتہ — ڈیبٹ

ڈبنچر درخواست والاٹمنٹ کھاتہ سے

(زردرخواست کی وصولیابی)

(b) ڈبنچر درخواست اورالاٹمنٹ کھاتہ — ڈیبٹ

اجراڈبنچر پرنقصان کھاتہ — ڈیبٹ — (بازادائیگی پر پریمیم کے ساتھ)

ڈبنچر کھاتہ سے — (ڈبنچر کی ظاہری قدر کے ساتھ)

ڈبنچر بازادائیگی پر پریمیم کھاتہ سے — (بازادائیگی پر پریمیم کے ساتھ)

(ڈبنچر ز کا مساوات پرالاٹمنٹ اور پریمیم پر واپسی)

5۔ بٹہ پر جاری اور پریمیم پر واپسی

بینک کھاتہ — ڈیبٹ

ڈبنچر درخواست والاٹمنٹ کھاتہ سے

(زردرخواست کی وصولیابی)

ڈبنچر درخواست اورالاٹمنٹ کھاتہ — ڈیبٹ

ڈبنچر اجراپرنقصان کھاتہ — ڈیبٹ — (اجراپربٹہ جمع واپسی پر پریمیم کے ساتھ)

ڈبنچر کھاتہ سے — (ڈبنچر کی ظاہری قدر کے ساتھ)

ڈبنچر بازادائیگی پریمیم کھاتہ سے

(ڈبنچر ز کا بٹہ پرالاٹمنٹ اور پریمیم پر قابل ادائیگی) — (بازادائیگی پر پریمیم کے ساتھ)

6۔ پریمیم پر جاری اور پریمیم پر قابل ادائیگی

بینک کھاتہ — ڈیبٹ

ڈبنچر درخواست اورالاٹمنٹ کھاتہ سے

(زردرخواست کی وصولیابی)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ڈبنچر درخواست والاٹمنٹ کھاتہ سے | ڈیبٹ | | |
| ڈبنچر اجراپرنقصان کھاتہ | ڈیبٹ | (بازادائیگی پر پریمیم کے ساتھ) | |
| ڈبنچر کھاتہ سے | | (ڈبنچر کی ظاہری قدر کے ساتھ) | |
| سیکورٹیز پریمیم کھاتہ سے | | (اجراپریمیم کے ساتھ) | |
| ڈبنچر اجراپریمیم کھاتہ سے | | (بازادائیگی پر پریمیم کے ساتھ) | |

نوٹ: 1۔ جب قرض نامے پریمیم پر قابل ادائیگی ہوتے ہیں تو عین اجرا کے وقت ہی یہ اہتمام کیا جاتا ہے کہ ''ڈبنچر کے اجرا پر نقصان'' کھاتہ میں رقم ڈیبٹ کردی جاتی ہے۔ یہ بھی قابل غور ہے کہ جب ڈبنچر زبٹہ پر جاری کیے جاتے ہیں اور پریمیم پر قابل ادائیگی ہوتے ہیں تو بٹہ اجرا کی رقم بھی 'ڈبنچر اجراپرنقصان' میں ڈیبٹ کی جاتی ہے۔ یہ بھی غور طلب ہے کہ جب ڈبنچر زبٹہ پر جاری کیے جاتے ہیں اور مساوات پر قابل ادائیگی ہوتے ہیں تو حسب معمول رقم 'ڈبنچر اجراپرنقصان کھاتے' میں ڈیبٹ کی جائے گی۔

2۔ بازادائیگی پر پریمیم مستقبل میں قابل ادائیگی ذمہ داری ہوتی ہے۔ یہ ایک اہتمام ہے اور ڈبنچر ز کی واپسی تک 'محفوظ قرضے' کے زیرعنوان ظاہر کیا جاتا ہے۔

3۔ ڈبنچر اجرا کھاتے پرنقصان اصل نقصان ہوتا ہے اور اسے 'نفع نقصان کھاتے' یا سیکورٹیز پریمیم کھاتے کے برخلاف رفتہ رفتہ منسوخ کیا جاتا ہے۔ غیر منسوخ شدہ رقم تختہ توازن کی اثاثوں کی جانب 'متفرق اخراجات' کے زیرعنوان بالکل ڈبنچر اجراپربٹہ کی طرح ہی ظاہر کیا جاتا ہے۔

## مثال15

مندرجہ ذیل کے لیے روزنامچہ اندراج کیجیے۔

1۔ 100 روپے فی ڈبنچر ز کے حساب10,000 9%ڈبنچر ز کا اجرا مساوات پر قابل ادائیگی۔

2۔ 100 روپے فی ڈبنچر کے حساب10,000 9%ڈبنچر ز کا5%پریمیم پر اجرا لیکن مساوات پر قابل ادائیگی۔

3۔ 100 روپے فی ڈبنچر کے حساب سے 10,000 9% ڈبنچر ز کا، 5% بٹے پر اجرا اور واپسی مساوات پر۔

4۔ 100 روپے فی ڈبنچر کے حساب سے 10,000، 9% ڈبنچر ز کا مساوات پر اجرا مگر واپسی 5% پریمیم پر۔

5۔ 5% بٹہ پر 100 روپے والے 9% کے 10,000 ڈبنچر ز کا اجرا مگر 5% پریمیم پر قابل ادائیگی۔

6۔ 100 روپے کی قدر والے 9% کے 10,000 ڈبنچر ز کا 5% پریمیم پر اجرا اور 5% پریمیم پر قابل ادائیگی۔

## حل

### روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 1,00,000 | |
| 1 | 9% ڈبنچر درخواست و الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 1,00,000 |
| | (قرض ناموں کا زر درخواست موصول) | | | |
| | ڈبنچر درخواست و الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 1,00,000 | |
| | 9% ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | 1,00,000 |
| | (زر درخواست ڈبنچر کھاتے میں منتقل) | | | |
| 2 | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 1,05,000 | |
| | 9% ڈبنچر درخواست و الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 1,05,000 |
| | (ڈبنچر ز کا زر درخواست موصول ہوا) | | | |
| | ڈبنچر درخواست و الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 1,05,000 | |
| | 9% ڈبنچر کھاتہ سے | | | 1,00,000 |
| | سیکورٹیز پریمیم کھاتہ سے | | | 5,000 |
| | (ڈبنچر ز کا زر درخواست ڈبنچر ز اور سیکورٹیز پریمیم کھاتہ میں منتقل) | | | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 3 | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 95,000 | |
| | 9% ڈبنچر درخواست والاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 95,000 |
| | (ڈبنچرز کا زردرخواست موصول) | | | |
| | 9% ڈبنچرز درخواست والاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 95,000 | |
| | ڈبنچر اجرا پر بٹہ کھاتہ ڈیبٹ | | 5,000 | |
| | 9% ڈبنچرز کھاتہ سے | | | 1,00,000 |
| | (ڈبنچرز کا زردرخواست ڈبنچرز کھاتہ میں منتقل) | | | |
| 4 | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 1,00,000 | |
| | 9% ڈبنچر درخواست والاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 1,00,000 |
| | (ڈبنچرز کا زردرخواست موصول ہوا) | | | |
| | ڈبنچر درخواست والاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 1,00,000 | |
| | ڈبنچرز اجرا پر نقصان کھاتہ ڈیبٹ | | 5,000 | |
| | ڈبنچرز کھاتہ سے | | | 1,00,000 |
| | ڈبنچرز کی بازادائیگی پر پریمیم کھاتہ سے | | | 5,000 |
| | (ڈبنچرز کا زردرخواست ڈبنچر کھاتہ میں منتقل) | | | |
| 5 | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 95,000 | |
| | 9% ڈبنچر درخواست اور الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 95,000 |
| | (ڈبنچرز کا زردرخواست موصول) | | | |
| | ڈبنچر درخواست اور الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 95,000 | |
| | ڈبنچر اجرا پر نقصان کھاتہ ڈیبٹ | | 10,000 | |
| | 9% ڈبنچرز کھاتہ سے | | | 1,00,000 |
| | ڈبنچرز کی بازادائیگی پر پریمیم کھاتہ سے | | | 5,000 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | (ڈبنچر ز کا زر درخواست ڈبنچر اور ڈبنچر کھاتے پر پریمیم کھاتے میں منتقل) | | | |
| 6 | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 1,05,000 | |
| | 9% ڈبنچر درخواست اور الاٹمنٹ کھاتے سے | | | 1,05,000 |
| | (ڈبنچر کا زر درخواست موصول) | | | |
| | ڈبنچر درخواست اور الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 1,05,000 | |
| | ڈبنچر اجرا پر نقصان کھاتہ ڈیبٹ | | 5,000 | |
| | 9% ڈبنچر کھاتے سے | | | 1,00,000 |
| | ڈبنچر ز کی بازادائیگی پر پریمیم کھاتے سے | | | 5,000 |
| | سیکورٹیز پریمیم کھاتے سے | | | 5,000 |
| | ڈبنچر کا زر درخواست ڈبنچر کھاتے میں منتقل | | | |

## مثال 16

آپ سے X لمیٹڈ کی کتابوں میں ڈبنچر اجرا سے متعلق روزنامچہ میں اندراج ظاہر کرنے کے لیے مطالبہ کیا جاتا ہے اور بتائیے کہ تختہ توازن میں مندرجہ ذیل معاملات کس طرح ظاہر کیے جائیں گے۔

(a) 1,000 روپے فی ڈبنچر کی قدر والے 120، 8% ڈبنچر ز 5% بٹہ پر جاری کیے گئے اور مساوی قدر پر واپس کیے گئے۔

(b) 1,000 روپے فی ڈبنچر کی قیمت والے 150، 7% ڈبنچر ز 5% بٹہ پر جاری کیے گئے اور 10% کے پریمیم پر واپس کیے گئے۔

(c) 5% پریمیم پر 1,000 روپے والے 80، 9% ڈبنچر ز جاری کیے گئے۔

(d) 100 روپے فی ڈبنچر کے حساب سے دیگر 400، 8% ڈبنچر ز بطور ضمانتی سیکورٹی 40,000 روپے کے قرض کے برخلاف جاری کیے گئے۔

## حل

# x لمیٹڈ کے کھاتے

## روزنامچہ

(a)

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 1,14,000 | |
| | ڈبنچرز کے اجرا پر بٹہ کھاتہ ڈیبٹ | | 6,000 | |
| | 8% ڈبنچرز کھاتہ سے | | | 1,20,000 |
| | (120، 8% ڈبنچرز کا 5% بٹہ پر مساوی واپسی پر اجرا) | | | |

## x لمیٹڈ کا تختہ توازن

| واجبات | رقم (روپے میں) | اثاثے | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|
| محفوظ قرضے: | | بینک میں نقد | 1,14,000 |
| 8% ڈبنچرز | 1,20,000 | متفرق اخراجات | |
| | | ڈبنچرز پر بٹہ | 6,000 |

## روزنامچہ

(b)

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 1,42,500 | |
| | ڈبنچرز اجرا پر نقصان ڈیبٹ | | 22,500* | |
| | 7% ڈبنچرز کھاتہ سے | | | 1,50,000 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | ڈبنچرز کی بازادائیگی پر پریمیم کھاتہ سے<br>(5% کے بٹہ پر 150، 7% ڈبنچرز پر اجرا اور<br>10% پریمیم پر واپسی) | | | 15,000 |

* ڈبنچر اجرا پر بٹہ 7,500 روپے اور ڈبنچرز کی واپسی پر پریمیم 15,000 روپے

## x لمیٹڈ کا تختہ توازن

| واجبات | رقم (روپے میں) | اثاثے | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|
| محفوظ قرضے: | | بینک میں نقد | 1,42,500 |
| 7% ڈبنچرز | 1,50,000 | متفرق اخراجات | |
| ڈبنچرز کی واپسی پر پریمیم | 15,000 | ڈبنچر اجرا پر نقصان | 22,500 |

## روزنامچہ

(c)

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 84,000 | |
| | 9% ڈبنچرز کھاتہ سے | | | 80,000 |
| | سیکورٹیز پریمیم کھاتہ سے | | | 4,000 |
| | (1,000 روپے فی ڈبنچر کی قدر کے 80 9% ڈبنچرز کا 5% پریمیم پر اجرا) | | | |

## x لمیٹڈ کا تختہ توازن

| واجبات | رقم (روپے میں) | اثاثے | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|
| ذخیرے و اضافے: (ریزرو اور سرپلس) | | بینک میں نقد | 84 000 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکورٹیز پریمیم | 4,000 | | |
| محفوظ قرضے | | | |
| 9%ڈبنچر ز | 80,000 | | |

## روزنامچہ

(d)

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپیے میں) | کریڈٹ رقم (روپیے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | ڈبنچر ز سسپنس کھاتہ ڈیبٹ | | 40,000 | |
| | 8%ڈبنچر ز کھاتہ | | | 40,000 |
| | (100 وپیے کی قدر والے 400، 8%ڈبنچر ز کا 40,000 روپیے کے قرض کے لیے ضمانتی سیکورٹی کے طور پر اجرا) | | | |

## x لمیٹڈ کا تختہ توازن

| واجبات | | رقم (روپیے میں) | اثاثے | رقم (روپیے میں) |
|---|---|---|---|---|
| محفوظ قرضے: | | | | |
| بینک قرض | | 40,000 | | |
| 400، 8%ڈبنچر ز | | | | |
| 100 روپیے | 40,000 | | | |
| منہا: ڈبنچر ز | 40,000 | | | |
| زسسپنس کھاتہ | | ------- | | |

### آپ اسے خود کیجیے

1۔ نینا لمیٹڈ نے 100 روپے فی 50,000، 10% ڈبنچر ز مندرجہ ذیل شرائط کی بنیاد پر جاری کیے۔

(a) ڈبنچر ز مساوی قیمت پر جاری کیے گئے اور مساوی قوت پر واپسی

(b) ڈبنچر ز 5% بٹہ پر جاری اور مساوی قیمت پر قابل ادائیگی۔

(c) ڈبنچر ز 10% کے پریمیم پر جاری اور مساوی قیمت پر قابل ادائیگی۔

(d) ڈبنچر ز مساوی قیمت پر جاری اور 10% پریمیم پر واپسی۔

(e) 5% کے بٹہ پر جاری اور 10% کے پریمیم پر قابل ادائیگی۔

(f) ڈبنچر ز 6% کے پریمیم اور 4% کے پریمیم پر قابل ادائیگی۔

مندرجہ بالا معاملات میں اجرا اور ڈبنچر ز کی واپسی کے وقت ضروری روز نامچہ اندراجات درج کیجیے۔

2۔ مندرجہ ذیل پر ایک کا لازمی روز نامچہ اندراج کیجیے۔

(a) 100 روپے فی 27,000، 7% ڈبنچر ز مساوی قیمت پر جاری کیے گئے اور ان کی مساوی قیمت پر ہی باز ادائیگی کی گئی۔

(b) 100 روپے فی قدر والے 25,000، 7% ڈبنچر ز مساوی قیمت پر جاری اور 4% پریمیم پر قابل ادائیگی۔

(c) 100 روپے کی قدر والے 20,000، 7% ڈبنچر ز 5% بٹہ پر جاری اور مساوی قدر پر قابل ادائیگی۔

(d) 100 روپے کی قیمت والے 30,000 7% ڈبنچر ز 5% بٹہ پر جاری اور % پریمیم پر قابل واپسی۔

(e) 100 روپے فی ڈبنچر ز کے حساب سے 35,000، 7% ڈبنچر ز 4% پریمیم پر جاری اور قابل واپسی۔

## 2.9 قرض ناموں پر سود

جب کمپنی قرض نامے جاری کرتی ہے تو ڈبنچر ز کی باز ادائیگی تک میعادی طور پر مقررہ شرح سود ششماہی ادا کرنے کی قانوناً پابند ہوتی ہے۔ فی صدی عموماً ڈبنچر ز کے نام کے ساتھ منسلک رہتی ہے جیسے 8% ڈبنچر ز، 10% ڈبنچر ز وغیرہ اور اس پر سود ڈبنچر کی ظاہری قدر پر شمار کیا جاتا ہے۔

قرض ناموں (ڈبنچر ز) پر سود کمپنی کے منافع پر ایک بار ہوتا ہے اور اس کی ادائیگی ہر حالت میں کی جاتی ہے خواہ اسے نفع ہو یا نہ ہو۔ انکم ٹیکس ایکٹ 1961 کے مطابق کمپنی کو ڈبنچر ز پر ادا کیے گئے سود میں سے مجوزہ شرح سے انکم ٹیکس لازمی طور پر کاٹ لینا چاہیے اگر

یہ تجویز کردہ حد سے تجاوز کرتا ہے تو یہ ماخذ پر منہائی Tax Deduced at Source (TDS) کہلاتا ہے اور محکمہ ٹیکس میں جمع کرانا ہوتا ہے۔ بے شک حاصل قرض نامہ سے ان پر واجب الادا ٹیکس کے برخلاف اس رقم کو ایڈجسٹ کرا سکتے ہیں۔

**2.9.1 حسابی عمل**

کمپنی کے کھاتوں میں ڈبنچرز پر سود سے متعلق مندرجہ ذیل روزنامچہ اندراج کیا جاتا ہے۔

1۔ جب سود واجب ہو

ڈبنچر سود کھاتہ ڈیبٹ

انکم ٹیکس واجب الادا کھاتہ سے

حامل ڈبنچر کھاتہ سے

(ڈبنچرز پر سود کی رقم واجب اور ماخذ پر منہا کر لیا گیا)

2۔ حامل ڈبنچرز کو سود کی ادائیگی پر

حامل ڈبنچرز کھاتہ ڈیبٹ

بینک کھاتہ سے

(حامل ڈبنچرز کو سود ادا کر دیا گیا)

3۔ ڈبنچر سود کھاتہ کی نفع نقصان کھاتہ میں منتقلی پر

نفع نقصان کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر سود کھاتہ سے

(ڈبنچر سود نفع نقصان کھاتہ میں منتقل)

4۔ سرکار کو ٹیکس کی ماخذ پر منہائی کی ادائیگی پر

انکم ٹیکس واجب الادا کھاتہ ڈیبٹ

بینک کھاتہ سے

(ڈبنچر کے سود پر ٹیکس کی ماخذ پر منہائی پر ادائی)

## مثال 17

یکم جنوری 2004 کو A لمیٹڈ نے 100 روپیے فی ڈبنچر کی قدر والے 2,000، 10% ڈبنچرز 10% بٹے پر جاری کیے جو 10% پریمیم پر قابل ادائیگی تھے۔

ڈبنچر اجرا اور 31 دسمبر 2004 کو اختتام پذیر مدت کے لیے ڈبنچر سود سے متعلق روزنامچہ اندراج کیجیے یہ مانتے ہوئے کہ سود کی رقم ششماہی 30 جون اور 31 دسمبر کو ادا کی گئی تھی اور ٹیکس ماخذ پر منہائی 10% ہے A لمیٹڈ کلینڈر پر اس کو اپنا حسابی سال تصور کرتی ہے۔

## حل

### A لمیٹڈ کا کھاتہ
### روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپیے میں) | کریڈٹ رقم (روپیے میں) |
|---|---|---|---|---|
| یکم جنوری 2004 | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 1,80,000 | |
| | 10% ڈبنچر درخواست اور الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 1,80,000 |
| | (2,000، 10% ڈبنچر زکا زر درخواست موصول) | | | |
| | 10% ڈبنچر زدرخواست والاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 1,80,000 | |
| | ڈبنچر اجرا نقصان کھاتہ ڈیبٹ | | 40,000 | |
| | 10% ڈبنچر کھاتہ سے | | | 2,00,000 |
| | ڈبنچر زکی بازادائیگی پر پریمیم کھاتہ سے | | | 20,000 |
| | (10% بٹہ پر ڈبنچر ز کا الاٹمنٹ اور 10% پریمیم پر قابل ادائیگی) | | | |
| 30 جون 2004 | 10% ڈبنچر سود کھاتہ ڈیبٹ | | 10,000 | |
| | حامل ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | 9,000 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | انکم ٹیکس واجب الادا کھاتہ سے | | | 1,000 |
| | (6 ماہ کا سود واجب اور ٹیکس ماخذ پر منہا) | | | |
| | 10% حامل ڈبنچرز کھاتہ ڈیبٹ | | 9,000 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | 9,000 |
| | (سود کی ادائیگی) | | | |
| 31 دسمبر | 10% ڈبنچر سود کھاتہ ڈیبٹ | | 10,000 | |
| | حامل ڈبنچر کھاتہ سے | | | 9,000 |
| | انکم ٹیکس واجب الادا کھاتہ سے | | | 1,000 |
| | (6 ماہ کا سود واجب اور ٹیکس ماخذ پر منہا کیا گیا) | | | |
| | 10% حامل ڈبنچر کھاتہ ڈیبٹ | | 9,000 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | 9,000 |
| | (سود کی ادائیگی) | | | |
| | انکم ٹیکس واجب الادا کھاتہ ڈیبٹ | | 2,000 | |
| 31 دسمبر | بینک کھاتہ سے | | | 2,000 |
| | (ماخذ پر منہا ٹیکس حکومت کو ادا کیا گیا) | | | |
| | نفع نقصان کھاتہ ڈیبٹ | | 20,000 | |
| | ڈبنچر سود کھاتہ سے | | | 20,000 |
| | (ڈبنچر سود نفع نقصان کھاتہ میں منتقل) | | | |

## آپ اسے خود کیجیے

1۔ یکم اپریل 2002 کو دوارکا انٹر پرائز لمیٹڈ نے 10,00,000، 6% ڈبنچرز جاری کیے۔ 30 ستمبر 2002 اور 31 مارچ 2006 کو سود کی ادائیگی کی گئی۔ یہ تصور کرتے ہوئے کہ سود کی رقم میں سے 30 فی صد انکم ٹیکس منہا کیا گیا ہے۔ ضروری روزنامچہ اندراج کیجیے۔

(اختتام سال 31 مارچ 2003 ٹیکس کی رقم 18,000 روپے)

2۔ لیزر انڈیا لمیٹڈ نے 100 روپیے فی ڈبنچر کے حساب سے 7,00,000، 8% ڈبنچرز مساوی قدر پر جاری کیے۔ کمپنی نے ان ڈبنچرز پر انکم ٹیکس ماخذ پر منہا کیا۔ 30 ستمبر اور 31 مارچ کو ان ڈبنچر پر ہر سال سود ششماہی طور پر ادا کرنا ہوتا ہے۔ ششماہی طور پر کاٹی گئی انکم ٹیکس کی رقم 2,80,000 روپیے ہے۔

## 2.10 بٹہ (کٹوتی) کی منسوخی/قرض ناموں کے اجرا پر نقصان

بٹہ/قرض ناموں کے اجرا پر نقصان اصل سرمایہ کا نقصان ہوتا ہے یا فرضی اثاثہ ہوتا ہے چنانچہ قرض ناموں کے دوران وجود منسوخ کردے جانے چاہئیں، کٹوتی/قرض ناموں پر نقصان کی رقم عام طور پر اجرا کے سال ہی منسوخ نہیں ہونی چاہیے کیونکہ قرض ناموں کا فائدہ کمپنی کو ان کی بازادائیگی تک حاصل ہوتا ہے۔ بٹہ/نقصان سرمایہ کا نقصان گردانا جاتا ہے اور ڈبنچر کی مدت گویا 5-7 سال پر پھیلی ہوتی ہے اسی دوران تختہ توازن کے اثاثوں کی جانب متفرق اخراجات کی مد کے تحت ظاہر کیا جانا چاہیے کمپنیز ایکٹ 1956 کی دفعہ 78 بھی بٹہ/اجرا ڈبنچر پر نقصان کو قلم زد کرنے کے لیے 'سیکورٹیز پریمیم کھاتہ' اور دیگر سرمایہ منافعوں کے استعمال کی اجازت دیتی ہے۔ تاہم اگر سرمایہ منافع نہ ہو یا اگر سرمایہ منافع ناکافی ہو تو اس قسم کے بٹہ/نقصان کو ہر سال محاصل منافع کے برخلاف قلم زد کیا جاسکتا ہے جس کے لیے مندرجہ ذیل اندراج کیا جائے گا۔

نفع نقصان کھاتہ ڈیبٹ

بٹہ/ڈبنچر اجرا پر نقصان کھاتہ سے

(بٹہ/ڈبنچر اجرا پر نقصان قلم زد کیا گیا)

بٹہ/ڈبنچر اجرا پر نقصان کو حاصل منافع کے برخلاف قلم زد کرنے کے لیے دو طریقے استعمال کیے جاسکتے ہیں جو درج ذیل ہیں۔

1۔ مقررہ قسط کا طریقہ: مقررہ مدت کے ختم ہونے پر جب ڈبنچرز کی تلافی کی جاتی ہے تو بٹہ کی کل رقم مقررہ رقم کی مساوی قسطوں میں قلم زد کی جانی چاہیے۔ مثال کے طور پر اگر ڈبنچرز کی تلافی 10 سال کے بعد کی جانی ہو تو بٹہ کی کل رقم 1,00,000 میں سے ہر سال 10,000 روپیے قلم زد کیے جائیں گے۔

2۔ تغیر پذیر قسط کا طریقہ کار: جب ڈبنچرز کی بازادائیگی سالانہ وصولیابی یا قسطوں میں کی جاتی ہو تو ہر حسابی سال کے اختتام پر ڈبنچرز بقایا تناسب میں قلم زد ہونا چاہیے۔ اس طریقہ کار کے تحت بٹہ کی رقم ہر سال کم ہوتی چلی جاتی ہے اور اس طرح اس طریقہ تخفیفی قسط طریقہ کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔

مثال کے طور پر ایک کمپنی نے 10% بٹہ پر 15,00,000، 9% ڈبنچرز جاری کیے جو ہر سال کے اختتام پر 3,00,000 روپے کی سالانہ وصولیابی کے ذریعے قابل واپسی تھے ہر سال قلم زد کی جانے والی بٹہ کی رقم درج ذیل طریقے پر شمار کی جائے گی۔

| سال | سال بھر کے دوران استعمال شدہ رقم | تناسب |
|---|---|---|
| پہلا سال | 15,00,000 روپے | 5 |
| دوسرا سال | 12,00,000 روپے | 4 |
| تیسرا سال | 9,00,000 روپے | 3 |
| چوتھا سال | 6,00,000 روپے | 2 |
| پانچواں سال | 3,00,000 روپے | 1 |

چنانچہ ہر سال قلم زد کی جانے والی بٹہ کی رقم درج ذیل ہوگی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلا سال | 1,50,000 روپے | =5/15 | 50,000 روپے |
| دوسرا سال | 1,50,000 روپے | =4/15 | 40,000 روپے |
| تیسرا سال | 1,50,000 روپے | =3/15 | 30,000 روپے |
| چوتھا سال | 1,50,000 روپے | =2/15 | 20,000 روپے |
| پانچواں سال | 1,50,000 روپے | =1/15 | 10,000 روپے |

**مثال 18**

X لمیٹڈ نے 5% بٹہ پر 100 روپے فی ڈبنچر کے حساب سے 5,000، 16% ڈبنچرز جاری کیے جو 5 سال بعد 5% پریمیم پر قابل واپسی تھے آپ سے پانچ سال کی مدت کے دوران ڈبنچر اجرا پر نقصان قلم زد کرنے کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔

**حل**

**X لمیٹڈ کے کھاتے**

**روزنامچہ**

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 4,75,000 | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | ڈبنچر درخواست والاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 4,75,000 |
| | (ڈبنچر کا زردرخواست موصول) | | | |
| | ڈبنچر زدرخواست الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 4,75,000 | |
| | ڈبنچر پرنقصان کھاتہ ڈیبٹ | | 50,000 | |
| | 16% ڈبنچر کھاتہ سے | | | 5,00,000 |
| | ڈبنچر واپسی پر پریمیم کھاتہ سے | | | 25,000 |
| | (ڈبنچر کھاتہ میں ڈبنچر کا زرِدرخواست جو 5% پریمیم پر قابل ادائیگی تھا منتقل کیا گیا) | | | |
| پہلا سال | نفع نقصان کھاتہ ڈیبٹ | | 10,000 | |
| | ڈبنچر اجراپر نقصان کھاتہ سے | | | 10,000 |
| دوسرا سال | نفع نقصان کھاتہ ڈیبٹ | | 10,000 | |
| | ڈبنچر اجراپر نقصان کھاتہ سے | | | 10,000 |
| تیسرا سال | نفع نقصان کھاتہ ڈیبٹ | | 10,000 | |
| | ڈبنچر اجرا نقصان کھاتہ سے | | | 10,000 |
| چوتھا سال | نفع نقصان کھاتہ ڈیبٹ | | 10,000 | |
| | ڈبنچر اجرا نقصان کھاتہ سے | | | 10,000 |
| پانچواں سال | نفع نقصان کھاتہ ڈیبٹ | | 10,000 | |
| | ڈبنچر اجرا نقصان کھاتہ سے | | | 10,000 |

## ڈبنچر اجرا نقصان کھاتہ

ڈیبٹ کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|
| یکم جنوری (پہلا سال) | ڈبنچرز | 50,000 | 31 دسمبر (پہلا سال) | نفع نقصان | 10,000<br>40,000 |
| | | **50,000** | | | **50,000** |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| یکم جنوری (دوسرا سال) | برسابق باقی b/d | 40,000 | 31 دسمبر (دوسرا سال) | نفع نقصان | 10,000 |
| | | | | برسابق باقی (c/d) | 30,000 |
| | | **40,000** | | | **40,000** |
| یکم جنوری (تیسرا سال) | برسابق باقی b/d | 30,000 | 31 دسمبر (تیسرا سال) | | 10,000 |
| | | | | برسابق باقی (c/d) | 20,000 |
| | | **30,000** | | | **30,000** |
| یکم جنوری (چوتھا سال) | برسابق باقی b/d | 20,000 | 31 دسمبر (چوتھا سال) | نفع نقصان | 10,000 |
| | | | | برسابق باقی (c/d) | 10,000 |
| | | **20,000** | | | **20,000** |
| یکم جنوری (پانچواں سال) | برسابق باقی b/d | 10,000 | 31 دسمبر (پانچواں سال) | نفع نقصان | 10,000 |
| | | **10,000** | | | **10,000** |

### مثال 19

ایک کمپنی نے 6% کی رعایت پر 2,00,000 روپے تحریری قیمت والے 9% ڈبنچرز جاری کیے۔ ڈبنچرز کی ادائیگی 40,000 روپے سالانہ وصولیابی کی ذریعے تھی۔ آپ بٹہ پر ڈبنچر اجرا سے کس طرح نمٹیں گے؟ کمپنی کے لیجر میں وقفہ ڈبنچر کے لیے بٹہ کھاتہ ظاہر کیجیے۔

### حل

## ڈبنچر اجرا پر بٹہ کھاتہ

ڈیبٹ کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|
| یکم جنوری (سال اول) | 9% ڈبنچرز | 12,000 | 31 دسمبر (پہلا سال) | نفع نقصان | 4,000 |
| | | | | برسابق باقی (c/d) | 8,000 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | **12,000** | | | **12,000** |
| یکم جنوری (سال دوم) | برسابق باقی b/d | 8,000 | 31 دسمبر (دوسرا سال) | نفع نقصان | 3,200 |
| | | | | بیلنس c/d | 4,800 |
| | | **8,000** | | | **8,000** |
| یکم جنوری (سال سوم) | برسابق باقی b/d | 4,800 | 31 دسمبر (تیسرا سال) | نقصان نفع | 2,400 |
| | | | | بیلنس c/d | 2,400 |
| | | **4,800** | | | **4,800** |
| یکم جنوری (چوتھا سال) | برسابق باقی b/d | 2,400 | 31 دسمبر (چوتھا سال) | نفع نقصان | 1,600 |
| | | | | بیلنس c/d | 800 |
| | | **2,400** | | | **2,400** |
| یکم جنوری (پانچواں سال) | برسابق باقی b/d | 800 | 31 دسمبر (پانچواں سال) | نفع نقصان | 800 |
| | | **800** | | | **800** |

بنیادی اشارے:

ڈبنچر بٹہ منسوخی ظاہر کرنے والا گوشوارہ استعمال شدہ

| سال کے اختتام پر | ڈبنچرز کی تحریری قیمت (روپے میں) | استعمال کا عرصہ (مدت) | مصنوع (پروڈکٹ) | تناسب | بٹہ کی رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|
| A | B | C | C×B=D | E | (15/E×1,2000) |
| پہلے سال کا اختتام | 2,00,000 | 12 ماہ | 24,00,000 | 5 | 4,000 |
| دوسرے سال کا اختتام | 1,60,000 | 12 ماہ | 19,20,000 | 4 | 3,200 |
| تیسرے سال کا اختتام | 1,20,000 | 12 ماہ | 14,40,000 | 3 | 2,400 |
| چوتھے سال کا اختتام | 80,000 | 12 ماہ | 9,60,000 | 2 | 1,600 |
| پانچویں سال کا اختتام | 40,000 | 12 ماہ | 4,80,000 | 1 | 800 |
| | | | | 15 | |

## مثال20

زیڈ لمیٹڈ نے 100 روپے کی قدر والے 10,000 ڈبنچر ز 8% پر جاری کیے جو درخواست پر 10 روپے اور باقی الاٹمنٹ پر قابل ادائیگی تھے۔ تمام رقم موصول ہوئی کمپنی کے کھاتوں میں روزنامچہ اندراجات کیجیے۔

## حل

### زیڈ لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ اندراجات

| مورخہ | تفصیلات | | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ | ڈیبٹ | | 1,00,000 | |
| | 8% ڈبنچر درخواست سے | | | | 1,00,000 |
| | (ڈبنچر زر درخواست موصول) | | | | |
| | 8% ڈبنچر درخواست کھاتہ | ڈیبٹ | | 1,00,000 | |
| | 8% ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | | 1,00,000 |
| | (زر درخواست ڈبنچر کھاتہ میں منتقل) | | | | |
| | 8% ڈبنچر الاٹمنٹ (تفویض) کھاتہ | ڈیبٹ | | 9,00,000 | |
| | 8% ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | | 9,00,000 |
| | (زر الاٹمنٹ واجب) | | | | |
| | بینک کھاتہ | ڈیبٹ | | 9,00,000 | |
| | 8% ڈبنچر ز الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | | 9,00,000 |
| | (زر الاٹمنٹ موصول) | | | | |

**مثال21**

اے لمیٹڈ نے100 روپیے فی ڈبنچر کی قدر والے5,000، 10%ڈبنچرز10 فی صد پریمیم کے لیے درخواستیں طلب کیں جو درخواست پر25 روپیے، الاٹمنٹ پر50 روپیے (پریمیم شامل) اور باقی اقساط طالبی اول و دوم قابل ادائیگی تھے۔7,500 ڈبنچرز کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں اور الاٹمنٹ درج ذیل طور پر کرنے کا فیصلہ کیا۔

(i) 1,500 امیدواروں کا ڈبنچرز الاٹمنٹ نامنظور کرنا ہے۔

(ii) 1,000 امیدواروں کا پورا الاٹمنٹ کرنا ہے۔

(iii) باقی ڈبنچرز کا الاٹمنٹ تناسب کی بنیاد پر کیا جانا ہے۔

درخواستوں پر زائد موصولہ رقم الاٹمنٹ پر ایڈجسٹ کی جاتی ہے یہ تصور کرتے ہوئے کہ پورا رقم موصول ہوگئی ہے لازمی روزنامچہ میں اندراج کیجیے اور تختہ توازن کا خلاصہ تیار کیجیے۔

**حل**

## اے لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپیے میں) | کریڈٹ رقم (روپیے میں) |
|---|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ | ڈیبٹ | | 1,87,500 | |
| | 10% ڈبنچر درخواست سے | | | | 1,87,500 |
| | (10% ڈبنچرز کا زر درخوست موصول) | | | | |
| | 8% ڈبنچر درخواست کھاتہ | ڈیبٹ | | 1,87,500 | |
| | 10% ڈبنچر کھاتہ سے | | | | 1,25,000 |
| | 10% ڈبنچر الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | | 25,000 |
| | بینک کھاتہ سے | | | | 37,500 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | (زر درخواست ڈبنچر کھاتہ میں منتقل، فاضل رقم واپس اور | | | |
| | زائد رقم ایڈجسٹ کی گئی) | | | |
| | 10% ڈبنچر الاٹمنٹ کھاتہ ڈیبٹ | | 2,50,000 | |
| | 10% ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | 2,00,000 |
| | سیکورٹیز پریمیم کھاتے سے | | | 50,000 |
| | (ڈبنچر ز الاٹمنٹ کی واجب رقم موصول) | | | |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 2,25,000 | |
| | 10% ڈبنچر الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | 2,25,000 |
| | (ڈبنچر ز پر الاٹمنٹ کی رقم موصول) | | | |
| | 10% ڈبنچر فرسٹ اور فائنل کال کھاتہ ڈیبٹ | | 1,75,000 | |
| | 10% ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | 1,75,000 |
| | (ڈبنچر ز پر اقساط طالبی اول و آخر واجب الادا) | | | |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 1,75,000 | |
| | 10% ڈبنچر ز فرسٹ و فائنل کال کھاتہ سے | | | 1,75,000 |
| | (ڈبنچر اقساط طالبی اول و آخر کی رقم موصول) | | | |

## تختہ توازن کا خلاصہ

| واجبات | رقم (روپے میں) | اثاثے | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|
| ریزرو اور سرپلس (ذخیرے و فاضلات) | | | |
| سیکورٹیز پریمیم | 50,000 | بینک میں نقد | 5,50,000 |
| محفوظ قرضے: | | | |
| 10% ڈبنچر ز | 5,00,000 | | |
| | **5,50,000** | | **5,50,000** |

## آپ اسے خود کیجیے

1۔ X لمیٹڈ نے یکم جنوری 1992 کو 100 روپے کی قدر والے 2,000، 10% ڈبنچرز 8% بٹہ پر جاری کیے جو سالانہ وصولیابی کے ذریعے مساوی قیمت پر 31 مارچ 1993 سے شروع ہو کر 4 سال کی مدت میں مندرجہ ذیل بازادائیگی کے منصوبے کے تحت قابل ادائیگی ہیں:

ڈرا (قرعہ) اول 10%، ڈرا دوم 20%، ڈرا سوم 30% ڈرا چہارم 40% ہر سال بٹہ کی رقم منسوخ کیے جانے کا حساب لگائیے یہ تصور کرتے ہوئے کہ X لمیٹڈ اس کو اپنا حسابی سال مانتا ہے۔

2۔ زیڈ لمیٹڈ نے 50 روپے فی ڈبنچر کے حساب سے 15,00,000، 10% ڈبنچرز 10% پریمیم پر جاری کیے جو درخواست پر 20 روپے اور باقی الاٹمنٹ پر قابل ادائیگی تھے۔6 سال کے بعد ڈبنچرز مساوی قیمت پر قابل واپسی تھے۔الاٹمنٹ پر تمام واجب الادا رقم طلب کی گئی اور مناسب طور پر موصول ہوئی،ضروری اندراجات کیجیے جب پریمیم کی رقم

(i) زردرخواست میں شامل ہو

(ii) زرالاٹمنٹ میں شامل ہو

3۔ زیڈ لمیٹڈ نے 1.1.2005 کو 100 روپیے والے 5,000، 10% ڈبنچرز 10 فیصد بٹہ پر جاری کیے۔ڈبنچرز کی قرعہ اندازی کے ذریعے ہر سال 31.12.05 سے شروع ہو کر بازادائیگی کی جاتی ہے ضروری روزنامچہ اندراجات مع ادائیگی سود اور ڈبنچر اجرا پر بٹہ کی منسوخی درج کیجیے۔سود 30 جون اور 31 دسمبر کو قابل ادائیگی ہوتا ہے۔زیڈ لمیٹڈ اپنے کھاتے 31 دسمبر کو بند کرتی ہے۔

4۔ ایم لمیٹڈ نے 1.1.2004 کو 100 روپیے فی ڈبنچر کی قدر والے 10,000 8% ڈبنچرز 10 فیصد کی پریمیم پر جاری کیے۔اس نے 1,90,000 روپیے کی قیمت کے متفرق اثاثہ جات خریدے اور 8% ڈبنچر 5% کے بٹہ پر فروخت کار کو جاری کیے۔اسی تاریخ میں اس نے 1,00,000 روپیے کا بینک سے قرض لے لیا اور 8% ڈبنچر بطور ضامن در ضامن (ضمانتی سیکورٹی) پر جاری کیے۔ایم لمیٹڈ کے کھاتوں میں مناسب اندراجات کیجیے 31.12.2004 کو خلاصہ تختہ توازن تیار کیجیے۔

5۔ 1.1.2005 کو فاسٹ کمپیوٹرز لمیٹڈ نے 100 روپیے کی قیمت والے 20,00,000، 6% ڈبنچرز 4% بٹہ

پر جاری کیے جو 3 سال کے بعد 5% کے پریمیم پر قابل واپسی تھے۔ رقم مندرجہ طور پر قابل ادائیگی تھی

درخواست پر 50 روپے فی ڈبنچر

باقی الاٹمنٹ پر

ڈبنچر اجرا کے لیے ضروری روزنامچہ اندرجات درج کیجیے۔

6۔ ڈی لمیٹڈ نے ای لمیٹڈ سے مبلغ 2,00,000 روپے کی مشینری یکم جنوری 2001 کو خریدی۔ 50,000 روپے تو فوراً ادا کردے گئے اور باقی 1,60,000، 12% ڈبنچر اجرا سے ادائیگی کیے گئے۔ لین دین سے متعلق ضروری اندرجات ڈی لمیٹڈ کے کھاتوں میں کیجیے۔

## مثال 22

ایک لمیٹڈ کمپنی نے 6% بٹہ پر 10,000، 9% فیصد ڈبنچرز جاری کیے۔ یہ ڈبنچرز مساوی طور پر تلافی پذیر ہیں اور 5 سالانہ قسطوں پر پھیلے ہوتے ہیں۔ پانچ سال کا ڈبنچر اجرا کھاتہ پر بٹہ ظاہر کیجیے۔

### حل

## اے لمیٹڈ کے کھاتے

## ڈبنچر کھاتے کے اجرا پر بٹہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|
| سال اول | ڈبنچر | 6,000 | سال اول | نفع اور نقصان | 2,000 |
| | | | | باقی لے جائی گئی c/d | 4,000 |
| | | **6,000** | | | **6,000** |
| سال دوم | برسابق باقی b/d | 4,000 | سال دوم | نفع اور نقصان | 1,600 |
| | | | | باقی لے جائی گئی c/d | 2,400 |
| | | **4,000** | | | **4,000** |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سال سوم | برسابق b/d | 2,400 | سال سوم | نفع اور نقصان | 1,200 |
| | | | | باقی لے جائی گئی c/d | 1,200 |
| | | **2,400** | | | **2,400** |
| سال چہارم | برسابق باقی b/d | 1,200 | سال چہارم | نفع اور نقصان | 800 |
| | | | | باقی لے جائی گئی | 400 |
| | | **1,200** | | | **1,200** |
| سال پنجم | برسابق باقی b/d | 400 | سال پنجم | نفع اور نقصان | 400 |
| | | **400** | | | **400** |

بنیادی اشارے:

ڈبنچر اجرا پر کل بٹہ

$1,00,000 \text{ روپے} \times \frac{6}{100} = 6,000 \text{ روپے}$

منسوخ کیے جانے والے بٹہ کی رقم مندرجہ ذیل طریقے پر متعین کی جائے گی

| سال | رقم | تناسب | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|
| 1 | 1,00,000 | 5 | $2,000 = 6,000 \times \frac{5}{15}$ |
| 2 | 80,000 | 4 | $1,600 = 6,000 \times \frac{4}{15}$ |
| 3 | 60,000 | 3 | $1,200 = 6,000 \times \frac{3}{15}$ |
| 4 | 40,000 | 2 | $800 = 6,000 \times \frac{2}{15}$ |
| 5 | 20,000 | 1 | $400 = 6,000 \times \frac{1}{15}$ |

## اپنی معلومات کی جانچ کیجیے-I

**بتائیے مندرجہ ذیل بیان صحیح (ص) یا غلط (غ) ہیں:**

1۔ ڈبنچر (قرض نامہ) ایک تحریری دستاویز ہے جو کمپنی مہر کے تحت قرض کو تسلیم کرتی ہے۔

2۔ ڈبنچر ذاتی سرمایہ کا حصہ ہے۔

3۔ ڈبنچر ز پر سود کی ادائیگی کمپنی کے منافع پر بار ہوتا ہے۔

4۔ ڈبنچرز تحریری قیمت کے 10% بٹہ سے زیادہ پر جاری نہیں کیے جاسکتے۔

5۔ قابل تلافی (واپسی) ڈبنچرز وہ ہوتے ہیں جو مقررہ مدت کے خاتمے پر قابل ادائیگی ہوتے ہیں۔

6۔ دوامی ڈبنچرز تاواپسی ڈبنچرز کے نام سے بھی جانے جاتے ہیں۔

7۔ ڈبنچر کو حصص میں منتقل نہیں کیا جاسکتا۔

8۔ ڈبنچر پریمیم پر جاری نہیں کیے جاسکتے۔

9۔ ضمانتی سیکورٹی (ضامن در ضامن) ضمنی سیکورٹی ہوتی ہے۔

10۔ ڈبنچرز نہ تو پریمیم پر جاری کیے جاسکتے ہیں اور نہ ہی مساوی قیمت پر قابل واپسی ہوسکتے ہیں۔

11۔ ڈبنچر اجرا کھاتے پر نقصان مالیاتی نقصان ہے۔

12۔ ڈبنچر بازادائیگی کھاتہ پر پریمیم تختہ توازن میں سیکورٹیز پریمیم کے تحت دکھائی جاتی ہے۔

## فصل—II

### 2.11 قرض ناموں (ڈبنچرز) کی بازادائیگی


ڈبنچر کی بازادائیگی (واپسی) کا مطلب ہے اجرا کی شرائط کی مناسبت سے ڈبنچرز کی بابت ذمہ داری کی بے باقی یا برطرفی۔ بالفاظ دیگر ڈبنچرز کی واپسی سے مراد کمپنی کے ذریعے ڈبنچرز کی رقم کی ادائیگی ہے۔ ڈبنچرز کی تلافی یا بازادائیگی کے چار طریقے ہیں اور وہ ہیں:

1۔ یک مشت ادائیگی

2۔ اقساط میں ادائیگی

3۔ کھلے بازار میں خریداری

4۔ حصص یا نئے ڈبنچرز میں تبدیلی کے ذریعے



**یک مشت ادائیگی:** کمپنی تمام رقم کی یک مشت ادائیگی کر کے حامل ڈبنچر ز سے متفقہ مدت کے ختم ہونے پر یا کمپنی کے اختیار پر اس سے قبل ڈبنچر ز واپس خرید لیتی ہے۔اس معاملہ میں ادائیگی کا وقت پہلے سے معلوم ہوتا ہے اور کمپنی حسب ضرورت اپنے مالیاتی ذرائع کی منصوبہ بندی کرسکتی ہے۔

**اقساط میں ادائیگی:** اس طریقے کے تحت ڈبنچر ز کی ادائیگی ڈبنچر ز کے دوران مدت ہر سال کے اختتام پر قسطوں میں کی جاتی ہے۔ ڈبنچر ز واجبات کی کل رقم برسوں میں تقسیم کر دی جاتی ہے اور حقیقی قابل بازادائیگی ڈبنچر ز قرعہ اندازی کے ذریعے ادائیگی کے لیے غیر ادا شدہ (بقایا) ڈبنچر ز میں سے مطلوبہ تعداد کی نشان دہی کر لی جاتی ہے۔

**کھلے بازار میں خرید:** جب کمپنی اسٹاک ایکسچینج کے ذریعے منسوخی کی غرض سے اپنے ہی ڈبنچر ز خریدتی ہے تو ڈبنچر ز کی خریداری اور منسوخی کا یہ عمل کھلے بازار میں خریداری سے منسوب کیا جاتا ہے۔

**حصص یا نئے ڈبنچرز میں تبدیلی:** کوئی بھی کمپنی اپنے ڈبنچر ز کو ڈبنچر ز کی نئی جماعت یا حصص میں تبدیل کر کے واپس لے سکتی ہے۔ اگر حامل ڈبنچر اس پیشکش کو اپنے لیے مفید پاتے ہیں تو یہ ڈبنچر ز کو نئی جماعت یا حصص میں تبدیل کرنے کے حق کا استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ نئے ڈبنچر ز یا حصص مساوی قدر، بٹہ یا پریمیم پر جاری کیے جا سکتے ہیں۔ اگر ڈبنچر ز بنیادی طور پر بٹہ پر جاری کیے گئے ہیں تو اجرا کے وقت ان سے حاصل شدہ اصل رقم جاری کیے جانے والے حصص کی اصل تعداد کا حساب لگانے کی بنیادی طور پر استعمال کی جاتی ہے۔

## 2.12 یک مشت ادائیگی کے ذریعے واپسی (بازادائیگی)

جب کمپنی پوری رقم یک مشت ادا کرتی ہے تو کمپنی کے کھاتوں میں مندرجہ ذیل روزنامچہ اندراجات کیے جاتے ہیں۔

1۔ اگر ڈبنچر واپسی مساوی قدر پر ہو تو

(a) ڈبنچر کھاتہ ڈیبٹ
حامل ڈبنچر ز کھاتہ سے

(b) حامل ڈبنچر ز ڈیبٹ
بینک کھاتہ سے

2۔ اگر ڈبنچر کی واپسی (بازادائیگی) پریمیم پر ہو تو

(a) ڈبنچر کھاتہ ڈیبٹ
ڈبنچر ز کی واپسی پر پریمیم کھاتہ
حامل ڈبنچر ز کھاتہ سے

(b) حامل ڈبنچر کھاتہ ڈیبٹ

بینک کھاتہ سے

**مثال 23**

ڈبنچرز کی بازادائیگی کے وقت مندرجہ ذیل کیفیات میں ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔

1۔ X لمیٹڈ نے 100 روپے فی مساوی قدر والے 500 9% ڈبنچرز جاری کیے جن کی 5 سال بعد مساوی قدر پر سرمایہ سے بازادائیگی ہوتی تھی۔

2۔ X لمیٹڈ نے 100 روپے کی قدر والے 1,000، 12% ڈبنچرز مساوی قدر پر جاری کیے۔ یہ ڈبنچرز 4 سال بعد 10% پریمیم پر قابل واپسی تھے۔

3۔ X لمیٹڈ 12% ڈبنچرز جن کی 1,00,000 روپے کل تحریری قیمت تھی 5% کے پریمیم پر جاری کیے جو 4 سال کے بعد مساوی قدر پر واپس ہوئے تھے۔

4۔ X لمیٹڈ نے 1,00,000 روپے کے 12% ڈبنچرز 5% کے بٹہ پر جاری کیے مگر وہ 5 سال کے اختتام پر 5% پریمیم پر قابل واپسی تھے۔

**حل**

**روزنامچہ**

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 9% ڈبنچرز کھاتہ سے | | 5,00,000 | |
| | حامل ڈبنچرز کھاتہ سے | | | 5,00,000 |
| | (بازادائیگی ڈبنچرز پر رقم واجب الادا) | | | |
| | حامل ڈبنچرز کھاتہ ڈیبٹ | | 5,00,000 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | 5,00,000 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | (حامل ڈبنچرز کو رقم ادا کی گئی) | | | | |
| 2 | 12% ڈبنچرز کھاتہ | ڈیبٹ | | 1,00,000 | |
| | ڈبنچرز بازادائیگی پر پریمیم کھاتہ | ڈیبٹ | | 10,000 | |
| | حامل ڈبنچرز کھاتہ سے | | | | 1,10,000 |
| | ڈبنچرز کی بازادائیگی پر رقم واجب الادا | | | | |
| | حامل ڈبنچر کھاتہ | ڈیبٹ | | 1,10,000 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | | 1,10,000 |
| | حامل ڈبنچرز کو رقم ادا کی | | | | |
| 3 | 12% ڈبنچرز کھاتہ | ڈیبٹ | | 1,00,000 | |
| | حامل ڈبنچرز کھاتہ سے | | | | 1,00,000 |
| | (بازادائیگی پر رقم واجب الادا) | | | | |
| | حامل ڈبنچرز کھاتہ | ڈیبٹ | | 1,00,000 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | | 1,00,000 |
| | حامل ڈبنچرز کو رقم ادا کی) | | | | |
| 4 | 12% ڈبنچرز کھاتہ | ڈیبٹ | | 1,00,000 | |
| | ڈبنچرز بازادائیگی پر پریمیم کھاتہ | ڈیبٹ | | 5,000 | |
| | حامل ڈبنچرز کھاتہ سے | | | | 1,05,000 |
| | ڈبنچرز بازادائیگی پر رقم واجب الادا | | | | |
| | حامل ڈبنچرز کھاتہ | ڈیبٹ | | 1,05,000 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | | 1,05,000 |
| | حامل ڈبنچرز کو رقم ادا کی | | | | |

کمپنیز ایکٹ کے تازہ ترین اہتمام کی رو سے کمپنی کو منافع کا کچھ حصہ ہر سال الگ بچا کر رکھنا چاہیے اور ڈبنچر ز کی بازادائیگی تک ڈبنچر ز بازادائیگی ریزرو (ذخیرے) میں منتقل کر دینا چاہیے۔ اس مقصد کے لیے روزنامچہ اندراج مندرجہ ذیل طور پر ہوگا۔

(a) جہاں کمپنی نے اس ایکٹ کی ابتدا کے بعد ڈبنچر ز جاری کیے ہیں تو یہ ایسے ڈبنچر ز کی بازادائیگی کے لیے ڈبنچر ز بازادائیگی ذخیرے قائم کرے گی جس کے لیے ہر سال اپنے ڈبنچر ز کی بازادائیگی تک اپنے منافع میں سے ایک معقول رقم جمع کرنی ہوگی۔

(b) ڈبنچر ز بازادائیگی ریزرو میں جمع رقم ڈبنچر ز واپسی کے مقصد کے علاوہ کسی اور مد میں کمپنی اس رقم کو استعمال نہیں کرے گا۔

**SEBI کی ہدایات ومشورے**

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج بورڈ آف انڈیا (انجمن تمسکات ومبادلہ ہند) نے ڈبنچر ز کی بازادائیگی کے سلسلے میں کچھ مشورے دیے ہیں۔ ان مشوروں کے مرکزی نکات ہیں۔

1۔ اگر اجرا کی تاریخ کے 16 ماہ کی مدت سے زیادہ کے بعد ڈبنچر ز قابل واپسی ہیں تو ہر کمپنی کو ڈبنچر واپسی ذخیرہ قائم کرنا ہوگا۔

2۔ ڈبنچر واپسی ریزرو کا قیام صرف نا قابل بدل ڈبنچر ز اور جزوی طور پر قابل بدل ڈبنچر کے نا قابل بدل حصہ کے لیے لازمی ہے۔

3۔ کمپنی ڈبنچر اجرا کے کم از کم 5% کے مساوی ڈبنچر ز کی بازادائیگی کے شروع کرنے سے قبل ڈبنچر بازادائیگی ریزرو قائم کرے گی۔

4۔ ڈبنچر واپسی ذخیرے میں سے رقم نکالنے کی اجازت محض 10% ڈبنچر ز کی ذمہ دار کمپنی کے ذریعے پہلے سے ہی کم کر دی گئی ہو۔

سیبی کے مشورے اور ہدایات مندرجہ ذیل صورتوں میں نافذ نہیں ہوں گے۔

(a) انفراسٹرکچر کمپنی (ایک ایسی کمپنی جو مکمل طور پر انفراسٹرکچر سہولیات کے کاروبار کو فروغ دینے، جاری رکھنے اور چلانے میں لگی ہو) اور

(b) ڈبنچر ز جاری کرنے والی کمپنی جس کے ڈبنچر ز کی مدت پختگی 18 ماہ سے زیادہ نہ ہو۔

### 2.12.1 ڈبنچر بازادائیگی ریزرو قائم کرنے سے متعلق چند وضاحتیں

حکومت ہند کے شعبۂ کمپنی معاملات کے سرکلر نمبر 9/2002 بتاریخ 18.4.2002 نے ڈبنچر بازادائیگی ریزرو (DRR) سے متعلق مندرجہ ذیل وضاحتیں جاری کی ہیں۔

بینک آف انڈیا اور بینکنگ کمپنیوں کے ذریعے منضبط ہو۔ یہ عوامی اور ذاتی طور پر جاری کردہ اور ڈبنچر ز دونوں کے لیے لاگو ہوگا۔

(b) ذاتی طور پر جاری کردہ ڈبنچر ز کے معاملے میں DRR کی ضرورت نہیں ہے۔

(c) جاری کردہ ڈبنچر اور زیر غور واپس کیے جانے والے ڈبنچر ز پر سیکشن 117 نافذ ہوگا، لہٰذا زیر غور واپسی 31.12.2002 سے قبل جاری کردہ ڈبنچر ز کے لیے ڈبنچر بازادائیگی ریزرو (ڈی.آر.آر.) قائم کیا جائے گا۔

(d) جاری کردہ ناقابل بدل حصہ پر سیکشن 117 نافذ ہوگا خواہ وہ مکمل یا جزوی طور پر قابل ادائیگی ہوں۔

ڈبنچر بازادائیگی ریزرو کھاتہ تختہ توازن کے واجبات کے تحت ''ریزرو و سرپلس'' (ذخیرے و فاضلات) کے عنوان کے تحت دکھایا جاتا ہے۔ جب ڈبنچر ز کی بازادائیگی ہوتی ہے تو مندرجہ ذیل روزنامچہ اندراج کرنے کے بعد ڈبنچر بازادائیگی ریزرو کی مطلوبہ رقم جنرل ریزرو میں منتقل کردی جاتی ہے۔

**مثال 24**

ایکس۔وائی۔زیڈ لمیٹڈ نے یکم جنوری 2002 کو 100 روپیے کی قدر والے 200، 15% ڈبنچر 10% بٹہ پر جاری کیے جو منافع میں سے 10% پریمیم پر قابل ادائیگی تھے۔ ڈبنچر اجرا اور بازادائیگی کے وقت روزنامچہ اندراج کیجیے اگر ڈبنچر ز 4 سال کے اختتام پر یک مشت واپس کیے جانے ہوں۔ کمپنی ڈائریکٹروں نے 31 دسمبر 2002 کو خفیف ترین رقم ڈبنچر ز بازادائیگی ریزرو منتقل کرنے کا فیصلہ کیا۔

**حل**

**ایکس۔وائی۔زیڈ لمیٹڈ کے کھاتے**

**روزنامچہ**

| مورخہ | تفصیلات | | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپیے میں) | کریڈٹ رقم (روپیے میں) |
|---|---|---|---|---|---|
| یکم جنوری 2002 | بینک کھاتہ | ڈیبٹ | | 18,000 | |
| | ڈبنچر اجرا پر نقصان کھاتہ | ڈیبٹ | | 4,000 | |
| | 15% ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | | 20,000 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | ڈبنچر بازادائیگی پریمیم کھاتہ سے | | | 2,000 |
| | (ڈبنچر ز کا 10% بٹہ پر اجرا اور 10% پریمیم پر واپسی) | | | |
| 31 دسمبر | نفع ونقصان تصرف کھاتہ ڈیبٹ | | 10,000 | |
| | ڈبنچر بازادائیگی ریزرو کھاتہ سے | | | 10,000 |
| | (DRR میں منافع کی منتقلی سیکشن 117(C) اور سیبی کے مطابق) | | | |
| 31 دسمبر 2004 | 15% ڈبنچر ز کھاتہ ڈیبٹ | | 20,000 | |
| | ڈبنچر بازادائیگی پریمیم کھاتہ ڈیبٹ | | 2,000 | |
| | حامل ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | 22,000 |
| | (بازادائیگی پر رقم واجب الادا) | | | |
| | حامل ڈبنچر ز کھاتہ ڈیبٹ | | 22,000 | |
| | بینک کھاتہ | | | 22,000 |
| | (حامل ڈبنچر ز کو رقم کی ادائیگی) | | | |
| | ڈبنچر ز بازادائیگی ریزرو کھاتہ ڈیبٹ | | 10,000 | |
| | جنرل ریزرو (ذخیرہ عام) کھاتہ سے | | | 10,000 |
| | (DRR کی جنرل ریزرو میں منتقلی مکمل بازادائیگی کے بعد) | | | |

یہ بات غور طلب ہے کہ جب بازادائیگی ریزرو قائم کی جاتی ہے تو ڈبنچر ز کی بازادائیگی کو منافع میں سے واپسی کا نام دیا جاتا ہے۔ ورنہ تو اس کو سرمایہ میں سے واپسی کہتے ہیں۔

### آپ اسے خود کیجیے

1۔ ایکس لمیٹڈ نے یکم جنوری 2004 کو 100 روپے کی قدر والے 8,000، 10% ڈبنچر ز 5% پریمیم پر واپسی کا فیصلہ کیا۔ کمپنی کے پاس 9,00,000 روپے نفع نقصان میں جمع ہیں۔ کمپنی ہر سال 31 دسمبر کو اپنے کھاتے بند کر دیتی ہے۔ مندرجہ بالا ڈبنچر ز کے لیے کمپنی روزنامچے میں کون سے اندراجات کرے گی۔

2۔ جی لمیٹڈ نے یکم اپریل 2002 کو 100 روپے کی قدر والے 5,00,000، 12% ڈبنچر ز جاری کیے جو یکم جولائی 2003 کو مساوی قدر پر قابل ادائیگی تھے۔ کمپنی کو 6,000 ڈبنچر ز کی درخواستیں موصول ہوئیں اور تمام امیدواروں کا تناسبی شرح پر الاٹمنٹ دے دیا گیا۔ ڈبنچر ز کی مقررہ تاریخ پر واپسی کر دی گئی۔ ڈبنچر بازادائیگی ریزرو کے لیے ڈبنچر کی واپسی سے قبل کتنی رقم رکھی جائے۔ اجرا اور واپسی سے متعلق مناسب روزنامچہ اندراجات کیجیے۔ ماخذ پر ٹیکس کٹوتی کو نظر انداز کر دیجیے۔

### 2.12.2 اقساط میں ادائیگی کے ذریعے واپسی (بازادائیگی)

جب اجرا کی شرائط کے مطابق ایک مخصوص سال سے شروع کر کے ڈبنچر ز کی بازادائیگی اقساط میں ہوئی ہو تو بازادائیگی کیے جانے والے ڈبنچر ز کی عموماً قرعہ اندازی کی جاتی ہے اور بازادائیگی یا تو منافع میں سے یا پھر سرمایے میں سے کی جاتی ہے۔ اس کے لیے اندراجات درج ذیل ہوں گے۔

1۔ اگر واپسی منافع سے ہو تو

(a) نفع اور نقصان تصرف کھاتہ ڈیبٹ
ڈبنچر بازادائیگی ریزرو کھاتہ سے

(b) ڈبنچر کھاتہ ڈیبٹ
حامل ڈبنچر کھاتہ سے

(c) حامل ڈبنچر کھاتہ ڈیبٹ
بینک کھاتہ سے

2۔ اگر واپسی سرمائے سے ہو تو

(a) ڈبنچر کھاتہ ڈیبٹ

حامل ڈبنچرز کھاتہ سے

(b) حامل ڈبنچرز کھاتہ ڈیبٹ

بینک کھاتہ سے

**مثال 25**

اے. بی. سی لمیٹڈ نے یکم جنوری 2002 کو 100 روپے کی قدر والے 3,000، %14 ڈبنچرز %5 بٹہ پر جاری کیے۔ ان ڈبنچرز پر ہر سال 31 دسمبر کو سود سالانہ قابل ادائیگی ہوتا ہے۔ ڈبنچرز تیسرے، چوتھے اور پانچویں سال کے آخر میں تین مساوی اقساط پر قابل ادائیگی ہیں۔ کمپنی کی کتابوں میں %14 ڈبنچر کھاتہ، ڈبنچر اجرا پر بٹہ کھاتہ اور ڈبنچر سود کھاتہ تیار کیجیے۔

**حل**

**%14 ڈبنچرز کھاتہ**

ڈیبٹ کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | L.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31 دسمبر 02 | بیلنس c/d | | 3,00,000 | یکم جنوری 02 | ڈبنچر درخواست | | 2,85,000 |
| | | | | 31 دسمبر | کٹوتی (بٹہ) ڈبنچر اجرا پر | | 15,000 |
| 31 دسمبر 02 | بیلنس c/d | | **3,00,000** | | | | **3,00,000** |
| | | | 3,00,000 | یکم جنوری 03 | بیلنس b/d | | 3,00,000 |
| | | | **3,00,000** | | | | **3,00,000** |
| 31 دسمبر 04 | بینک کھاتہ | | 1,00,000 | یکم جنوری 04 | بیلنس b/d | | 3,00,000 |
| | بیلنس c/d | | 2,00,000 | | | | |
| | | | **3,00,00** | | | | **3,00,000** |
| 31 دسمبر 05 | بینک کھاتہ | | 1,00,000 | یکم جنوری 05 | بیلنس b/d | | 2,00,000 |
| | بیلنس c/d | | 1,00,000 | | | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | **2,00,000** | | | | **2,00,000** |
| 31 دسمبر 06 | بیلنس c/d | | 1,00,000 | یکم جنوری 06 | بیلنس b/d | | 1,00,000 |
| | | | **1,00,000** | | | | **1,00,000** |

## ڈبنچرز سود کھاتہ

ڈیبٹ | کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31 دسمبر 2002 | بینک | | **42,000** | 31 دسمبر 2002 | نفع اور نقصان | | **42,000** |
| 31 دسمبر 2003 | بینک | | **42,000** | 31 دسمبر 2003 | نفع اور نقصان | | **42,000** |
| 31 دسمبر 2004 | بینک | | **42,000** | 31 دسمبر 2004 | نفع اور نقصان | | **42,000** |
| 31 دسمبر 2005 | بینک | | **28,000** | 31 دسمبر 2005 | نفع اور نقصان | | **28,000** |
| 31 دسمبر 2006 | بینک | | **14,000** | 31 دسمبر 2006 | نفع اور نقصان | | **14,000** |

## ڈبنچر اجرابٹہ (کٹوتی) کھاتہ

ڈیبٹ | کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یکم جنوری 2001 | میزان c/d | | 15,000 | 31 دسمبر 2002 | نفع نقصان | | 3,750 |
| | | | | | میزان c/d | | 11,250 |
| | | | **15,000** | | | | **15,000** |
| یکم جنوری 2003 | میزان c/d | | 11,250 | 31 دسمبر 2003 | نفع اور نقصان | | 3,750 |
| | | | | | میزان | | 7,500 |
| | | | **11,250** | | | | **11,250** |
| یکم جنوری 2004 | میزان c/d | | 7,500 | 31 دسمبر 2004 | نفع نقصان | | 3,750 |
| | | | | | میزان c/d | | 3,750 |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | **7,500** | | | | **7,500** |
| کیم جنوری 2005 | میزان c/d | | 3,750 | 31 دسمبر 2005 | نفع اور نقصان | | 2,500 |
| | | | | | میزان c/d | | 1,250 |
| | | | **3,750** | | | | **3,750** |
| کیم جنوری 2006 | میزان c/d | | 1,250 | 31 دسمبر 2006 | نفع اور نقصان | | 1,250 |
| | | | **1,250** | | | | **1,250** |

بنیادی اشارے:

1۔ ڈبنچر سود کا حساب ہر سال کے ابتدا میں غیر ادا شدہ ڈبنچرز کی رقم پر 14% کے حساب سے لگایا جاتا ہے۔ غیر ادا شدہ ڈبنچرز ہر سال کیم جنوری کو ہوگا۔

| | غیر ادا شدہ ڈبنچرز<br>روپے |
|---|---|
| ابتدا سال 2002 | 3,00,000 |
| ابتدا سال 2003 | 3,00,000 |
| ابتدا سال 2004 | 3,00,000 |
| ابتدا سال 2005 | 2,00,000 |
| ابتدا سال 2006 | 1,00,000 |

2۔ ڈبنچر اجرا پر بٹہ ہر سال کے ابتدا میں غیر ادا شدہ ڈبنچرز کی رقم کے تناسب میں منسوخ کیا جاتا ہے۔ اس کا تناسب 1:2:3:3:3 ہے لہٰذا منسوخ کی جانے والی بٹے کی رقم ہوگی۔

| سال | | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|
| 2002 | $\frac{3}{12}\times 15,000$ | 3.750 |
| 2003 | $\frac{3}{12}\times 15,000$ | 3.750 |
| 2004 | $\frac{3}{12}\times 15,000$ | 3.750 |
| 2005 | $\frac{2}{12}\times 15,000$ | 2.500 |
| 2006 | $\frac{1}{12}\times 15,000$ | 1.250 |

یہ بھی غور طلب ہے کہ کمپنی کو ہر سال واپس کیے گئے ڈبنچر ز کی ظاہری (رسمی) قیمت کے برابر رقم منتقل کرنی ہوگی اور پانچویں سال کے اختتام (31.12.2006) پر اس رقم کو جنرل ریزرو (عام ذخیرہ) میں منتقل کرنا ہوگا۔

## 2.13 کھلے بازار سے خرید کے ذریعے بازادائیگی (واپسی)

جب کمپنی فوری منسوخی کی غرض سے اپنے ہی ڈبنچرز خریدتی ہے تو اس طرح کی خریداور منسوخی کو کھلے بازار میں خرید کے ذریعے بازادائیگی کا نام دیا جاتا ہے۔اس طرح کے انتخاب سے کمپنی کو یہ فائدہ ہوتا ہے کہ کمپنی کو اپنی سہولت کے مطابق جب اس کے پاس فاضل سرمایہ ہوتو انھیں واپس کرسکتی ہے۔دوسرا یہ کہ کمپنی ان ڈبنچرز کو جب وہ مارکیٹ میں بٹہ پر دستیاب ہوں تو خرید سکتی ہے۔

جب ڈبنچرز بازار سے بٹہ پر خرید کر منسوخ کر دے گئے ہوں تو اس کا روزنامچہ اندراج مندرجہ ذیل ہوگا۔

1۔ اپنے ڈبنچر ز ہی کی فوری منسوخی کے لیے خرید پر

ڈبنچر کھاتہ ڈیبٹ

بینک کھاتہ سے

ڈبنچرز کی بازادائیگی منافع کھاتہ سے

2۔ بازادائیگی پر منافع کی منتقلی پر

ڈبنچرز کی بازادائیگی پر منافع کھاتہ ڈیبٹ

کیپٹل ریزرو (سرمایہ ذخیرہ) کھاتہ سے

اگر ڈبنچرز بازار سے اس قیمت پر خریدے گئے ہیں جو ظاہری قیمت سے زائد ہے تو اس رقم سے ڈبنچر بازادائیگی پر بٹہ سے ڈیبٹ کی جاتی ہے۔اس معاملہ میں روزنامچہ اندراج ہوگا۔

1۔ ڈبنچر کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر بازادائیگی پر نقصان کھاتہ ڈیبٹ

بینک کھاتہ سے

2۔ نفع اور نقصان کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر بازادائیگی پر نقصان کھاتہ سے

## مثال 26

X لمیٹڈ نے ذاتی 100 روپیے فی ڈبنچر کی قدر والے 20,000 روپیے کی ظاہری قیمت کے ڈبنچر ز کھلے بازار سے 92 روپیے کی منسوخی کے لیے خریدے۔ مناسب روزنامچہ اندراجات کیجیے۔

| مورخہ | تفصیلات | | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپیے میں) | کریڈٹ رقم (روپیے میں) |
|---|---|---|---|---|---|
| | ڈبنچر کھاتہ | ڈیبٹ | | 20,000 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | | 18,400 |
| | ڈبنچر زبازادائیگی پر منافع کھاتہ سے | | | | 1,600 |
| | (ذاتی ڈبنچر ز 92 روپیے میں مارکیٹ سے خریدے) | | | | |
| | ڈبنچر بازادائیگی پر منافع | ڈیبٹ | | 1,600 | |
| | کیپٹل ریزرو (سرمایہ ذخیرہ) کھاتہ سے | | | | 1,600 |
| | (ڈبنچر ز کی منسوخی پر منافع کی سرمایہ ذخیرہ میں منتقلی) | | | | |
| | نفع اور نقصان تصرف کھاتہ | ڈیبٹ | | 20,000 | |
| | ڈبنچر بازادائیگی ریزرو کھاتہ سے | | | | 20,000 |
| | (منافع کی ڈبنچر بازادائیگی ذخیرہ میں منتقلی) | | | | |

## مثال 27

X لمیٹڈ نے 25,000، 12% ڈبنچر ز واپس کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس نے 98.50 روپیے پر 20,000 روپیے کے ڈبنچر کھلے بازار سے خریدے۔ اخراجات 100 روپیے اور 5,000 روپیے کے باقی ڈبنچر ز قرعہ اندازی کے ذریعے واپس کردے گئے۔ روزنامچہ اندراج کیجیے۔

## حل

# x لمیٹڈ کے کھاتے

## روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپیے میں) | کریڈٹ رقم (روپیے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | 12% ڈبنچر ز کھاتہ ڈیبٹ | | 20,000 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | 19,800 |
| | ڈبنچرز کی بازادائیگی پر منافع کھاتہ سے | | | 200 |
| | (200 ڈبنچرز کی 98.50 فی ڈبنچر کے حساب سے خریدا 100 روپیے اخراجات) | | | |
| | 12% ڈبنچر ز کھاتہ ڈیبٹ | | 5,000 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | 5,000 |
| | (5,000 ڈبنچرز کی بازادائیگی) | | | |
| | ڈبنچر بازادائیگی کھاتہ پر منافع ڈیبٹ | | 200 | |
| | کیپٹل ریزرو (سرمایہ ذخیرہ) کھاتہ سے | | | 200 |
| | ڈبنچرز کی بازادائیگی پر منافع کیپٹل ریزرو میں منتقل) | | | |
| | نفع نقصان تصرف کھاتہ ڈیبٹ | | 25,000 | |
| | ڈبنچر بازادائیگی ریزرو کھاتہ سے | | | 25,000 |
| | (منافع کا ڈبنچر بازادائیگی ذخیرہ میں منتقلی) | | | |

نوٹ: ڈبنچر ز بازادائیگی ریزرو کی باقی رقم جنرل ریزرو (عام ذخیرہ) میں منتقل نہیں کی جاتی اس قیاس کے ساتھ کہ کمپنی مستقبل میں ڈبنچر بازادائیگی کی ذمہ داری رکھتی ہے۔

## مثال28

یکم جنوری2004 کو ایک کمپنی نے 1,000 روپے کی قدر والے1,000 ،6% ڈبنچرز960 روپے پر جاری کیے۔ اجرا کی شرائط کی رو سے ہر سال2005 کے اختتام سے شروع ہو کر یا تو خرید یا پھر قرعہ اندازی کے ذریعے مساوی قدر پر200 ڈبنچرز کی بازادائیگی کی جاتی ہے: 2004 میں10,000 روپے ڈبنچر بٹہ کھاتہ میں قلم زد کر دیا گیا اور ایسا ہی 2005 میں بھی ہوا۔ 31.12.05 کو کمپنی نے80,000 روپے کی تحریری قیمت کے950 روپے فی ڈبنچر کے حساب سے اور1,00,000 روپے کی قیمت کے ظاہری قدر والے900 روپے فی کس کے حساب سے منسوخ کرنے کے لیے ڈبنچرز خریدے۔

مندرجہ بالا لین کا اندراج کیجیے اور بازادائیگی پر نفع بھی ظاہر کیجیے۔

## حل

| مورخہ | تفصیلات | | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|
| یکم جنوری2004 | بینک کھاتہ | ڈیبٹ | | 9,60,000 | |
| | 6% ڈبنچر درخواست و الاٹمنٹ کھاتہ سے | | | | 9,60,000 |
| | (ڈبنچرز کا زر درخواست موصول) | | | | |
| | 6% ڈبنچر درخواست اور الاٹمنٹ کھاتہ | ڈیبٹ | | 9,60,000 | |
| | ڈبنچر اجرا پر بٹہ کھاتہ | ڈیبٹ | | 40,000 | |
| | 6% ڈبنچرز کھاتہ سے | | | | 10,00,000 |
| | (ڈبنچرز زر درخواست ڈبنچرز کھاتہ میں منتقل) | | | | |
| 31 دسمبر | نفع اور نقصان کھاتہ | ڈیبٹ | | 10,000 | |
| | ڈبنچر اجرا پر بٹہ کھاتہ سے | | | | 10,000 |
| | (ڈبنچر اجرا پر بٹہ قلم زد کیا گیا) | | | | |
| 31 دسمبر2005 | ڈبنچر کھاتہ | ڈیبٹ | | 80,000 | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ سے | | | 76,000 |
| | ڈبنچر ز بازادائیگی پر منافع کھاتہ سے | | | 4,000 |
| | 950 روپے فی ڈبنچر خرید کر 80 ڈبنچر ز کی بازادائیگی | | | |
| 31 دسمبر | 6% ڈبنچر ز کھاتہ ڈیبٹ | | 1,20,000 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | 1,08,000 |
| | ڈبنچر ز کی بازادائیگی پر منافع کھاتہ سے | | | 12,000 |
| 31 دسمبر | ڈبنچر ز بازادائیگی پر منافع کھاتہ ڈیبٹ | | 16,000 | |
| | کیپٹل ریزرو (سرمایہ ذخیرہ) کھاتہ سے | | | 16,000 |
| | (ڈبنچر ز کی منسوخی پر منافع سرمایہ ذخیرہ میں منتقل) | | | |
| 31 دسمبر | نفع نقصان تصرف کھاتہ ڈیبٹ | | 2,00,000 | |
| | ڈبنچر بازادائیگی ذخیرہ کھاتہ سے | | | 2,00,000 |
| | (منافع کی ڈبنچر بازادائیگی ذخیرہ میں منتقلی) | | | |
| | نفع نقصان کھاتہ ڈیبٹ | | 10,000 | |
| | ڈبنچر اجرا بٹہ کھاتہ سے | | | 10,000 |
| | (ڈبنچر ز پر بٹہ منسوخ) | | | |

## 2.14 تبدیلی کے ذریعے بازادائیگی

جیسا کہ پہلے بیان کیا جاچکا ہے کہ ڈبنچر کی بازادائیگی ان کی حصص میں تبدیل کر کے کی جاسکتی ہے۔ اگر حامل ڈبنچر کو یہ محسوس ہو کہ یہ پیشکش ان کے لیے فائدہ مند ہے تو وہ اس پیشکش سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ نئے حصص یا ڈبنچر ز مساوی قدر پر، بٹہ پر اور پریمیم پر جاری کیے جاسکتے ہیں۔ یہ بات قابل غور ہے کہ قابل بدل ڈبنچر ز کے سلسلے میں کسی بھی طرح کے ڈبنچر ز بازادائیگی ریزرو کی ضرورت نہیں ہوتی ہے کیونکہ ان کی بازادائیگی کے لیے کسی قسم کے فنڈ کی ضرورت نہیں پڑتی ہے۔

## مثال 29

ارجن پلاسٹک لمیٹڈ نے 100 روپیے فی ڈبنچر کی قدر والے 1,000، 15% ڈبنچر ز کی بازادائیگی کے لیے 10 روپیے فی حصہ 2.50 روپیے کی پریمیم پر حصص جاری کیے۔ کمپنی نے منافع میں سے 50,000 روپیے استعمال کر کے 500 ڈبنچر ز کی بازادائیگی کی اس لین دین کا روزنامچہ اندراج کیجیے۔

## حل

### ارجن پلاسٹک لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپیے میں) | کریڈٹ رقم (روپیے میں) |
|---|---|---|---|---|---|
| | 15% ڈبنچر ز کھاتہ | ڈیبٹ | | 1,00,000 | |
| | حامل ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | | 1,00,000 |
| | (حامل ڈبنچر ز کی رقم واجب الادا) | | | | |
| | حامل ڈبنچر ز کھاتہ | ڈیبٹ | | 1,00,000 | |
| | ایکوٹی شیئر کیپٹل (حصہ سرمایہ) کھاتہ سے | | | | 80,000 |
| | سیکورٹیز پریمیم کھاتہ سے | | | | 20,000 |
| | (2.50 روپیے کی پریمیم پر 800 حصص کا اجرا) | | | | |
| | ڈبنچر کھاتہ | ڈیبٹ | | 50,000 | |
| | حامل ڈبنچر ز کھاتہ سے | | | | 50,000 |
| | (حصہ داروں کی رقم واجب الادا) | | | | |
| | حامل ڈبنچر کھاتہ | ڈیبٹ | | 50,000 | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ سے | | | 50,000 |
| | حامل ڈبنچرز کو رقم کی ادائیگی | | | |
| | نفع نقصان تصرف کھاتہ ڈیبٹ | | 50,000 | |
| | ڈبنچر بازادائیگی ریزرو (ذخیرہ) کھاتہ سے | | | 50,000 |
| | (منافع کی ڈبنچر بازادائیگی ذخیرہ میں منتقلی) | | | |

## 2.15 بازادائیگی فنڈ (ذخیرہ) طریقۂ کار

مقررہ مدت کے اختتام پر ڈبنچرز کی بازادائیگی کے لیے مقررہ فنڈ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کو پورا کرنے کے لیے کمپنی سنکنگ فنڈ (بازادائیگی ذخیرہ) قائم کرنے کا فیصلہ کرتی ہے اور دیگر کاروباری اداروں میں قابل فروخت تمسکات یا بانڈ میں مناسب رقم کی سرمایہ کاری کرتی ہے۔ عام طور پر کمپنی یہ یقین دلاتی ہے کہ بازادائیگی کے وقت ضروری فنڈ کا انتظام کرنے کے لیے ہر سال ایک مناسب رقم الگ نکال کر رکھ لیتی ہے۔ یہ بازادائیگی ریزرو طریقہ کہلاتا ہے جس کے مطابق کمپنی ہر سال قابل تقسیم منافع کا ایک حصہ علاحدہ رکھنے کا معقول انتظام کرتی ہے اور اس پس انداز کی ہوئی رقم کی باہر کے کسی دوسرے کاروبار میں قابل فروخت تمسکات میں سرمایہ کاری کرتی ہے۔ ایک معقول رقم کا سنکنگ فنڈ ٹیبل (جدول) کے حوالے سے حساب لگایا جاتا ہے جو سرمایہ کاری کی شرح سود اور برسوں کی تعداد پر منحصر ہوتا ہے جس کے لیے سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ اس طرح تحقیق شدہ رقم ہر سال منافع میں سے ڈبنچر بازادائیگی فنڈ میں منتقل کی جاتی ہے اور اس کی سرمایہ کاری ڈبنچر واپسی فنڈ سرمایہ کاری کے نام سے موسوم کی جاتی ہے۔ اس سرمایہ کاری سے جو مخصوص رقم کی آمدنی ہوتی ہے (اسے سود کہتے ہیں) جس کی اس مقصد کے لیے آنے والے برسوں میں مقررہ متصرفہ رقم کے ساتھ مکرر سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔ آخری سال میں کمایا گیا سود اور متصرفہ مقررہ رقم کی سرمایہ کاری نہیں کی جاتی۔ دراصل اس مرحلہ پر ڈبنچر بازادائیگی فنڈ سرمایہ کاری کو استعمال کر لیا جاتا ہے اور اس سے حاصل شدہ رقم کو ڈبنچر بازادائیگی فنڈ سرمایہ کاری کی ادائیگی پر کیا گیا نفع یا نقصان بھی ڈبنچر بازادائیگی فنڈ کھاتہ میں منتقل کر دیا جاتا ہے۔ ڈبنچر بازادائیگی فنڈ کھاتہ کا قیام ڈبنچر بازادائیگی ریزرو کے مقصد کو پایۂ تکمیل تک پہنچاتا ہے اور قانون نیز سیبی ہدایات کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔ یہ بازادائیگی کے بعد جنرل ریزرو (عام ذخیرہ) میں منتقل کر دیا جاتا ہے۔

لہٰذا سنکنگ فنڈ طریقۂ کار کے عمل میں شامل اقدامات ہیں—

1۔ سنکنگ فنڈ جدول کی مدد سے علاحدہ کر لیے گئے سالانہ منافع کا حساب لگانا۔

2۔ ہر سال کے اختتام پر منافع کی رقم کو علاحدہ رکھنا اور ڈبنچر بازادائیگی فنڈ (ڈی آر ایف) میں جمع کرانا۔

3۔ پہلے سال کے اختتام پر مساوی رقم کی سرمایہ کاریوں کو خریدنا اور اسے ڈبنچر بازادائیگی سرمایہ کاری فنڈ (ڈی آر ایف آئی) کھاتہ میں منتقل کرنا۔

4۔ ہر آنے والے سال میں سرمایہ کاری پر سود حاصل کرنا۔

5۔ الگ نکال کر رکھے گئے منافع کی مقررہ رقم کے مساوی راس المال اور ہر سال آخری سال کے علاوہ (بازادائیگی کا سال) کمائے گئے سود کی خریداری۔

6۔ آخری سال میں سرمایہ کاری پر سود حاصل کرنا۔

7۔ آخری سال کے لیے منافع کی مقررہ رقم الگ نکال کر رکھنا۔

8۔ بازادائیگی والے سال کے آخر میں راس المال کا استعمال کرنا۔

9۔ ڈبنچر بازادائیگی سرمایہ کاری فنڈ کھاتہ میں دکھائے گئے راس الاموال کی فروخت پر نفع/نقصان کی ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ میں منتقل کرنا۔

10۔ حامل ڈبنچرز کو رقم کی ادائیگی کرنا۔

11۔ ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ میزان کو جنرل ریزرو (عام ذخیرہ) میں منتقل کرنا۔

سنکنگ فنڈ فریق کار ڈبنچر واپسی کی یک مشت ادائیگی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور اس کا جنرل راندراج سال بہ سال مندرجہ ذیل ہوگا۔

1۔ پہلے سال کے اختتام پر

(a) بازادائیگی کے لیے منافع کی مقررہ رقم کی منسوخی کے لیے

نفع نقصان تصرف کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر بازادائیگی فنڈ کھاتہ سے

(b) بازادائیگی کے لیے منسوخ کردہ رقم اصل کاری میں لگانے کے لیے

ڈبنچر واپسی اصل کاری فنڈ کھاتہ ڈیبٹ

بینک کھاتہ سے

2۔ دوسرے سال کے آخر اور آئندہ برسوں کے لیے آخری سال کے علاوہ

(a) ڈبنچر واپسی اصل کاری فنڈ پر سود کی وصولی کے لیے

بینک کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر واپسی پر سود کھاتہ سے

فنڈ اصل کاری کھاتہ سے

(b) ڈبنچر واپسی اصل کاری فنڈ سے ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ میں سود کی منتقلی کے لیے

ڈبنچر واپسی اصل کاری فنڈ پر سود کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ سے

(c) بازادائیگی کے لیے منافع کی مقررہ رقم کی منسوخی کے لیے

نفع نقصان تصرف کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر واپسی فنڈ سے

(d) واپسی کے لیے منسوخ شدہ رقم کی اصل کاری اور ڈی آر ایف آئی پر کمائے گئے سود کی رقم کے لیے

ڈبنچر واپسی سرمایہ کاری فنڈ کھاتہ ڈیبٹ

بینک کھاتہ سے

3۔ آخری سال کے اختتام پر

(a) سود وصولی کے لیے

بینک کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر واپسی پر سود کھاتہ سے

فنڈ سرمایہ کاری کھاتہ سے

(b) ڈبنچر واپسی اصل کاری فنڈ پر سود کی ڈبنچر واپسی سرمایہ کاری فنڈ کھاتہ میں منتقلی کے لیے

ڈبنچر واپسی اصل کاری فنڈ پر سود کھاتہ

ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ سے

(c) بازادائیگی کے لیے منافع کی مقررہ رقم ایک طرف رکھنے کے لیے

نفع نقصان تصرف کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ سے

(d) ڈبنچر واپسی اصل کاری فنڈ استعمال کرنے کے لیے

بینک کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر واپسی اصل کاری فنڈ کھاتہ سے

(e) ڈبنچر واپسی اصل کاری فنڈ کے وصول ہونے پر نفع نقصان کی منتقلی کے لیے منافع کی صورت میں

ڈبنچر واپسی اصل کاری فنڈ کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ سے

نقصان کی صورت میں

ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ ڈیبٹ

ڈبنچر واپسی اصل کاری فنڈ کھاتہ سے

(f) بازادائیگی پر حامل ڈبنچرز کی واجب الادا رقم کے لیے

ڈبنچر کھاتہ ڈیبٹ

حامل ڈبنچرز کھاتہ سے

(g) حامل ڈبنچرز کو ادائیگی کے لیے

حامل ڈبنچرز کھاتہ ڈیبٹ

بینک کھاتہ سے

(h) ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ کے بقایا کو جنرل ریزرو (عام ذخیرہ) میں منتقل کرنے کے لیے

ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ ڈیبٹ

جنرل ریزرو کھاتہ سے

## مثال 30

ایکس لمیٹڈ نے یکم جنوری 2000 کو 10,00,000 ڈبنچر ز جاری کیے۔ان کی 31 دسمبر 2002 کو بازادائیگی کی جانی تھی۔اس مقصد کے لیے کمپنی نے سنکنگ فنڈ قائم کیا۔سرمایہ کاری پر 5% سالانہ سود حاصل کیے جانے کی امید تھی۔سنکنگ فنڈ ٹیبل ظاہر کرتا ہے کہ تین سال میں 0.317208 روپے سالانہ 5% رقم کے لیے 1 روپیہ اصل کاری کی گئی۔31 دسمبر 2002 کو سنکنگ فنڈ اصل کاری پر سود کی وصولیابی سے قبل بینک میں 4,20,000 روپے کا بیلنس تھا۔اس تاریخ میں راس المال (اصل کاری) کی فروخت سے 6,56,000 روپے موصول ہوئے۔

روپیہ کے قریب ترین سود اور اصل کاری کا قریب ترین 100 روپے کا حساب لگایئے۔لازمی روزنامچہ اندرجات کیجیے ڈبنچر کھاتہ، ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ اور ڈبنچر واپسی اصل کاری کھاتہ کمپنی کی کتابوں میں ظاہر کیجیے۔

## حل

## x لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| یکم جنوری 2004 | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>ڈبنچر کھاتہ سے<br>(10,00,000 ڈبنچر ز کا اجرا) | | 10,00,000 | 10,00,000 |
| 31 دسمبر | نفع اور نقصان تصرف کھاتہ ڈیبٹ<br>ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ سے<br>(بازادائیگی کے لیے سالانہ قسط نفع نقصان تصرف کھاتہ میں ڈیبٹ کی گئی) | | 3,17,208 | 3,17,208 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | ڈبنچر واپسی اصل کاری فنڈ کھاتہ ڈیبٹ | | 3,17,200 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | 3,17,200 |
| | (اصل کاری کی خرید) | | | |
| 31 دسمبر 2001 | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | | |
| | ڈبنچر واپسی اصل کاری فنڈ (DRFI) کھاتہ سے | | 15,860 | |
| | (اصل کاری پر 5% کے حساب سے سود موصول) | | | 15,860 |
| | DRFI پر سود کھاتہ ڈیبٹ | | 15,860 | |
| | ڈبنچر واپسی اصل کاری فنڈ کھاتہ سے | | | 15,860 |
| | (DRFI پر سود، ڈبنچر واپسی فنڈ میں منتقل) | | | |
| | نفع اور نقصان تصرف کھاتہ ڈیبٹ | | 3,17,208 | |
| | ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ سے | | | 3,17,208 |
| | (سالانہ قسط نفع نقصان کھاتہ میں داخل) | | | |
| | ڈبنچر واپسی اصل کاری فنڈ کھاتہ | | 3,33,100 | |
| | بینک کھاتہ سے ڈیبٹ | | | |
| | سالانہ قسط نفع نقصان تصرف کھاتہ میں داخل | | | 3,33,100 |
| | (سالانہ قسط مع سود کے لیے راس المال کی خریداری) | | | |
| 31 دسمبر 2002 | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 32,516 | |
| | DRFI پر سود کھاتہ سے | | | 32,516 |
| | (5% کے حساب سے راس المال پر سود موصول) | | | |
| | RDFI پر سود کھاتہ ڈیبٹ | | 32,516 | |
| | ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ سے | | | 32,516 |
| | (RDFI پر سود کی رقم ڈبنچر واپسی فنڈ میں منتقل کی گئی) | | | |
| | نفع اور نقصان تصرف کھاتہ ڈیبٹ | | 3,17,208 | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ سے<br>(سالانہ قسط نفع اور نقصان تصرف کھاتہ میں ڈیبٹ کیا گیا) | | | 3,17,208 |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ<br>ڈبنچر واپسی اصل کاری فنڈ کھاتہ سے<br>(RDFI کی فروخت آمدنی) | | 6,56,000 | 6,56,000 |
| | ڈبنچر واپسی اصل کاری فنڈ کھاتہ ڈیبٹ<br>ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ سے<br>(اصل کاری کی فروخت پر منافع ڈبنچر واپسی کھاتے میں منتقل) | | 5,700 | 5,700 |
| | ڈبنچرز کھاتہ ڈیبٹ<br>حامل ڈبنچر کھاتہ سے<br>(ڈبنچر کی رقم حامل ڈبنچرز کو منتقل) | | 10,00,000 | 10,00,000 |
| | ڈبنچر کھاتہ ڈیبٹ<br>بنک کھاتہ سے<br>(حاملان ڈبنچرز ادائیگی) | | 10,00,000 | 10,00,000 |
| | ڈبنچر واپسی کھاتہ ڈیبٹ<br>(جنرل ریزرو عام ذخیرہ)<br>(ڈبنچر واپسی فنڈ کا جمع میزان جنرل ریزرو میں منتقل) | | 10,05,700 | 10,05,700 |

## ڈبنچر کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | L.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31 دسمبر 2000 | میزان c/d | | 10,00,000 | یکم جنوری 2000 | بینک | | 10,00,000 |
| | | | **10,00,000** | | | | **10,00,000** |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31دسمبر2001 | میزانc/d | | 10,00,000 | یکم جنوری2001 | برسابق باقیb/d | | 10,00,000 |
| | | | **10,00,000** | | | | **10,00,000** |
| 31دسمبر2002 | بینک | | 10,00,000 | یکم جنوری2002 | برسابق باقیb/d | | 10,00,000 |
| | | | **10,00,000** | | | | **10,00,000** |

## ڈبنچر واپسی(بازادائیگی)فنڈ کھاتہ

ڈیبٹ　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31دسمبر2000 | میزانc/d | | 3,17,208 | یکم جنوری 2000 | نفع نقصان تصرف کھاتہ | | 3,17,208 |
| | | | **3,17,208** | | | | **3,17,208** |
| 31دسمبر2001 | میزانc/d | | 6,50,276 | یکم جنوری 2001 | برسابق باقیb/d | | 3,17,208 |
| | | | | | آر.ڈی.ایف.آئی پرسود | | 15,860 |
| | | | | | نفع نقصان تصرف | | 3,17,208 |
| | | | **6,50,276** | | | | **6,50,276** |
| 31دسمبر2002 | جنرل ریزرو (عام ذخیرہ) | | 10,05,700 | یکم جنوری 2002 | برسابق باقیb/d | | 6,50,276 |
| | | | | | آر.ڈی.ایف.آئی. پرسود | | 32,516 |
| | | | | | نفع نقصان تصرف | | 3,17,208 |
| | | | | | ڈی.آر.ایف.آئی | | 5,700 |
| | | | **10,05,700** | | | | **10,05,700** |

## ڈبنچر واپسی(بازادائیگی)اصل کاری(راس المال)فنڈ کھاتہ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31دسمبر2000 | بینک | | 3,17,200 | یکم جنوری2000 | بینک | | 3,17,200 |
| | | | **3,17,200** | | | | **3,17,200** |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31دسمبر2001 | برسابق باقی b/d | | 3,17,200 | یکم جنوری2001 | میزان c/d | | 6,50,300 |
| | بینک | | 3,33,100 | | | | |
| 31دسمبر2002 | برسابق باقی b/d | | **6,50,500** | یکم جنوری2002 | بینک(فروخت آمدنی) | | **6,56,000** |
| | ڈبنچر واپسی فنڈ (DRF) | | 6,50,300 | | | | 6,50,300 |
| | | | 5,700 | | | | |
| | | | **6,56,000** | | | | **6,56,000** |

## بینک کھاتہ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31دسمبر2002 | برسابق باقی b/d | | 4,20,000 | 31دسمبر2002 | ڈبنچر | | 10,00,000 |
| | ڈبنچر واپسی فنڈ (DRF) | | 6,56,000 | | میزان c/d | | 76,000 |
| | | | **10,76,000** | | | | **10,76,000** |
| یکم جنوری2003 | برسابق باقی b/d | | 76,000 | | | | |

نوٹ: بازادائیگی کے لیے منافع کی متصف ہونے والی سالانہ قسط کا حساب 10,00,000×0.317208=3,17,208 لگایا گیا۔

## مثال 31

31 دسمبر کو ایکس وائی زیڈ لمیٹڈ کے تختہ توازن سے مندرجہ ذیل معلومات حاصل ہوتی ہیں۔

| | روپے |
|---|---|
| 15% ڈبنچرز | 15,00,000 |
| ڈبنچر واپسی فنڈ | 11,63,600 |
| ڈبنچر واپسی اصل کاری فنڈ | 11,63,600 |
| (10% سرکاری سیکورٹیز) | |

2004اور2005 کے لیے ڈبنچر واپسی فنڈ کے لیے اعانت1,30,800 روپیے سالانہ تھی۔31دسمبر2005 کو ڈبنچرز ادائیگی واجب ہے۔کمپنی کتابوں میں مندرجہ ذیل کھاتے تیار کیجیے یہ مانتے ہوئے کہ 31دسمبر2005 کو13,52,000 روپے کی سیکورٹیز (تمسکات) وصول ہوئیں اور 31دسمبر کو سود کی فوراً ہی اصل کاری کردی گئی۔

**حل**

## ڈبنچر کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31دسمبر 2004 | میزانc/d | | 15,00,000 | یکم جنوری 2004 | برسابق باقیb/d | | 15,00,000 |
| | | | **15,00,000** | | | | **15,00,000** |
| 31دسمبر 2005 | میزانc/d | | 15,00,000 | یکم جنوری 2005 | برسابق باقیb/d | | 15,00,000 |
| | | | **15,00,000** | | | | **15,00,000** |

## ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31دسمبر 2004 | میزانc/d | | 14,10,760 | یکم جنوری 2004 | برسابق باقی | | 11,63,600 |
| | | | | | ڈبنچر واپسی اصل کاری فنڈ(DRFI) پرسود | | 1,16,360 |
| | | | | 31دسمبر | نفع نقصان تصرف | | 1,30,800 |
| | | | **14,10,760** | | | | **14,10,760** |

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31دسمبر 2005 | بازادائیگی فنڈ اصل کاری جنرل ریزرو (عام ذخیرہ) | | 1,58,760 | یکم جنوری 2005 | برسابق باقی | | 14,10,760 |
| | | | | | ڈبنچر واپسی اصل کاری | | 1,41,076 |
| | | | | 31دسمبر | فنڈDRFIپر سود | | |
| | | | 16,23,876 | | | | 1,30,800 |
| | | | **16,82,636** | | نفع نقصان تصرف | | **16,82,636** |

## ڈبنچر واپسی فنڈ اصل کاری کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یکم جنوری2004 | برسابق باقیb/d | | 11,63,600 | 31دسمبر 2004 | میزان c/d | | 14,10,760 |
| 31دسمبر | بینک | | 2,47,160* | | | | |
| | | | **14,10,760** | | | | **14,10,760** |
| یکم جنوری2005 | برسابق باقیb/d | | 14,10,760 | 31دسمبر | بینک | | 13,52,000 |
| | | | | 2005 | ڈبنچر واپسی ریزرو (ذخیرہ) | | 58,760 |
| | | | **14,10,760** | | | | **14,10,760** |

* سود+قسط=1,16,360 روپے+1,30,800 روپے=2,47,160روپے

## مثال32

ایل۔سی۔ایم۔لمیٹڈ نے500روپے فی کس قدر والے ذاتی10,00,000، 9%ڈبنچر ز480روپے فی ڈبنچر کے حساب سے منسوخی (تنسیخ) کے لیے خریدے۔ مناسب روزنامچہ اندرجات کیجیے۔

## حل

### ایل.سی.ایم لمیٹڈ کے کھاتے

### روزنامچہ

| مورخہ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپے میں) | کریڈٹ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| | ذاتی ڈبنچر کھاتہ ڈیبٹ | | 48,00,00,000 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | 48,00,00,000 |
| | (480روپے فی کس حساب سے ذاتی ڈبنچر ز خریدے) | | | |
| | 9%ڈبنچر کھاتہ ڈیبٹ | | 50,00,00,000 | |
| | ذاتی ڈبنچر کھاتہ | | | 48,00,00,000 |
| | ڈبنچر منسوخی پر منافع کھاتہ | | | 2,00,00,000 |
| | (منسوخی کے لیے ذاتی ڈبنچر ز کی خرید) | | | |
| | ڈبنچر منسوخی پر منافع کھاتہ ڈیبٹ | | 2,00,00,000 | |
| | کیپٹل ریزرو (سرمایہ ذخیرہ) کھاتہ سے | | | 2,00,00,000 |
| | (ڈبنچر منسوخی پر منافع کیپٹل ریزرو میں منتقل) | | | |

**مثال33**

یکم اپریل2000 کو مدھولمیٹڈ کے کھاتوں میں مندرجہ ذیل میزان سامنے آیا۔

| | روپیے |
|---|---|
| 12%ڈبنچرز | 1,50,000 |
| ڈبنچر واپسی فنڈ | 1,25,000 |
| ڈبنچر واپسی فنڈ اصل کاری (راس المال) | 1,25,000 |

ڈبنچر واپسی فنڈ (اصل کاریاں) 130,000، 9% سرکاری سیکورٹیز (تمسکات) کے ذریعے ظاہر ہوئیں۔

فنڈ میں سالانہ قسط20,600 روپیے جوڑی گئی۔31 مارچ2001 کو اصل کاریوں پر سود وصولیابی سے قبل بینک بیلنس 40,000 روپیے تھا۔اس مورخہ پر تمام اصل کاریاں 8% پر فروخت کردی گئیں اور ڈبنچرز کی مناسب طور پر بازادائیگی (واپسی) کردی گئی۔

ڈبنچرز کھاتہ، ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ، ڈبنچر واپسی فنڈ اصل کاری کھاتہ اور بینک برائے سال2001-2000 تیار کیجیے۔کمپنی ہر سال 31 مارچ کو اپنے کھاتے بند کرتی ہے۔

**حل**

## مدھولمیٹڈ کے کھاتے

## ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپیے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپیے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31مارچ2001 | ڈبنچر واپسی فنڈ اصل کاری (فروخت پر نقصان) | | | یکم اپریل2000 | برسابق باقی | | |
| | جنرل ریزرو (عام ذخیرہ) | | | 31مارچ2001 | ڈبنچر واپسی فنڈ اصل کاری پر سود کھاتہ | | 1,25,000 |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | (منتقلی) | | 15,800 | | اصل کاری کھاتہ | | |
| | | | | | (1,30,000 پر 9%) | | 11,700 |
| | | | 1,41,500 | | نفع اور نقصان تصرف کھاتہ | | 20,600 |
| | | | **1,57,300** | | | | **1,57,300** |

## ڈبنچر واپسی فنڈ اصل کاری کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیم اپریل 2001 | برسابق باقی b/d | | | | بینک | | 1,09,200 |
| | (رسمی قیمت 1,30,000) | | 1,25,000 | | 1,30,000 روپے کا 84% نقصان ڈبنچر واپسی فنڈ میں منتقل | | 15,800 |
| | | | **1,25,000** | | | | **1,25,000** |

## بینک کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31مارچ2001 | برسابق باقی b/d | | 40,000 | 31مارچ2000 | ڈبنچر | | 1,50,000 |
| | اصل کاری پرسود | | 11,700 | | میزان c/d | | 10,900 |
| | ڈبنچر واپسی فنڈ اصل کاری (فروخت آمدنی) | | 1,09,200 | | | | |
| | | | **1,60,900** | | | | **1,60,900** |

## 12% ڈبنچر کھاتہ

ڈیبٹ کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بینک کھاتہ | | 1,50,000 | 31 اپریل 2000 | برسابق باقی b/d | | 1,50,000 |
| | | | **1,50,000** | | | | **1,50,000** |

بنیادی اشارے:

1۔ 1,30,000 روپے پر 9% ڈبنچر واپسی فنڈ اصل کاری پر سود 11,700 ہوگا۔

2۔ 84% اصل کاریاں (راس المال) وصول ہوئیں لہٰذا 1,30,000 کی اصل کاری کی وصولیابی 1,09,200 روپے ہوگی۔

### اپنی معلومات کی جانچ کیجیے–II

**مندرجہ ذیل میں صحیح جواب کا انتخاب کیجیے:**

1۔ ڈبنچرز جو محض سپردگی کے ذریعے قابل تبادلہ ہوتے ہیں— کہلاتے ہیں

(a) رجسٹرڈ ڈبنچرز (b) فرسٹ ڈبنچرز (c) دستی تمسک (ڈبنچر)

2۔ ایکس لمیٹڈ کے کھاتوں میں مندرجہ ذیل اندراج ظاہر ہوتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| بینک a/c ڈیبٹ | 4,75,000 | |
| ڈبنچر اجرا پر نقصان ڈیبٹ | 75,000 | |
| 12% ڈبنچرز کھاتہ سے | | 5,00,000 |
| ڈبنچر واپسی پر پریمیم کھاتہ سے | | 50,000 |

ڈبنچر ——بٹہ پر جاری کیے گئے

(a) 15% (b) 5% (c) 10%

3۔ ایکس لمیٹڈ نے 28,80,000 روپے کی مالیت کے اثاثے خریدے۔ اس نے 100 روپے کی قدر والے 4% بٹہ پر مکمل تسکین کے ساتھ خرید بدل پر ڈبنچرز جاری کیے۔ فروشندہ کو جاری کیے گئے ڈبنچرز کی تعداد ہے۔

(a) 30,000 (b) 28,800 (c) 32,000

4۔ 32,000 قبل بدل ڈبنچر زبٹہ پر جاری نہیں کیے جاسکتے ہیں اگر—

(a) انھیں فوری طور پر تبدیل کرنا ہو۔

(b) انھیں فوراً تبدیل نہ کیا جانا ہو۔

(c) ان میں سے کوئی نہیں

5۔ ڈبنچر زاجرا پر بٹہ تختہ توازن میں مندرجہ ذیل عنوان کے تحت ظاہر کیا جاتا ہے۔

(a) نفع نقصان کھاتہ

(b) متفرق اخراجات

(c) ڈبنچر ز کھاتہ

6۔ جب ڈبنچر زمساوی قیمت پر جاری کیے گئے ہوں اور پریمیم پر قابل واپسی ہوں تو اس قسم کے اجرا پر نقصان ڈیبٹ ہوگا۔

(a) نفع نقصان کھاتہ

(b) ڈبنچر درخواست اور الاٹمنٹ (تفویض) کھاتہ

(c) ڈبنچر ز کے اجرا پر نقصان کھاتہ

7۔ کاروبار خریدتے وقت خرید بدل پر خالص اثاثوں کی زائد قیمت — میں جمع کی جاتی ہے۔

(a) جنرل ریزرو (عام ذخیرہ)

(b) سرمایہ ذخیرہ

(c) فروخت کار کھاتہ

8۔ جب تمام ڈبنچر ز کی بازادائیگی ہو جاتی ہے تو ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ کے بیلنس (میزان) کو — میں منتقل کیا جاتا ہے۔

(a) سرمایہ ذخیرہ

(b) جنرل ریزرو (عام ذخیرہ)

(c) نفع نقصان تصرف کھاتہ

9۔ ڈبنچر واپسی فنڈ اصل کاری کھاتہ کی رسمی اور اجرئی قیمت علی الترتیب 1,00,000 اور 96,000 روپے ہے۔ کمپنی نے 30,000 روپے کی رسمی قدر والے راس المال (اصل کاری) اس قیمت پر جو کہ بس 30,000 روپے 10% پریمیم پر بازادائیگی کے لیے موزوں تھے فروخت کیے۔ راس المال کی فروخت کا منافع — ہوگا۔

(a) 4,200 روپے (b) 3,000 روپے (c) کچھ نہیں

10۔ کمپنی کے ذاتی ڈبنچر وہ ہوتے ہیں جن کو۔

(a) کمپنی اپنے خود کے فروغ کاروں کو تفویض کرتی ہے۔

(b) کمپنی اپنے ڈائریکٹر کو تفویض کرتی ہے۔

(c) کمپنی مارکیٹ سے خریدتی ہے اور اصل کاری کے طور پر انھیں رکھتی ہے۔

11۔ اپنے ذاتی ڈبنچرز کی منسوخی پر منافع — میں منتقل کیا جاتا ہے۔

(a) نفع نقصان تصرف کھاتہ

(b) ڈبنچر واپسی ریزرو (ذخیرہ)

(c) سرمایہ ذخیرہ

12۔ جب ڈبنچرز واپسی نفع میں سے کی جاتی ہے تو ایک مساوی رقم — میں منتقل کی جاتی ہے۔

(a) جنرل ریزرو (b) ڈبنچرز واپسی ریزرو (c) کیپٹل ریزرو

13۔ ڈبنچر واپسی فنڈ اصل کاری (راس المال) کی فروخت پر نفع پہلی نذر یہ میں — میں کریڈٹ (جمع) کیا جاتا ہے۔

(a) ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ

(b) نفع اور نقصان تصرف کھاتہ

(c) جنرل ریزرو (عام ذخیرہ) کھاتہ

14۔ اصل کاریوں کی وصولی کے بعد سنکنگ فنڈ اصل کاری کھاتہ کا بیلنس (میزان) — میں منتقل کیا جاتا ہے۔

(a) نفع نقصان کھاتہ

(b) ڈبنچر کھاتہ

(c) سنکنگ فنڈ کھاتہ

15۔ جب ڈبنچرز بٹہ پر جاری کیے جاتے ہیں اور ان کی پریمیم پر باز ادائیگی کی جاتی ہے تو اجرا کے وقت کون سا کھاتہ ڈیبٹ کیا جاتا ہے۔

(a) ڈبنچر کھاتہ

(b) ڈبنچر واپسی پر پریمیم کھاتہ

(c) ڈبنچر اجرا پر نقصان کھاتہ

## اپنی معلومات کی جانچ کیجیے—III

**I مندرجہ ذیل لین دین کے بارے میں نیچے دیے گئے کالم میں کون سا کھاتہ ڈیبٹ کیا جائے گا۔**

| لین دین | ڈیبٹ ہونے والا کھاتہ |
| --- | --- |
| 1۔ کاروبار کی خرید بدل پر فروخت کار کو ڈبنچرز کا اجرا۔ | |
| 2۔ ڈبنچرز کی بازادائیگی (واپسی) کے لیے سنکنگ فنڈ قائم کرنے کے لیے الگ نکال کر رکھی گئی رقم۔ | |
| 3۔ ڈبنچرز کی بازادائیگی کے بعد ڈبنچر واپسی ریزرو کھاتہ کا میزان (بیلنس) | |
| 4۔ کمپنی کے ذریعے ذاتی ڈبنچرز کی خرید۔ | |
| 5۔ ڈبنچرز اجرا پر بٹہ کی منسوخی۔ | |

**II درج ذیل لین دین کے بارے میں کریڈٹ کیے جانے والے کھاتہ کی مندرجہ ذیل کالم میں نشاندہی کیجیے۔**

| لین دین | کھاتہ کریڈٹ کیا جانے والا |
| --- | --- |
| 6۔ بٹہ پر جاری کیے گئے ڈبنچرز اور مساوی قدر پر قابل واپسی۔ | |
| 7۔ سنکنگ فنڈ کھاتہ میں سنکنگ فنڈ اصل کاری پر سود کی منتقلی۔ | |
| 8۔ ڈبنچرز بازادائیگی کے بعد ڈی آر آر (DRR) کھاتہ کا بیلنس (میزان) | |
| 9۔ سنکنگ فنڈ اصل کاری کھاتہ پر سود | |
| 10۔ اجرا ڈبنچر پر نقصان کی قلم زدگی (منسوخی) | |

## آپ اسے خود کیجیے

1۔ 31 مارچ 2003 کو جی لمیٹڈ کے پاس 800 لاکھ 100 روپے فی کس والے 10% ڈبنچرز بازادائیگی کے لیے واجب الادا ہیں۔ یہ مان لیجیے کہ ڈبنچر بازادائیگی ریزرو میں ہیں۔ اس تاریخ کو 3,40,00,00,000 روپے ہیں۔ ڈبنچر بازادائیگی کے وقت ضروری اندراجات کیجیے۔

2۔ آر لمیٹڈ نے یکم جولائی 2000 کو 50 روپے فی کس 88,00,000، 8% ڈبنچر 5% کے پریمیم پر جاری کیے جو 30 جون 2003 کو 20 روپے فی 2% پریمیم حصص کے بدل پر قابل واپسی تھے۔ ڈبنچرز بازادائیگی کے ضروری اندراجات کیجیے۔

3۔ یکم اپریل 2003 کو سی لمیٹڈ کے پاس 200 روپے فی 11,00,000، 10% غیر ادا شدہ ڈبنچر ز تھے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 200 فی کس 20% ڈبنچر زمنسوخی کے لیے خریدنے کا فیصلہ کیا۔ اس کے لیے لازمی اندراجات کیجیے۔

4۔ 10 روپے فی 1,000، 12% ڈبنچر کی بازادائیگی جو مساوی قدر پر جاری کیے گئے تھے کے سلسلے میں کمپنی کھاتوں میں مندرجہ ذیل معاملات کے روزنامچہ اندراجات کیجیے۔

(a) 100 روپے والے 12% ترجیحی حصص میں تبدیلی پر ڈبنچر ز کی مساوی قدر پر بازادائیگی۔

(b) مساوی قدر پر جاری کیے گئے ایکوٹی حصص میں تبدیلی کے ذریعے ڈبنچر ز کی 10% پریمیم پر بازادائیگی۔

(c) 25% پریمیم پر جاری کیے گئے ایکوٹی حصص میں تبدیلی کے ذریعے 10% پریمیم پر ڈبنچر ز کی بازادائیگی۔

5۔ 31.1.2005 کو جنتا لمیٹڈ نے اپنے 88,00,000، 6% ڈبنچر ز 20 روپے فی 2% کے پریمیم پر ایکوٹی حصص میں تبدیل کیے۔ ڈبنچر ز بازادائیگی کے لیے مناسب روزنامچہ اندراجات درج کیجیے۔

6۔ 31 مارچ 2005 انیر دھ لمیٹڈ کے پاس 100 روپے کی قدر والے 4,000، 8% ڈبنچر ز واپسی کے لیے واجب الادا ہیں۔ اس مورخہ میں کمپنی کے پاس 1,50,000 روپے کا ڈبنچر بازادائیگی ذخیرہ ہے۔ یہ مانتے ہوئے کہ کوئی سود واجب الادا نہیں بازادائیگی کے وقت روزنامچہ میں اندراجات کیجیے۔

## مثال 34

یکم جنوری 2000 کو ایک کمپنی کے کھاتوں میں مندرجہ ذیل بقایاجات (میزان) ظاہر ہوتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| 12% ڈبنچر ز | 4,00,000 روپے |
| 12% ڈبنچر سنکنگ فنڈ | 3,00,000 روپے |
| 12% ڈبنچر ز سنکنگ فنڈ اصل کاری | 3,00,000 روپے |

(حکومت ہند کے 10% 4,00,000 روپے کے محفوظ بانڈز کے ذریعے نمائندگی)

ہر سال 31 دسمبر کو سنکنگ فنڈ میں اعانت 60,000 روپے تھی۔ 31 دسمبر 2000 کو بینک میں بقایا ڈبنچر سنکنگ فنڈ اصل کاری پر سود کے بعد 3,00,000 تھی۔ کمپنی نے اصل کاری 18% کے نقصان پر فروخت کر کے ڈبنچر ز کی ادائیگی کر دی۔ آپ 2000 کے لیے مندرجہ ذیل کھاتے تیار کیجیے۔

(i) ڈبنچر کھاتہ

(ii) ڈبنچر سنکنگ فنڈ کھاتہ

(iii) ڈبنچر سنکنگ فنڈ اصل کاری کھاتہ

(iv) بینک کھاتہ

## حل

### 12% ڈبنچر کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31 دسمبر 2000 | بینک | | 4,00,000 | یکم جنوری 2000 | برسابق باقی b/d | | 4,00,000 |
| | | | **4,00,000** | | | | **4,00,000** |

### 12% ڈبنچر سنکنگ فنڈ کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31 دسمبر 2000 | جنرل ریزرو (عام ذخیرہ) | | 4,28,000 | یکم جنوری 2000 | برسابق باقی b/d | | 3,00,000 |
| | | | | | نفع نقصان تصرف | | 60,000 |
| | | | | | سنکنگ فنڈ اصل کاری کھاتہ سود | | 40,000 |
| | | | | | ڈبنچر فنڈ اصل کاری | | 28,000 |
| | | | **4,28,000** | | | | **4,28,000** |

## 12% سنکنگ فنڈ اصل کاری کھاتہ

ڈیبٹ | کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یکم جنوری 2000 | برسابق باقی b/d | | 3,00,000 | 31 دسمبر 2000 | بینک | | 3,28,000 |
| 31 دسمبر | ڈبنچر سنکنگ فنڈ کھاتہ میں نفع کی منتقلی | | 28,000 | | | | |
| | | | **3,28,000** | | | | **3,28,000** |

## بینک کھاتہ

ڈیبٹ | کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یکم جنوری 2000 | برسابق باقی b/d | | 3,00,000 | 31 دسمبر | 12% ڈبنچرز | | 4,00,000 |
| 31 دسمبر | (3,00,000 روپے کے بیلنس میں 40,000 روپے 4,00,000 روپے پر 10% سود [4,00,000 کا 10% حکومت کے محفوظ بانڈ] بھی شامل ہیں | | | | میزان c/d | | 2,28,000 |
| | 12% سنکنگ فنڈ اصل کاری | | 3,28,000 | | | | |
| | | | **6,28,000** | | | | **6,28,000** |

**مثال35**

ایک کمپنی کے کھاتوں میں مندرجہ ذیل میزان پایا جاتا ہے۔

12% ڈبنچرز 10,00,000 روپے

ڈبنچرز واپسی فنڈ 10,00,360 روپے

ڈبنچر واپسی فنڈ اصل کاری نمائندگی بذریعے—:

4,00,000 روپے 9% قرض 3,80,000 روپے

7,00,000 روپے 8% سرکاری دستاویزات 6,20,360 روپے

مندرجہ بالا مورخہ کو اصل کاریاں مندرجہ ذیل طور پر فروخت کردی گئیں: 9% قرض مساوی قدر پر اور 8% سرکاری دستاویزات ۔ 90% رسمی قدر پر اور ڈبنچرز کی بازادائیگی بھی کردی گئی۔ضروری بہی کھاتوں میں اندراجات درج کیجیے۔

**حل**

## 12% ڈبنچر کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31 مارچ 2003 | بینک | | 10,00,000 | 31 مارچ 2003 | برسابق باقی | | 10,00,000 |
| | | | **10,00,000** | | | | **10,00,000** |

## ڈبنچر واپسی فنڈ کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31.3.2003 | جنرل ریزرو | | 10,30,000 | 31.3.2003 | برسابق باقی | | 10,00,360 |
| | | | | | ڈبنچر واپسی فنڈ اصل کاری | | 29,640 |
| | | | **10,30,000** | | | | **10,30,000** |

## ڈبنچر واپسی فنڈ اصل کاری کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپیے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپیے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31مارچ2003 | برسابق باقی b/d | | 3,80,000 | 31مارچ2003 | بینک (9% قرض) | | 4,00,000 |
| | 8% سرکاری دستاویزات | | 6,20,360 | 31مارچ2003 | بینک (8% سرکاری دستاویزات) | | 6,30,000 |
| | ڈبنچر واپسی فنڈ | | 29,640 | | | | |
| | | | **10,30,000** | | | | **10,30,000** |

## بینک کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپیے میں) | مورخہ | تفصیلات | J.F. | رقم (روپیے میں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ڈبنچر واپسی فنڈ اصل کاری سے: | | | 31مارچ 2003 | بذریعہ 12% ڈبنچرز | | 10,00,000 |
| | 9% قرض | | 4,00,000 | | بذریعہ میزان c/d | | 30,000 |
| | 8% سرکاری دستاویزات | | 6,30,000 | | | | |
| | | | **10,30,000** | | | | **10,30,000** |

بینک میزان نہیں دیا گیا۔

## باب میں متعارف کرائی گئیں اصطلاحات

1 ڈبنچر/تمسک/قرض نامہ — Debenture

2 بانڈ — bond

3 رہنی تمسک/ڈبنچر — Mortgaged Debenture

| | | |
|---|---|---|
| 4 | دوامی تمسک/ڈبنچر | Perpetual Debenture |
| 5 | صفر شرح کوپن تمسک/ڈبنچر | Zero Coupon Rate Debenture |
| 6 | مخصوص شرح کوپن تمسک/ڈبنچر | Specifice Coupon Rate Debenture |
| 7 | رجسٹرڈ ڈبنچر/تمسک | Registered Debenture |
| 8 | حامل ڈبنچر/تمسک | Bearer Debenture |
| 9 | بار/خرچ | Charge |
| 10 | مقررہ بار/خرچ | Fixed charge |
| 11 | متحرک خرچ/متحرک بار | Floating charge |
| 12 | پہلا بار/خرچ | First charge |
| 13 | پختگی مورخہ | Maturity Date |
| 14 | اصل | Principal |
| 15 | ڈبنچر اجرا پر بٹہ/نقصان | Discount/ Loss on Issue of Debenture |
| 16 | خرید بدل | Purchase Consideration |
| 17 | ڈبنچر واپسی/بازادائیگی | Redemption of Debenture |
| 18 | قرعہ اندازی | Draw by lots |
| 19 | ذاتی تمسک ڈبنچر | Own Debenture |
| 20 | اصل/سرمایہ میں سے بازادائیگی | Redemption out of capital |
| 21 | نفع میں سے بازادائیگی | Redemption out of Profits |
| 22 | قابل بدل تمسک/ڈبنچر کی بازادائیگی | Redemption of cenvertible Debenture |
| 23 | بازادائیگی ذخیرہ/فنڈ/سنکنگ فنڈ | Debentures Sinking Fund |
| 24 | ضمانتی تمسک/ضامن درضامن | Collateral Security |
| 25 | بار دوم | Second Charge |
| 26 | کھلے بازار سے ڈبنچر کی خرید | Purchage of Debenture from open Market |

## خلاصہ

**ڈبنچر:** یہ قرض کا اقرار ہے۔ یہ قرض سرمایہ جو کمپنی عوام سے اکٹھا کرتی ہے۔ ایک شخص/ حامل جو اس طرح کا تحریری اقرار رکھتا ہے اسے حامل ڈبنچر کہا جاتا ہے

**بانڈ:** بانڈ بھی شرائط اور متن کے اعتبار سے ڈبنچر جیسا ہی ہوتا ہے۔ قرض صرف اس کے اجرا کی شرائط میں ہوتا ہے یعنی بانڈ پہلے سے متعین کردہ شرح سود کے بغیر جاری کیے جاسکتے ہیں جیسا کہ عمیق کٹوتی بانڈ کے معاملے میں ہے۔

**ڈبنچر کی قسمیں:** ڈبنچر ز/قرض نامے (تمسکات) کئی طرح کے ہوتے ہیں جیسے محفوظ، غیر محفوظ ڈبنچر ز، قابل واپسی اور دوامی ڈبنچر ز، قابل بدل اور نا قابل بدل ڈبنچر ز، صفر کوپن شرح اور مخصوص شرح۔ رجسٹرڈ اور بیئرر ڈبنچر ز وغیرہ

**ڈبنچر اجرا:** وہ ڈبنچر ز مساوی قدر پر جاری کیے گئے کہلاتے ہیں جن کی رقم رسمی یا ظاہری قدر کے مساوی وصول کی جاتی ہے۔ اگر اجرائی قیمت رسمی یا ظاہری قیمت سے زیادہ ہوتی ہے تو یہ پریمیم پر جاری کردہ کہلاتے ہیں۔ اگر اجرائی قیمت رسمی یا ظاہر قدر سے کم ہو تو یہ بٹہ پر جاری کردہ ڈبنچر ز کہلاتے ہیں۔ پریمیم کے طور پر وصول کی گئی رقم کو سیکورٹیز پریمیم کھاتہ میں جمع کیا جاتا ہے جب کہ منظور کیے گئے بٹہ کی رقم ''اجرا پر نقصان/ بٹہ'' میں ڈیبٹ کی جاتی ہے اور برسوں میں قلم زد (منسوخ) کی جاتی ہے۔

**نقد کے بدلے ڈبنچر اجرا:** کبھی کبھی ڈبنچر فروخت کار یا پیٹنٹ سپلائر ز، حق طبع یا اشاعت اور ترجیحی بنیاد پر حقوق تعلقی جائیداد بغیر نقد رقم وصول کیے ڈبنچر ز جاری کیے جاسکتے ہیں۔

**خرید بدل:** وہ رقم ہوتی ہے جو خریدنے والی کمپنی کے ذریعے اثاثے کاروباری فرم، کوئی دوسری انٹر پرائز/ فروخت کار کو خرید بدل پر ادا کرتی ہے۔

**ضمانتی سیکورٹی (ضامن در ضامن):** کوئی بھی ضمانت جو ابتدائی ضمانت کے علاوہ ہو ضمانتی سیکورٹی (ضامن در ضامن) کہلاتی ہے۔

**ڈبنچر ز کی واپسی (بازادائیگی):** ڈبنچر بازادائیگی کا مطلب ہے ڈبنچر/ بانڈ کی حامل ڈبنچر کو ڈبنچر ز کی بابت ادائیگی کر کے ذمہ داری سے موقوفی عام طور پر بازادائیگی اس مدت کے ختم ہو جانے پر کی جاتی ہے کہ جس کے لیے بٹہ جاری کیے گئے تھے جو اجرا کے قوانین و شرائط پر مبنی ہوتا ہے۔

# مشقی سوالات

## مختصر جوابی سوالات

1۔ ڈبنچر (قرض نامہ) سے کیا مراد ہے؟

2۔ بیئرر ڈبنچر کا کیا مطلب ہوتا ہے؟

3۔ ''ضمانتی سیکورٹی کے طور پر جاری کردہ ڈبنچرز'' کا مطلب بیان کیجیے۔

4۔ ''نقد کے علاوہ بدل پر ڈبنچر اجرا'' سے کیا مراد ہے؟

5۔ ڈبنچر کا بٹہ اجرا اور پریمیم پر واپسی (بازادائیگی) کا مطلب بیان کیجیے۔

6۔ 'سرمایہ ذخیرہ' کیا ہے؟

7۔ ناقابل واپسی ڈبنچر سے کیا مراد ہے؟

8۔ قابل بدل ڈبنچر کسے کہتے ہیں؟

9۔ 'رہنی ڈبنچرز' کا کیا مطلب ہے؟

10۔ ڈبنچر اجرا پر بٹہ کیا ہوتا ہے؟

11۔ ڈبنچر واپسی پر پریمیم کسے کہتے ہیں۔

12۔ ڈبنچرز حصص سے کس طرح مختلف ہوتے ہیں؟ دو نکات بتائیے۔

13۔ اس عنوان کا نام بتائیے جس کے تحت کمپنی کے تختہ توازن میں ڈبنچرز کے اجرا پر بٹہ 'کٹوتی' ظاہر کیا جاتا ہے۔

14۔ ڈبنچر واپسی/ بازادائیگی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

15۔ کیا کمپنی اپنے خود کے (ذاتی) ڈبنچرز خرید سکتی ہے؟

16۔ ڈبنچرز کی بازادائیگی بذریعہ بدل سے کیا مراد ہے؟

17۔ آپ 'ڈبنچر بازادائیگی پر پریمیم' سے کیسے نمٹیں گے۔

18۔ سرمایہ/ اصل میں سے بازادائیگی کا کیا مطلب ہے؟

19۔ ڈبنچرز کی 'کھلے بازار سے خرید' سے کیا مراد ہے؟

20۔ تختہ توازن میں 'ڈبنچر بازادائیگی ذخیرہ' کس عنوان کے تحت ظاہر کیا جاتا ہے؟

### طویل جوابی سوالات

1۔ ڈبنچر سے کیا مراد ہے؟ مختلف قسم کے ڈبنچر ز کی وضاحت کیجیے۔

2۔ ڈبنچر اور حصہ (شیئر) کے درمیان فرق بتائیے۔ ڈبنچر سرمایہ قرض کے نام سے کیوں جانا جاتا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

3۔ 'ضمانتی سیکورٹیز (ضامن درضامن) پر جاری کیے' ڈبنچر ز سے کیا مراد ہے۔ کھاتوں میں ڈبنچر اجرا کا حسابی عمل کس طرح دیا جائے گا۔

4۔ 'ڈبنچر کے اجرا پر بٹہ' کھاتوں کی کتابوں میں دکھایا جائے گا۔ 'ڈبنچر کے اجرا پر بٹہ' سے آپ کس طرح نمٹیں گے کہ جب ڈبنچر ز کی بازادائیگی قسطوں میں کی جاتی ہو۔

5۔ ڈبنچر اجرا سے متعلق مختلف اصطلاحات ان کی بازادائیگی (واپسی) کے حوالے سے بیان کیجیے۔

6۔ سرمایہ/اصل میں سے ڈبنچر ز کی بازادائیگی اور نفع میں سے ڈبنچر ز کی واپسی کے درمیان فرق واضح کیجیے۔

8۔ ڈبنچر ز بازادائیگی کے لیے سنکنگ فنڈ قائم کرنے کے لیے اقدامات کی وضاحت کیجیے۔

7۔ ڈبنچر ز بازادائیگی ذخیرہ کے قیام میں سیبی (SEBI) کے ذریعے دی گئی ہدایات کی وضاحت کیجیے۔

9۔ کیا کوئی کمپنی اپنے خود (ذاتی) کے ڈبنچر ز کھلے بازار سے خرید سکتی ہے؟ وضاحت کیجیے۔

10۔ ڈبنچر کے تبدل سے کیا مراد ہے؟ اس طرح کے بدل کا طریقہ کار بیان کیجیے۔

### عددی (Numerical) سوالات

1۔ جی لمیٹڈ نے 50 روپے فی مساوی قدر پر 75,00,000، 6% ڈبنچر ز جاری کیے جو 15 روپے فی درخواست پر اور 35 روپے فی الاٹمنٹ پر قابل ادائیگی تھے اور اجرا کی مورخہ سے 7 سال بعد مساوی قدر پر قابل واپسی تھے۔ کمپنی کی کتابوں میں مناسب روزنامچہ اندراجات کیجیے۔

2۔ وائی لمیٹڈ نے 100 روپے کی قدر والے 2000، 6% ڈبنچر ز جاری کیے جو درج ذیل طور پر قابل ادائیگی تھے۔ 25 روپے درخواست پر، 50 روپے الاٹمنٹ پر اور 25 روپے فرسٹ اور سیکنڈ کال (اقساط طالبی اول، دوم) پر۔

3۔ اے لمیٹڈ نے 100 روپے فی 1,000، 10% ڈبنچر 5% کے پریمیم پر جاری کیے جو درج ذیل طور پر قابل ادائیگی تھے۔ درخواست پر 10 روپے:-

الاٹمنٹ پر 20 روپے پریمیم کے ساتھ اور باقی فرسٹ اور سیکنڈ کال پر۔ ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔

4۔ 8%بٹہ پر 50 روپے فی 90,00,000، 9% ڈبنچرز اے لمیٹڈ نے جاری کیے جو 9 سال کے بعد کسی بھی وقت مساوی قدر پر قابل واپسی تھے۔ اے لمیٹڈ کی کتابوں میں ضروری روز نامچہ اندراجات کیجیے۔

5۔ اے لمیٹڈ نے مندرجہ ذیل شرائط پر 100 روپے فی 4,000، 9% ڈبنچرز جاری کیے۔

20 روپے درخواست پر

20 روپے الاٹمنٹ پر

30 روپے قسط طالبی اول (فرسٹ کال)

30 روپے قسط طالبی آخر (فائنل کال)

عوام نے 4,800 ڈبنچرز کے لیے درخواستیں دیں۔ 800 ڈبنچرز کے لیے درخواستوں پر 400 ڈبنچرز الاٹ کیے گئے اور 400 ڈبنچرز کی عرضیاں مسترد کردی گئیں۔

6۔ 30 جون 2002 کو ٹی لمیٹڈ نے 500 روپے فی ڈبنچر کی قدر والے 2,00,000 8% ڈبنچرز 10% پریمیم پر پیش کیے جو درخواست کے طور پر 200 روپے (پریمیم شامل) اور باقی الاٹمنٹ پر قابل ادائیگی تھے۔ 8 سال بعد یہ مساوی قدر پر قابل واپسی تھے، لیکن درخواستیں 3,00,000 ڈبنچرز کے لیے موصول ہوئیں اور الاٹمنٹ تناسبی بنیاد پر کیا گیا۔ درخواست اور الاٹمنٹ پر واجب الادا رقم موصول ہوئی۔ ڈبنچر اجرا سے متعلق ضروری اندراجات روز نامچہ میں کیجیے۔

7۔ X لمیٹڈ نے 100 روپے کی قدر والے 10,000، 140% ڈبنچرز جاری کیے جو 20 روپے درخواست پر، 60 روپے الاٹمنٹ پر اور باقی طالبی قسطوں پر قابل ادائیگی تھے۔ کمپنی کو 13,500 ڈبنچرز کے لیے درخواستیں موصول ہوتی ہیں جن میں سے 8,000 ڈبنچرز پورے طور پر الاٹ کردے گئے۔ 5,000 صرف 40% اور باقی مسترد کردے گئے اور جزوی طور پر الاٹ کی گئی درخواستوں کی زائد رقم الاٹمنٹ میں استعمال کر لی گئی۔ تمام واجب الادا رقومات ٹھیک طور پر موصول ہوئیں۔

8۔ آر لمیٹڈ نے 200 روپے فی 20,00,000، 10% ڈبنچرز 7% کے بٹہ پر پیش کیے جو 9 سال بعد 8% پریمیم پر قابل ادائیگی تھے۔ آر لمیٹڈ کی کتابوں میں ضروری اندراج کیجیے۔

9۔ ایم لمیٹڈ نے s لمیٹڈ کے 9,00,00,000 روپے کے اثاثے اور 70,00,000 روپے کے واجبات لے کر 100 روپے کی قدر والے 8% ڈبنچرز جاری کیے۔ ایم لمیٹڈ کی کتابوں میں ضروری اندراجات کیجیے۔

10۔ B لمیٹڈ نے 4,00,000 روپے کے اثاثہ جات اندراجی مالیت پر خریدے اور موہن برادرس کے 50,000 روپے کے واجبات اپنے اوپر لیے، 3,80,000 روپے پر خرید بدل کے لیے رضامندی ہوئی جو 100 روپے فی ڈبنچر جاری کر کے ادا ہونے تھے۔

مندرجہ ذیل تین معاملات میں کون سے روزنامچہ اندرجات ہوں گے اگر ڈبنچرز (a) مساوی قدر پر (b) بٹہ پر (c) 10% پریمیم پر جاری کیے گئے ہوں۔

11۔ X لمیٹڈ نے y سے 4,40,000 روپے کے متعلق خرید بدل پر مشینری خریدی جس کے عوض میں 100 روپے فی ڈبنچر پریمیم پر 12% ڈبنچرز جاری کیے گئے۔ لین دین کا روزنامچہ اندراجات کیجیے۔

12۔ X لمیٹڈ نے 100 روپے فی قدر والے 15,000، 10% ڈبنچرز جاری کیے۔ مندرجہ ذیل معاملات میں روزنامچہ اندرجات اور تختہ توازن بنائیے۔

(i) ڈبنچرز 10% پریمیم پر جاری کیے گئے

(ii) ڈبنچرز 5% کے بٹہ پر جاری کیے گئے۔

(iii) ڈبنچرز 12,00,000 روپے کے بینک قرض کے برخلاف ضمانتی سیکورٹی کے طور پر جاری کیے گئے۔

(iv) 13,50,000 روپے کی قیمت کی مشینری کے سپلائر کو جاری کیے گئے۔

13۔ مندرجہ ذیل کو روزنامچہ میں درج کیجیے۔

(i) ایک ڈبنچر 95 روپے پر جاری کردہ اور 100 روپے قابل ادائیگی۔

(ii) ایک ڈبنچر 95 روپے پر جاری اور 105 روپے پر قابل ادائیگی۔

(iii) ایک ڈبنچر 100 روپے پر جاری اور 105 روپے پر قابل ادائیگی۔

اوپر درج ہر ایک معاملہ میں ڈبنچر کی تحریری قیمت 100 ہے

14۔ اے لمیٹڈ نے یکم اپریل کو 100 روپے والے 50,00,000، 8% ڈبنچرز 6% بٹہ پر جاری کیے۔ 2000 قرعہ اندازی کے ذریعے 4% پریمیم پر درج ذیل طور پر قابل ادائیگی تھے۔

مارچ 2002 کو 20,00,000 ڈبنچرز

مارچ 2004 کو 10,00,000 ڈبنچرز

مارچ 2005 کو 20,00,000 ڈبنچر ز

ڈبنچر ز کی ادائیگی تک ہر سال منسوخ (قلم زد) کی جانے والی بٹہ کی رقم کا حساب لگائیے۔

15۔ ایک کمپنی نے مندرجہ ذیل ڈبنچر ز جاری کیے۔

(i) 100 روپے فی مساوی قدر پر 10,000، 12% ڈبنچر ز لیکن 5 بعد 5% پریمیم پر قابل واپسی

(ii) 100 روپے فی 10,000، 12% ڈبنچر ز 10% کے بٹہ پر لیکن 5 سال مساوی قدر پر قابل بازادائیگی۔

(iii) 1000 روپے فی کس کی قدر والے 5000، 12% ڈبنچر ز 5% کے پریمیم پر لیکن 5 سال بعد مساوی قیمت پر قابل واپسی

(iv) 95,000 روپے کی مشینری کے سپلائر کو 100 روپے کی قدر والے 1000 ڈبنچر ز جاری %ڈبنچر ز جاری کیے گئے۔ڈبنچر ز 5 سال بعد قابل ادا ہیں۔اور

(v) بینک کو ضمانتی سیکورٹی کے طور پر 100 روپے فی کی قدر والے 300، 12% ڈبنچر جس نے کہ کمپنی کو 5 سال کی مدت کے لیے 25,000 روپے کا قرض دیا ہے۔روزنامچہ میں ڈبنچر اجرا اور ڈبنچر ز ادائیگی کی دی گئی مدت کے لیے اندراجات کیجیے۔

16۔ ایک کمپنی نے یکم جنوری 2001 کو 5,00,000 روپے کی تحریری قیمت کے 6% ڈبنچر ز جاری کیے۔ یہ ڈبنچر 1,00,000 روپے کے ہر سال 31 دسمبر کو سالانہ حصولیابی کے ذریعے قابل واپسی ہیں۔ڈائریکٹرز نے بٹہ کو ہر سال غیر ادا شدہ ڈبنچر ز کی بنیاد پر قلم زد کرنے کا فیصلہ کیا۔

ہر سال منسوخ کی جانے والی رقم کا حساب لگائیے اور روزنامچہ میں اندراجات بھی کیجیے۔

17۔ ایک کمپنی نے 1,20,000 روپے کی تحریری قیمت کے 10% ڈبنچر ز 6% کے بٹہ پر یکم جنوری 2001 کو جاری کیے۔ڈبنچر ز 40,000 روپے کی سالانہ حصولی کے ذریعے قابل ادائیگی ہیں جو تیسرے سال کے اختتام سے شروع ہوتے ہیں۔آپ ڈبنچر ز بٹہ (کٹوتی) سے کس طرح نمٹیں گے۔

18۔ B لمیٹڈ نے یکم اپریل 2001 کو 4,00,000 روپے کے لیے 94% پر ڈبنچر ز جاری کیے۔ 2000 ڈبنچر 80,000 روپے فی کس کی مساوی حصولی کے ذریعے قابل ادائیگی ہیں۔کمپنی اپنا فائنل کھاتہ ہر سال 31 دسمبر کو تیار کرتی ہے۔

ہر حسابی سال میں قلم زد کی جانے والی بٹہ کی رقم ظاہر کیجیے یہ سوچتے ہوئے کہ کمپنی بٹہ کی رقم منسوخی کمپنی کے عرصہ حیات میں کرتی ہے۔(منسوخ ہونے والی رقم: 2000 میں 6,000 روپے ۔2001 میں 6,800 روپے، 2002 میں 5,200 روپے، 2003 میں 3,600 روپے 2004 میں 2000 روپے اور 2005 میں 400

19۔ یکم جنوری 2005 کو پی لمیٹڈ نے 100 روپے فی کس کی قدر والے 1000، 12% ڈبنچرز 5% کے بٹہ پر جاری کیے جو 10% پریمیم پر قابل واپسی ہیں۔

ڈبنچر اجرا اور 31 دسمبر 2005 کو ختم ہونے والی مدت کے لیے ڈبنچر سود سے متعلق روزنامچہ اندرجات کیجیے یہ مانتے ہوئے کہ سود ششماہی (30 جون اور 31 دسمبر) ادا کیا جاتا ہے اور 10% ٹیکس ماخذ پر کاٹا جاتا ہے۔ بی لمیٹڈ سال شمسی کو اپنا حساب داری سال گردانتی ہے۔

20۔ مندرجہ ذیل معاملات میں کون سے روزنامچہ اندراجات کیے جائیں گے جب کمپنی مدت کے خاتمہ پر نوٹس جاری کرکے ڈبنچرز واپس کرتی ہے جب (a) ڈبنچرز برابر پر جاری کیے گئے اس شرح پر کہ یہ پریمیم پر واپس ہوں گے۔(b) جب ڈبنچرز پریمیم پر جاری ہوئے اس کے ساتھ کہ یہ برابری پر واپس ہوں گے (c) ڈبنچرز بٹہ پر جاری کیے گئے اس شرط کے ساتھ کہ ان کی بازادائیگی پریمیم پر ہوگی۔

21۔ یکم جنوری 1998 کو X لمیٹڈ 100 روپے کے 5,000، 8% ڈبنچرز جاری کرتی ہے جو تین سال بعد برابری پر قابل ادائیگی ہیں۔ یہ طے کیا گیا کہ ان ڈبنچرز کی بازادائیگی کے لیے ایک متزائد سنکنگ فنڈ قائم کیا جائے۔ اصل کاریوں سے 4% خالص حصولی متوقع ہے۔ سنکنگ فنڈ ٹیبل ظاہر کرتا ہے کہ 3 سال میں 4% خالص حصولی متوقع ہے۔ سنکنگ فنڈ ٹیبل ظاہر کرتا ہے کہ 3 سال میں 4% سالانہ کے حساب سے ایک روپیہ پر 0.320348 روپے ہے۔ 31 دسمبر 2000 بینک میں بقایا 2,42,360 روپے تھا اور اصل کاریوں سے حصولی 3,25,000 تھی۔ ڈبنچرز کا حساب بیباق کر دیا گیا۔ روزنامچہ اندراجات کیجیے اور بہی کھاتہ دکھائیے۔

(جواب: اصل کاریوں کی فروخت پر نقصان 2,246 روپے ہیں)

22۔ یکم جنوری 2003 میں ایک کمپنی نے 15 فی صد ڈبنچر خارج کیے جن کی تعداد دس لاکھ روپے تھی ان ڈبنچرز کو 3 سال بعد 31 دسمبر 2005 کو تبدیل کیا جا سکتا تھا۔ اسی لیے قرضہ چکانے والا فنڈ (Sinking fund) تیار کیا گیا تاکہ ڈبنچر واپس لینے کے لیے فنڈ اکٹھا ہو سکے۔ اس مقصد کے لیے 100 روپے کی مقدار میں 4 فی صد پر حکومت کی سیکورٹیز

میں نفع کے لیے خرچ کیا گیا۔ قرضہ چکانے والے فنڈ کا خاکہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ اگر سرمایہ کاری کے ذریعہ ہر سال 4 فی صد کی کمائی ہے، یعنی 3 سال کے آخر میں ایک روپیہ حاصل ہوتا ہے تو ایک شخص کو ہر سال 0.31411 روپیہ نفع کے لیے خرچ کرنا ہوگا اس سود کے ساتھ جو کہ وہ کمائے گا 31 دسمبر 2005 کو ساری حکومت کی سیکورٹیز 6,000 کے نقصان پر بیچی گئیں اور ڈبنچر کو بازیافت کیا گیا۔

23۔ یکم جنوری 2004 کو زیڈ لمیٹڈ کے کھاتوں میں مندرجہ ذیل بقایاجات سامنے آئے۔

| | روپے | |
|---|---|---|
| 6% ڈبنچر ز | 1,00,000 | |
| ڈبنچر واپسی ذخیرہ فنڈ | 80,000 | |
| ذخیرہ واپسی ریزرو (ذخیرہ) فنڈ اصل کاریاں | | 80,000 |

اصل کاریاں 90,000 روپے کی تحریری (ظاہر) قیمت والی 4% سرکاری تمسکات پر مشتمل تھیں۔

سالانہ قسط 16,400 روپے تھی۔ 31 دسمبر 2004 بینک میں بقایا 26,000 روپے تھا۔ (ڈبنر واپسی ذخیرہ فنڈ اصل کاری پر سود کی وصولیابی کے بعد) اصل کاریاں کی حصولی 92% تھی۔ ڈبنچر ز کی باز ادائیگی کر دی گئی اور سال رواں کے لیے سود پہلے ہی ادا کیا جا چکا تھا۔

باز ادائیگی کو متاثر کرنے والا بہی کھاتہ تیار کیجیے۔

[جواب: اصل کاریوں کی فروخت پر نفع 2,800 روپے ]

24۔ A لمیٹڈ کی کتابوں میں یکم جنوری 2004 کو مندرجہ ذیل بقایاجات سامنے آتے ہیں۔

| | روپے |
|---|---|
| 12% ڈبنچر ز | 4,00,000 |
| ڈبنچر باز ادائیگی فنڈ | 3,60,000 |
| ڈبنچر باز ادائیگی فنڈ اصل کاری | 3,60,000 |
| سیکورٹیز پریمیم | 30,000 |
| بینک میزان | 1,00,000 |

یکم جنوری 2004 کو کمپنی نے 105 فیصد پر تمام ڈبنچر ز 3,48,000 روپے کی تمام اصل کاریوں کی فروخت سے اکٹھا کیے گئے فنڈوں میں سے باز ادائیگی کر دی۔ لازمی بہی کھاتے تیار کیجیے۔

25۔ زیڈ لمیٹڈ کی کتابوں میں یکم جنوری 2004 کو مندرجہ ذیل میزان سامنے آیا۔

| | روپیے |
|---|---|
| 12% ڈبنچرز | 1,50,000 |
| ڈبنچرز بازادائیگی فنڈ | 1,25,000 |
| ڈبنچر واپسی فنڈ اصل کاری (1,47,500 روپیے کی 3% سرکاری تمسکات | 1,25,000 |

فنڈ میں سالانہ شامل کی گئی قسط 20,575 روپیے ہے۔ 31 دسمبر 2004 کو اصل کاریوں پر سود کی وصولیابی کے بعد بینک میزان 39,100 تھا۔ اس تاریخ میں تمام اصل کاریاں 83% پر فروخت کردی گئیں اور ڈبنچرز کی ٹھیک طور پر بازادائیگی کردی گئی۔

2004 کے لیے ضروری بہی کھاتہ ظاہر کیجیے۔

[**جواب:** فروخت پر نقصان 2,575 روپیے]۔

26۔ ڈبنچرز بازادائیگی کے لیے کون سے اندراجات کیے جائیں گے جب: (a) ڈبنچرز کے نفع میں سے سالانہ حصولیوں کے ذریعے بازادائیگی کی جاتی ہے (b) ڈبنچرز سرمایہ میں سے قرعہ اندازی کے ذریعے واپس کیے جاتے ہیں (c) ڈبنچرز کی بازادائیگی انھیں کھلی مارکیٹ سے خرید کر کی جاتی ہے جب ڈبنچر واپسی کے لیے سنکنگ فنڈ قائم نہیں کیا جاتا (i)۔ جب نفع میں سے (ii) جب سرمایہ میں سے؟

27۔ A لمیٹڈ کمپنی نے 5,00,000 ڈبنچرز 5% کے بٹہ پر جاری کیے جو 1,00,000 روپیے کی سالانہ حصولیابی کے ذریعے برابر پر قابل ادائیگی تھا۔ کمپنی کے کھاتوں میں پہلے سال کے لیے ضروری بہی کھاتے بنائیے۔

28۔ X لمیٹڈ نے یکم جنوری 2004 کو 100 روپیے فی قدر والے 5,000 15% ڈبنچرز 10% بٹہ پر جاری کیے جو 4 سال کی مدت میں اصل میں سے مساوی سالانہ حصولیابی پر قابل واپسی تھی۔

وقت اجرا اور واپسی دونوں کے لیے روزنامچہ میں اندراجات کیجیے (ڈبنچرز اجرا اور سود پر نقصان کے عمل کو نظرانداز کیجیے)

29۔ زیڈ لمیٹڈ نے یکم جنوری 2005 کو 100 روپیے فی 2,000 14% ڈبنچر 10% بٹہ پر جاری کیے جو 10% کے پریمیم پر منافع میں سے 4 سال کی مساوی سالانہ حصولیابی پر قابل واپسی ہے۔

وقت اجرا و بازادائیگی دونوں ہی کے لیے روزنامچہ میں اندراج کیجیے۔

(ڈبنچر اجرا اور سود پر نقصان کے عمل کو انداز کیجیے۔)

30۔ A لمیٹڈ نے ذاتی 2,00,000 روپے کی تحریری قیمت کے ڈبنچرز کھلی مارکیٹ سے فوری طور پر مسترد کرنے کے لیے 92 روپے فی ڈبنچر کے حساب سے خریدے۔ روزنامچہ میں اندراج کیجیے۔

31۔ A لمیٹڈ نے مسترد کرنے کی غرض سے اپنے 50,000 روپے کے 15% ڈبنچرز 98 روپے پر خریدے۔ خریداری کے اخراجات 50 روپے تھے۔

یکم جنوری 2002 کو X لمیٹڈ نے 100 روپے کی قدر والے 40,000، 9% ڈبنچر 95 روپے میں جاری کیے۔ اجرا کی شرائط سے پتہ چلتا ہے کہ 1999 کے آغاز میں 2,00,000 روپے کے ڈبنچرز کی واپسی کی جانی چاہیے۔ یہ واپسی یا تو مساوی حصولی یا ہر سال کھلے باز میں خرید کے ذریعے اجرا کے اخراجات 12,000 روپے جو 2002 میں منسوخ کر دیے گئے۔ کمپنی ہر سال ڈبنچر کھاتہ پر بٹہ سے 40,000 روپے منسوخ کرتی ہے۔ 2004 کے آخر میں واپس ہونے والے ڈبنچرز کی وصولیوں کے ذریعے مکرر ادائیگی کر دی گئی۔ 2005 کے دوران کمپنی نے مسترد کرنے کی غرض سے 2000 ڈبنچرز بازار کی قیمت 98 روپے پر خریدے۔ اس کے اخراجات 400 روپے ہوئے۔ ڈبنچرز پر سود ہر سال کے آخر میں قابل ادا ہوتا ہے۔ کمپنی کے اس لین دین کا روزنامچہ میں اندراج کیجیے۔

32۔ اے لمیٹڈ نے 100 روپے کی قدر والے 8000، 12% ڈبنچرز کی بازادائیگی کی جو 5% کے بٹہ پر جاری کیے گئے تھے۔ ان ڈبنچرز کو 10 روپے فی ڈبنچر کی مساوی قدر پر ایکویٹی حصص میں تبدیل کر دیا گیا۔

33۔ Y لمیٹڈ نے 100 روپے کے 4,800، 12% ڈبنچرز کی بازادائیگی کی جو 110 فیصد پر جاری کیے گئے تھے اور انھیں 10 روپے والے ایکویٹی حصص میں 4% بٹہ پر جاری کر کے تبدیل کر دیا گیا۔ روزنامچہ میں اندراجات درج کیجیے۔

34۔ زیڈ لمیٹڈ نے 100 روپے کی قدر والے 2,000، 12% ڈبنچرز کی واپسی کی جو 5% بٹہ پر جاری کیے گئے تھے۔ ان ڈبنچرز کو 10 روپے والے ایکویٹی حصص میں 25% پریمیم میں تبدیل کر کے جاری کیا گیا۔ مندرجہ بالا لین دین کا روزنامچہ میں اندراج کیجیے۔

35۔ X لمیٹڈ نے 50 روپے والے 1000 12% ڈبنچرز کو 100 روپے کی قدر والے 15% نئے ڈبنچرز میں تبدیل کر کے بازادائیگی کی روزنامچہ میں اندراج کریں۔

## جوابات: اپنی معلومات کی جانچ کیجیے

### اپنی معلومات کی جانچ کیجیے—I

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 درست | 2غلط | 3درست | 4غلط | 5درست | 6درست |
| 7غلط | 8غلط | 9درست | 10 غلط | 11 غلط | 12غلط |

### اپنی معلومات کی جانچ کیجیے—II

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 (c) | 2 (b) | 3 (a) | 4 (a) | 5 (b) | 6 (c) | 7 (b) | 8 (b) |
| 9 (a) | 10 (c) | 11 (c) | 12 (b) | 13 (a) | 14 (c) | 15 (c) | |

### اپنی معلومات کی جانچ کیجیے-III

(I) (1) فروشندہ کھاتہ (2) نفع نقصان تصرف کھاتہ (3) ڈبنچر واپسی ریزرو کھاتہ (4) ذاتی ڈبنچر کھاتہ (5) نفع نقصان کھاتہ

(II) (1) ڈبنچر کھاتہ (2) سنکنگ فنڈ (بازادائیگی فنڈ کھاتہ) (3) عام ذخیرہ کھاتہ (4) ڈبنچر بازادائیگی ذخیرہ کھاتہ (5) ڈبنچر اجرا پر نقصان کھاتہ